DOI: https://doi.org/10.52541/fn.v62i1.3358

کارپس قرآنیکم: تعارف و تجزیہ

محمد سمیع اللہ ❁

Corpus Coranicum: Introduction and Analysis

Muhammad Samiullah❁

ABSTRACT: Western studies of Qur'ān have recently advanced from individual research on Qur'ān by shifting it into an institutional framework. Several research projects have been started, mostly in Germany, that have multiple objectives concerning studying the history of the Qur'ānic text. *Coranica*, one of the two main projects, aims at tracking the historical development of the canonization of the Qur'ānic text through the study of material evidence like early Arabic correspondence, legal contracts and amulets on the one hand and analysing the linguistic and religious milieu of the Qur'ānic revelations and its impact on the Qur'ānic lexicon on the other. The objective of *Corpus Coranicum*, the other main project, is to compile the material evidence for the history of Qur'ānic text, like the oldest extant manuscripts, Texts from the environment of the Qur'ān and variant readings into a database that would serve as the Critical Edition of Qur'ān. Other minor projects like *Amari*, *Paleocoran* and *IranCoran* are meant to supplement the two main projects, particularly *Corpus Coranicum*, through easing access to the oldest Qur'ānic manuscripts and their paleographic study. Modern scientific tools like Radiocarbon dating are also employed by these projects to determine the age of old manuscripts. This article discusses the history, motives, methodology, and organizational framework of contemporary German projects on Qur'ānic text. This study will acquaint and provide an academic foundation to the scholars regarding Western academic contributions and critiques on textual studies of Qur'ān.
Keywords: History of Qur'ānic text, manuscripts, environmental texts, radiocarbon dating, palaeography, canonization.

Summery of the Article:

Historically, Western studies on the Qur'ān and orientalist interactions were predominantly conducted by individual researchers until the 20th century. During this era, the concept of institutional Qur'ānic research emerged, primarily driven by the Australian-born American orientalist Arthur Jeffery and the German orientalist Gotthelf Bergsträsser. These two scholars initiated a

❁ ایسوسی ایٹ پروفیسر، شعبہ اسلامی فکر و تہذیب، یونی ورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی، لاہور۔

❁ Associate Professor, Department of Islamic Thought and Civilization, University of Management and Technology, Lahore. (muhammad.samiullah@umt.edu.pk)

collaborative research project in Germany aimed at producing a critical edition of the Qur'ān. Regrettably, their ambitious endeavour was cut short by Bergsträsser's untimely death.

In the 21st century, research institutions in Germany and France have undertaken several projects to study the Qur'ān from various perspectives. Many of these initiatives are led by third-generation students of Bergsträsser, who carry forward his scholarly legacy. These projects are interconnected, with the most significant one being "*Corpus Coranicum,*" which synthesizes findings from the other projects.

Among the notable projects is "Amari," which has been completed, although detailed information about it is scarce. Another significant project is "Coranica," managed by the Berlin-Brandenburg Academy of Sciences (BBAW) in Germany and the French Academy of Inscriptions and Belles-Lettres. This project, too, has been completed. "Paleocoran," supported by DFG, BBAW, ANR, and the Collège de France, is another completed project. The "Iran Coran" project, funded by Germany's Federal Ministry of Education and Research and BBAW, has also been completed. The central and ongoing project, "Corpus Coranicum," managed by BBAW, leverages the discoveries and research outcomes from the other four projects.

There are often misunderstandings concerning the role of Angelika Neuwirth. Angelika and Nicolai Sinai founded the project in 2007. The sections on manuscripts and variant readings, and other parts except the commentary, were not carried out by Neuwirth and Sinai. These five databases were developed by Michael Josef Marx. The most important database for this article is *Manuscripta Coranica*, which is also edited by Michael Josef Marx, who has emphasized that digital reference works need to be quoted.

"*Corpus Coranicum*" stands out for its extensive goals and complex methodology, making it a landmark endeavour in Qur'ānic studies. This project aims to provide a critical edition of the Qur'ān and serves as a repository of information derived from other related projects. Given its scope and significance, a detailed analysis of the completed projects and an initial examination of "*Corpus Coranicum*" is essential.

The Berlin-Brandenburg Academy of Sciences and Humanities (BBAW) plays a pivotal role in these research initiatives. Established through a 1992 agreement between Berlin and Brandenburg, BBAW has a history spanning three centuries. Its mission includes addressing contemporary issues through long-term research projects and fostering collaboration among experts in various disciplines. BBAW manages numerous projects across different fields, supported by substantial funding from both federal and state governments, as well as private entities. The academy's distinguished members have included luminaries such as Albert Einstein and Max Planck, with 80 Nobel Prize winners among its affiliates. The institution aims to create a research environment where scientific and humanities disciplines complement each other, a model that has been adopted by other European countries. Another significant institution involved in Qur'ānic studies

is the Académie des Inscriptions et Belles-Lettres (AIBL), founded in 1663 in Paris. AIBL focuses on the humanities, particularly ancient history, archaeology, and linguistics. It plays a crucial role in advising governmental bodies on related matters and publishes over 20 academic journals annually. The academy comprises 55 French scholars and 40 foreign associate members, who collectively select 100 corresponding members. AIBL holds weekly meetings from late September to early July, which are open to both experts and the public. These meetings serve as a platform for presenting and discussing new research findings in history, archaeology, and linguistic studies.
This article provides a detailed introduction in Urdu to ensure that Muslim research scholars in Pakistan and India understand the significance of this project and contribute academically, whether through critique or analysis of the project's objectives and findings. At the end of this article, suggestions are offered for Muslim scholars to engage constructively with these research efforts. By presenting this comprehensive overview in Urdu, the article aims to bridge the gap between Western academic research and the scholarly community in South Asia, fostering a deeper understanding and potential collaboration in Qur'ānic studies.

۱–تعارف

قرآن کریم سے متعلق، مغربی مطالعات اور استشراقی تعامل کی تاریخ، گذشتہ صدی تک انفرادی سطح پر تحقیق و تصنیف تک محدود تھی لیکن پھر بیسویں صدی عیسوی میں استشراقی حلقوں میں قرآن کو ادارہ جاتی تحقیق کا موضوع بنانے کا خیال گردش کرنے لگا جس کے اولیں محرک آسٹریلوی نژاد امریکی مستشرق آرتھر جیفری (Arthur Jeffery) اور جرمن مستشرق برگستیسر (Gotthelf Bergsträsser) تھے۔ ان دونوں نے باہمی اشتراک سے "متنِ قرآن کی تاریخ" کا احاطہ کرنے کی غرض سے جرمنی کے تحقیقی اداروں میں ایسے جامع تحقیقی منصوبے کے آغاز پر صلاح مشورہ کیا جس کا حتمی ہدف قرآن کے ایک تنقیدی نسخے کی تیاری تھا۔ اس منصوبے کو مؤخر الذکر کی وفات کے سبب عملی جامہ نہ پہنایا جاسکا۔ بالآخر موجودہ صدی میں جرمنی اور فرانس کے تحقیقی اداروں کے اشتراک سے متنِ قرآن پر مختلف جہتوں سے تحقیق کے لیے منصوبہ جات کا ایک سلسلہ شروع ہوا جن میں سے زیادہ تر کی باگ ڈور برگستیسر کے تیسری نسل کے شاگردوں کے ہاتھ میں ہے۔ ان منصوبہ جات کی تعداد پانچ ہے جو باہم مربوط ہیں۔ مرکزی منصوبہ کا عنوان "کارپس قرانیکم" (Corpus Coranicum) ہے جو باقی چاروں منصوبوں کی دریافتوں کو معلومات کے طور پر استعمال کرتا ہے۔ معاصر نمایاں ترین منصوبہ جات حسبِ ذیل ہیں جو اس مقالے کا موضوع ہیں:

نمبر شمار	عنوان منصوبہ	کیفیت	سرپرست ادارے
۱	اَمری(Amari)	تکمیل شدہ	متعلقہ معلومات دست یاب نہیں۔
۲	قرآنیکا (Coranica)	تکمیل شدہ	برلن برانڈنبرگ اکیڈمی آف سائنسز یعنی BBAW (جرمنی) اکیڈمی آف انسکرپشنز اینڈ بیلز۔لیٹرز(فرانس)
۳	پیلیو قرآن (Paleocoran)	تکمیل شدہ	DFGاورBBAW(جرمنی) ANRاور College de France(فرانس)
۴	ایران قرآن (Iran Coran)	تکمیل شدہ	وفاقی وزارتِ تعلیم و تحقیق جرمنی اور BBAW
۵	کارپس قرآنیکم (Corpus Coranicum)	زیر تکمیل	برلن برانڈنبرگ اکیڈمی آف سائنسز(جرمنی)

چاروں تکمیل شدہ منصوبے دراصل آخر الذکر منصوبے یعنی "کارپس قرآنیکم" کے ذیلی منصوبے ہی ہیں؛ کیوں کہ ان تمام منصوبوں کے تحقیقی نتائج اور دریافتیں براہِ راست یا بالواسطہ "کارپس قرآنیکم" کے لیے معلوماتی ذخیرہ بن چکے ہیں۔ مزید برآں اہداف کی وسعت اور منہج کی پیچیدگی کے اعتبار سے بھی "کارپس" ایک بڑا منصوبہ ہے۔ ان تمام عوامل کا لحاظ کرتے ہوئے چاروں تکمیل شدہ منصوبوں کی تفصیل اور بعدازاں مرکزی منصوبے "کارپس قرآنیکم" کا ابتدائی تجزیہ پیش کیا جائے گا۔

۱.۲- تحقیقی منصوبہ جات کے سرپرست ادارے

مغرب میں ماضی قریب میں شروع ہوئے زیادہ تر تحقیقی منصوبہ جات کا تعلق جرمنی اور فرانس سے ہے۔ دونوں ممالک کے نمایاں تحقیقی ادارے ان منصوبہ جات کی سرپرستی کر رہے ہیں۔

۱.۲.۱- برلن برانڈنبرگ اکیڈمی آف سائنسز اینڈ ہیومینیٹیز

(Berlin Brandenburg Academy of Sciences and Humanities)

جرمن زبان میں اس ادارے کا نام ہے: Berlin Brandenbergische Academie der Wissenschaften یا مختصراً BBAW یہ ادارہ مختلف علوم کے ممتاز ماہرین کی شراکت کے نتیجے میں

وجود میں آیا اور یہ اپنے تشخص اور منسلک ماہرین کے غیر معمولی علم کے سبب در پیش معاصر مسائل کا حل تلاش کرنے کے لیے فیصلہ سازوں اور عامتہ الناس کی راہ نمائی کرتا ہے۔ مزید بر آں اس ادارے کا ایک مقصد طویل مدتی بنیادی تحقیقی منصوبہ جات کی معاونت اور رابطہ کاری کے ساتھ ساتھ مختلف شعبوں کے ماہرین کے درمیان مکالمے کو فروغ دینا بھی ہے۔[۱] مذکورہ ادارہ اپنے موجودہ نام سے ۱۹۹۲ء میں جرمنی کی دو ریاستوں برلن اور برانڈنبرگ کے درمیان ایک معاہدے کے نتیجے میں وجود میں آیا؛ اگرچہ اس ادارے کی تاریخ تین صدیوں پر محیط ہے۔ اس عرصے میں یہ ادارہ مختلف ناموں سے پہچانا جاتا رہا، لیکن مختلف شناختوں کے باوجود اس کے مقاصد میں یکسانی اور یکسوئی بر قرار رہی اور بنیادی مقصد ایسا تحقیقی ماحول پیدا کرنا رہا ہے جس میں سائنسی اور بشری علوم ایک دوسرے کے ممد و معاون ہوں اور اس ادارے کا یہ ایسا امتیازی پہلو تھا جسے بعد میں دیگر یورپی ممالک میں بھی اپنایا گیا۔[۲]

اس ادارے کا صدر دفتر جرمنی کے دارالحکومت برلن میں واقع ہے اور مزید دو ذیلی دفاتر برلن اور اس کے مضافات میں واقع ہیں۔ یہ ادارہ جرمنی کی آٹھ اکیڈیمیوں پر مشتمل ایک اتحاد کا حصہ بھی ہے جس کو درکار مالی وسائل جرمنی کی وفاقی حکومت اور تمام صوبائی حکومتیں مساوی طور پر مہیا کرتی ہیں۔ ۲۰۲۱ء میں اس اتحاد کے زیرِ سایہ ۷ر کروڑ ۸ر لاکھ یورو (تقریباً تیرہ ارب روپے) کی لاگت سے ۱۳۲ منصوبہ جات پر کام جاری ہے۔[۳] اس کے علاوہ برلن برانڈنبرگ اکیڈمی کے انفرادی مالی وسائل دونوں سرپرست صوبائی حکومتیں یعنی برلن اور برانڈنبرگ مساوی بنیادوں پر مہیا کرتی ہیں، نیز مختلف نجی ادارے بھی اس اکیڈمی کے زیر سایہ کام کرنے والے محققین کو مالی معاونت فراہم کرتے رہتے ہیں۔ اس ادارے کے ارکان کا انتخاب ان کے اپنے مخصوص شعبے میں غیر معمولی مہارت کی بنیاد پر ہوتا ہے۔ اس وقت اس ادارے کے اراکین کی تعداد ۳۰۰ کے قریب ہے۔ ماضی میں اس ادارے کے اراکین میں نمایاں ترین نام آئن سٹائن (Albert Einstein)، میکس پلنک (Max Planck)، لیزے میتنر (Lise Meitner) اور تھیوڈور مومسن (Theodor Mommsen) ہیں۔[۴] پہلے تینوں افراد طبیعات کے انتہائی ممتاز ماہرین جب کہ چوتھا علمِ تاریخ اور آثارِ قدیمہ کا ماہر تھا۔ اس ادارے میں

1– "The Academy", BBAW, accessed June 23, 2021, www.bbaw.de/en/the-academy

2– Ibid.

3– "Academies Programme" Union of the Academies, accessed June 23, 2021, https://www.akademienunion.de/en/research/the academies-programme

4– " The Academy", BBAW, accessed June 23, 2021, www.bbaw.de/die-akademie

کام کرنے والے کل وقتی اور جز وقتی ملازمین کی تعداد ۲۵۰ کے قریب ہے۔ [۵] اس ادارے کے ساتھ منسلک ماہرین اب تک مختلف شعبوں میں ۸۰ نوبل انعام حاصل کر چکے ہیں۔[۶] مختلف شعبوں میں تحقیق کرنے والے محققین کی حوصلہ افزائی کے لیے یہ ادارہ آٹھ انعامات سے نوازتا ہے جن میں سے کچھ سال بعد اور کچھ دو سال بعد دیے جاتے ہیں۔ انعامات کی کل مالیت ایک لاکھ چوبیس ہزار یورو (تقریباً دو کروڑ چالیس لاکھ روپے) ہے[۷] زیادہ تر انعامات نوجوان محققین کے لیے مخصوص ہیں۔

۱.۲.۲۔ تحقیقی منصوبہ جات

یہ ادرہ اب تک مختلف شعبوں میں بے شمار منصوبے مکمل کر چکا ہے۔ جاری منصوبوں کے ضمن میں بھی اس وقت ۲۳ طویل مدتی تحقیقی منصوبہ جات کے ساتھ اس ادارے کو ماسوا جامعات سب سے بڑے تحقیقی ادارے کا مرتبہ حاصل ہو چکا ہے۔ ان منصوبہ جات میں جرمن اور غیر ملکی زبانوں کی ضخیم لغات، عہدِ عتیق (۸۰۰ق م تا ۵۰۰ء)، ازمنۂ وسطیٰ (۵۰۱ء تا ۱۵۰۰ء) اور دورِ جدید کے متفرق متون اور مآخذ کے تاریخی و تنقیدی نسخہ جات کی تیاری، متنوع سائنسی شعبہ جات کی شاہ کار تصانیف کی تلخیص و تالیف اور دیگر دستاویزات کی تدوین شامل ہے۔ اس ادارے کے زیر انتظام حال ہی میں مکمل ہوئے اور ہنوز جاری منصوبوں میں سے نمائندہ منصوبے یہ ہیں: [۸]

- IRANCORAN
- CORANICA
- CORPUS CORANICUM
- PALEOCORAN
- Corpus Inscriptionum Latinarum

(رومی سلطنت کی لاطینی زبان میں لکھی ہوئی تمام قدیم کندہ کاریوں کو منظم طریقے سے یک جا کر کے شائع کرنا)۔

- Inscriptiones Graecae

5– History of the BBAW at the Union of German Academies of Sciences and Humanities Archived 2013-06-27 at the Wayback Machine (in English) at www.akademienunion.de , retrieved 06-21-2012.

6– "The Academy", BBAW, accessed June 23, 2021, www.bbaw.de/die-akademie

7– "The Academy: Awards", BBAW, accessed June 23, 2021, www.bbaw.de/die-akademie/auszeichnungen

8– "Research: Academy Projects" BBAW, accessed June 23, 2021, www.bbaw.de/forschung/akademienvorhaben

(یورپ کی یونانی زبان میں لکھی ہوئی تمام قدیم کندہ کاریوں کو یک جا کر کے مدون کرنا)۔

- The Dictionary of Ancient Egyption

(مصر کی ۳۰۰۰سالہ تاریخ پر محیط قدیم زبان کی لغات کی انٹرنیٹ پر دست یابی کو یقینی بنانا)۔

- TELOTA (The Electronic Life of the Academy)

(ادارے سے منسلک مختلف علوم وفنون کے ماہرین کے مابین تبادلۂ معلومات کے لیے کمپیوٹر اور انٹرنیٹ پر مبنی ذریعۂ ابلاغ کی تشکیل۔

- The Future of Medicine: Good Health for all

(صحتِ عامہ اور تحفظِ صحت کے حوالے سے شعبۂ طب کے آئندہ لائحۂ عمل کی نشان دہی، بالخصوص بیماریوں کے خلاف حفظِ ماتقدم پر توجہ دینا)۔

- Responsibility: Machine Learning & Artifial Intelligence

(کمپیوٹر اور مصنوعی ذہانت کے فروغ کے نتیجے میں پیدا ہونے والے اخلاقی اور قانونی ذمے داری کے مسائل کا حل تلاش کرنا)

۱.۳– مجلس برائے نقوش و حروف (Academie des Inscriptions et Belles-Letters) یا مختصراً AIBL

بشری علوم میں تحقیق کی غرض سے فرانس کے دارالحکومت پیرس میں ۱۶۶۳ء میں قائم کی گئی یہ مجلس مختلف بشری علوم کے ماہرین پر مشتمل ہے۔ تاریخ آثارِ قدیمہ اور لسانیات جیسے علوم میں تعلیم و تحقیق کو فروغ دینے میں یہ مجلس اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اس کے منشور کے مطابق مجلس کا بنیادی کام عہدِ عتیق، ازمنۂ وسطیٰ اور کلاسیکی دور کی یورپی اور غیر یورپی تہذیبوں کی یادگاروں، دستاویزات، زبانوں اور ثقافتوں کا مطالعہ کرنا ہے۔[9] مذکورہ شعبوں میں اس کی مہارت کی وجہ سے حکومتی عہدے دار بھی اس سے متعلقہ معاملات میں راہ نمائی لیتے ہیں۔ اس مجلس کے اراکین میں ۵۵ فرانسیسی ماہرینِ تعلیم اور چالیس غیر ملکی "شریک اراکین" شامل ہیں جو مل کر پچاس فرانسیسی اور پچاس غیر ملکی "مراسلت کار اراکین" کا انتخاب کرتے ہیں۔[10] مجلس کے زیر اہتمام ہر سال ۲۰ سے زیادہ سالانہ، شش ماہی اور سہ ماہی جرائد شائع کیے جاتے ہیں۔

9– Perrault, Charles (1989). Zarucchi, Jeanne Morgan (ed.). Charles Perrault: Memoirs of My Life. Columbia, Missouri: University of Missouri Press. pp. 42-43. ISBN 0826206670.

10– " Members", AIBL, accessed June 24, 2021, https://www.aibl.fr/members/

مجلس کے اراکین ستمبر کے اواخر سے جولائی کے اوائل تک ہر جمعے کے دن دو گھنٹے دورانیہ کے ایک اجلاس میں شرکت کرتے ہیں۔ اس اجلاس میں مجلس کے اراکین کے علاوہ دیگر ماہرین اور عام لوگ بھی شریک ہو سکتے ہیں۔ ان اجلاسوں میں مجلس کی مہارت کے تینوں شعبوں یعنی تاریخ، آثارِ قدیمہ اور لسانی تحقیق کے ماہرین اپنی تحقیقی اور علمی دریافتیں پیش کرتے ہیں۔

۱.۴ – نامانوس تصورات اور سائنسی ترکیبات کی وضاحت

سرپرست اداروں کے تعارف کے بعد ان تصورات اور سائنسی ترکیبات کی وضاحت کرنا بھی منصوبوں کی تفصیل سے پہلے ضروری معلوم ہوتا ہے جن کا ذکر منصوبہ جات کی دستاویزات میں بکثرت ملے گا اور جن سے عام قاری مانوس بھی نہیں ہے۔ اس وضاحت کا فائدہ یہ ہو گا کہ منصوبوں کی دستاویزات کا مطالعہ بلا دقت و تعطل جاری رہ سکے گا۔

۱.۴.۱ – ریڈیو کاربن ڈیٹنگ (Radiocarbon Dating) یا کاربن ڈیٹنگ (Carbon Dating)

یہ ایک جدید سائنسی طریقہ ہے جس کے ذریعے ماضی سے تعلق رکھنے والے نامیاتی اجسام کے عہد کا تعین کیا جاتا ہے۔ یہ طریقہ امریکی کیمیا دان ولرڈ لبی (Willard Libby) نے ۱۹۴۶ء میں دریافت کیا اور اس دریافت کی وجہ سے اسے ۱۹۶۰ء میں علم کیمیا کا نوبل انعام بھی دیا گیا۔[11] یہ طریقہ علمِ آثارِ قدیمہ میں بکثرت استعمال کیا جاتا ہے، بلکہ اسے اپنے اثرات اور افادیت کی بنا پر ایک انقلاب سے تشبیہ دی گئی تھی؛ کیوں کہ اس کے ذریعے کرۂ ارض پر رونما ہونے والے تغیرات مثلاً برفانی دور اور حجری دور وغیرہ کے تقویمی عرصے کا تقریباً حتمی تعین کرنا ممکن ہو گیا ہے۔ اس طریقۂ کار کو تین مختلف ناموں سے پکارا جاتا ہے، یعنی ریڈیو کاربن ڈیٹنگ، کاربن ڈیٹنگ یا کاربن-۱۴ ڈیٹنگ اور اس کی بنیاد اس فطری اصول پر ہے کہ ہر ذی روح میں ایک دھاتی عنصر "کاربن" پایا جاتا ہے۔ کاربن کے جوہرے یعنی ایٹم کے تین نظیرے یا ہم جا (Isotopes) ہوتے ہیں جن میں سے دو تو مستحکم ہوتے ہیں لیکن تیسرا یعنی ^{14}C غیر مستحکم ہوتا ہے؛ کیوں کہ اس کے جوہرے کے مرکز (Nucleus) میں توازن قائم رکھنے والے مقابل ذرات کی تعداد برابر نہیں ہوتی جس کی وجہ سے یہ مسلسل توانائی خارج کرتا رہتا ہے اور اس کی اسی صفت کی وجہ سے اسے Radiocarbon یعنی "تابکار کاربن" کہا جاتا ہے۔ کرۂ ہوائی یعنی ہماری

11– Willard F. Libby – Biographical". Nobel Foundation. https://www.nobelprize.org/prizes/chemistry/1960/libby/biographical/ Retrieved December 7, 2014.

فضا میں موجود نائٹروجن گیس کے کائناتی شعاعوں کے ساتھ تعامل کی وجہ سے ^{14}C یعنی ریڈیو کاربن کی پیدائش مسلسل ہوتی رہتی ہے جو فضا میں موجود آکسیجن گیس کے ساتھ مل کر تاب کار کاربن ڈائی آکسائیڈ بناتا ہے اور یہ کاربن ڈائی آکسائیڈ عملِ ضیائی تالیف (Photosynthesis) کے ذریعے پودوں کی خوراک بنتی ہے اور پھر پودوں کو جانور کھاتے ہیں تو یہ جانوروں کی غذا بن جاتی ہے۔ جب کوئی جانور مرتا ہے تو مزید خوراک نہ ملنے کے سبب اس کے جسم میں موجود ^{14}C کی مقدار کم ہونا شروع ہو جاتی ہے اور اس کمی کی شرح مستقل ہوتی ہے جسے ^{14}C کی نصف عمر کے حساب سے بیان کیا جاتا ہے جو کہ تقریباً ۵۷۳۰ سال کے برابر ہے، یعنی کسی بھی جسم میں موجود ^{14}C کی تعداد ۵۷۳۰ سال کے بعد نصف رہ جائے گی۔ دست یاب وسائل اور ٹیکنالوجی کے ذریعے فی الحال زیادہ سے زیادہ ۵۰۰۰۰ سال قدیم عہد کا تعین کیا جا سکتا ہے۔ اگرچہ یہ طریقہ اب وسیع پیمانے پر استعمال کیا جا رہا ہے تاہم مختلف عوامل کی وجہ سے کسی خاص نمونے کے عہد کا تعین کرنے میں ۸۰ سال تک کی کمی یا بیشی کا احتمال ہو سکتا ہے۔[۱۲]

۱.۴.۲–پیلیو گرافی (Paleography) یا علمِ تحاریرِ قدیمہ

پیلیو گرافی یونانی زبان کے دو الفاظ Palaios بمعنی قدیم اور Graphein بمعنی لکھنا کا مرکب ہے اور اس سے مراد وہ علم ہے جس کے ذریعے قدیم تحریروں کو پڑھا جاتا ہے اور تاریخی مخطوطات کی رمز کشائی کرنے کے ساتھ ساتھ ان کے عہد کا تعین کیا جاتا ہے، لیکن دستاویزات کے متن سے اس علم کو کوئی سروکار نہیں۔ اس علم کے ماہر کو پیلیو گرافر کہا جاتا ہے اور اس علم میں مہارت حاصل کرنے کے لیے قدیم زبانوں کے مختلف ادوار اور مختلف خطوں میں رائج رسم الخط اور اندازِ تحریر سے مکمل واقفیت کے ساتھ ساتھ لکھائی کے مختلف مواد کی خصوصیات سے آگاہی بھی ضروری ہے۔ اس فن کے ماہرین کا بنیادی کام کسی قدیم تحریر کو درست انداز میں پڑھنا اور پھر اس کے زمانی و مکانی ماخذ کا صحیح صحیح تعین کرنا ہے۔[۱۳]

۱.۴.۳– علمِ مصاحف (Codicology)

Codicology لاطینی زبان کے لفظ Codex بمعنی مصحف اور یونانی زبان کے لفظ logia یعنی علم کا مرکب ہے اور اس کا مطلب ہے چمڑے یا کاغذ پر لکھی ہوئی کتابوں کو طبعی اجسام کے طور پر پرکھنا یعنی ان میں

12– Taylor, R. E. *Radiocarbon Dating: An Archaeological Perspective* (New York: Academic Press Inc., 1987), 1-3.

13– "Paleography", Encyclopedia Britannica, accessed June 26, 2021, https://www.britannica.com/topic/paleography

استعمال شدہ مواد، روشنائی، طباعت اور جلد سازی کے لیے برتی گئی تکنیک کا جائزہ لینا۔[۱۴]

۲- تحقیقی منصوبہ جات کا تعارف

متنِ قرآنی کی تاریخ اور صحت کو پرکھنے کے متعلق جو مغربی تحقیقی منصوبہ جات ادارہ جاتی سطح پر حال ہی میں مکمل ہوئے ہیں ان کا تفصیلی تعارف مقالے کے اس حصے میں پیش کیا جا رہا ہے۔ ان منصوبوں کی تفصیل اور دریافتیں تاحال کتابی شکل میں دست یاب نہیں ہیں، لہٰذا مقالے کے اس حصے کا ماخذ عمومی طور پر متعلقہ منصوبے کی ویب سائٹ ہی ہے، البتہ Coranica نامی منصوبے کی دو مطبوعات ہالینڈ کے اشاعتی ادارے Brill نے شائع کی ہیں۔ ان کے حوالہ جات ضروری مواقع پر درج کیے جائیں گے۔

۲.۱- اَمری منصوبہ (Amari Project)

قدیم قرآنی مخطوطات پر تحقیق کا یہ منصوبہ معروف اطالوی مستشرق سرجیو نوہا نوزیدا (Sergio[15] Noja Noseda) نے ۱۹۹۸ء میں شروع کیا اور اس نے اس منصوبے کو انیسویں صدی عیسوی کے معروف اطالوی مستشرق میکیلے امری[۱۶](Michele Amari) کے اعترافِ عظمت کے طور پر اس کے نام سے موسوم کر دیا۔[۱۷] نوزیدا کے علاوہ اس منصوبے میں فرانسوا ڈیوش[۱۸](Francois Deroche) اور کرسچین رابن

14– Ward, Gerald (2008). "Codicology". *The Grove Encyclopedia of Materials and Techniques in Art* (Oxford University Press). ISBN 9780195313918

۱۵- نوزیدا (۷/ جولائی ۱۹۳۱ء تا ۳۱/ جنوری ۲۰۰۸ء) اٹلی کا رہائشی تھا۔ وہ پیشے کے اعتبار سے ماہرِ معاشیات تھا، لیکن علومِ شرقیہ سے والہانہ لگاؤ بالآخر اسے عربی زبان کے درس و تدریس کی طرف لے آیا اور وہ بیس سال تک اٹلی کے شہر میلان کی یونی ورسٹی میں عربی زبان و ادب کا پروفیسر رہا۔ اس نے اسلام اور عربی زبان پر پانچ کتب تصنیف کیں۔

https://shomron0.tripod.com/2008/janfeb.html

16– https://web.archive.org/web/20060603044003/http://retesicilia.it/cultura/index.php?zonacc=..%2Fmoduli%2Fpagina.php&ide=RS2005-04-24-3113&subid=29&pagid=57

17– Ahmed Shaker, " The life, works and contribution of Sergio Noja Noseda to Quran Manuscript Studies", Quran Manuscripts, uploaded November 14, 2020, https://quranmss.com/

۱۸- ڈیوش ۲۴ اکتوبر ۱۹۵۲ کو فرانس میں پیدا ہوا اور اس کا شمار فرانس کے معروف ترین ماہرینِ علم المصاحف و علم تحاریر قدیمہ میں ہوتا ہے۔ وہ فرانس کے ممتاز ترین تعلیمی ادارے College de France میں "تاریخ متن و ترسیلِ قرآن" (History of the Quranic Text and Transmission) کے شعبے کا سربراہ ہے۔ وہ قدیم قرآنی اور غیر قرآنی عربی مخطوطات پر فرانسیسی زبان میں بارہ سے زائد کتب و مقالہ جات تحریر کر چکا ہے۔

(Christian Robin)[۱۹] بھی شریک تھے۔

۲.۱.۱– اَمری منصوبے کے اغراض و مقاصد

اس منصوبے کے اغراض و مقاصد کو مختصراً یوں بیان کیا جاسکتا ہے:

- دنیا بھر کے کتب خانوں میں پارچہ جات اور مصاحف کی شکل میں دست یاب قدیم ترین اور قیمتی مخطوطاتِ قرآنی کی ہو بہو عکسی نقول تیار کر کے محققین کی ان تک رسائی کو ممکن بنانا تا کہ ان کا دوسرے مخطوطات سے موازنہ ممکن ہو سکے۔
- ہر مطبوعہ جلد کے ساتھ متعلقہ مخطوطاتِ قرآنی کے متن کے حقیقی عکس پر مشتمل کمپیوٹر کی تختی یعنی Disc بھی مہیا کرنا تا کہ کمپیوٹر کے ذریعے قدیم نسخِ قرآن کا حالیہ متداول نسخے سے تقابل ممکن ہو سکے۔
- لسانیات اور مخطوطات کے نام ور ماہرین کے نایاب مقالہ جات کی تدوین اور اشاعتِ نو کا اہتمام کرنا۔ اس سلسلے میں منصوبے کے زیرِ اہتمام شائع ہونے والی پہلی دو جلدوں میں ممتاز جرمن مستشرقین گوتھیلف برگسٹیسر (Golthelf Bergstressor) اور اوٹو پریتزل (Otto Pretzl)، فرانسیسی مستشرق سلویسٹر ڈی سیسی (Antoine Issac Silvester De Sacy) اور اطالوی مستشرق کیلیے امری کے مضامین شامل کیے گئے تھے۔[۲۰]

۲.۱.۲– امری منصوبے کی مطبوعات

اس منصوبے کے زیرِ اہتمام قدیم قرآنی مخطوطات کی عکسی نقول پر مشتمل دو جلدیں "Sources de La Transmission Manuscrite Du Text Coranique" یعنی "متنِ قرآن کی قلمی نسخوں کے ذریعے منتقلی کے مآخذ" نامی سلسلے کے تحت شائع کی گئیں۔ پہلی جلد کا عنوان تھا "Les Mansucrite De Style Higazi.1" یعنی (مخطوطاتِ خطِ حجازی-۱) اور اس میں فرانس کے قومی کتب خانہ Bliotheque Nationale De France کے مخطوط نمبر BnF Arabe 328(a) کو شامل

۱۹– کرسچین ۱۲ر مئی ۱۹۴۳ء کو فرانس میں پیدا ہوا اور اس کا شمار فرانس کے ممتاز ترین ماہرینِ آثارِ قدیمہ، کتبہ شناسی اور تاریخ قبل از اسلام میں ہوتا ہے۔ وہ فرانس کے قومی مرکز برائے سائنسی تحقیق کے ساتھ طویل عرصے تک وابستہ رہا اور یمن و سعودی عرب میں فرانس کے تعاون سے جاری آثارِ قدیمہ کے منصوبوں کا نگران بھی رہا ہے۔ اس نے مصادرِ قرآن، تاریخِ عرب قبل از اسلام اور الواحات و آثارِ قدیمہ پر بیس کے قریب کتب و مقالہ جات تحریر کیے ہیں۔

20– Shaker, "Noseda", https://quranmss.com/ accessed on 12 August 2023.

کیا گیا ہے جو کہ "خطِ مائل" یا "خطِ حجازی" میں لکھا گیا ہے اور یہ اس وقت قرآن کے دست یاب قدیم ترین مخطوطات میں سے ایک ہے۔ مذکورہ جلد میں مخطوط نمبر BnF Arabe 328(a) کے پہلے ۵۶ اوراق کی عکسی نقول شامل کی گئی ہیں۔ اس کے عہد کا تعین کرنے میں ماہرین کے درمیان اختلاف پایا جاتا ہے، لیکن بالعموم اسے پہلی سے تیسری صدی ہجری کے متعلق خیال کیا جاتا ہے۔[۲۱] اس مخطوطے میں مختلف مقامات پر مستعمل مختلف اندازِ تحریر کی بنا پر نتیجہ اخذ کیا گیا ہے کہ اسے پانچ مختلف کاتبین نے تحریر کیا تھا۔ زیادہ تر حصہ ایک ہی کاتب کا تحریر کردہ ہے۔ مختلف صفحات پر سطور کی تعداد یکساں نہیں ہے۔ کسی سطر کے اختتام پر جگہ کی کمی کی وجہ سے آخری لفظ کے تمام حروف کو یک جا کرنا ممکن نہیں تھا، تو اس لفظ کی قطعِ حرفی کر کے آخری حروف کو اگلی سطر پر تحریر کیا گیا ہے، لیکن صفحات کے اختتام پر اس طرح کی بے قاعدگی نظر نہیں آتی۔ ہر سورت کی اختتامی آیت کے بعد اگلی سورت کے آغاز سے پہلے ایک سطر خالی چھوڑی گئی ہے۔ سورتوں کے آغاز پر تسمیہ لکھنے کا اہتمام نہیں کیا گیا، سوائے اس صورت میں کہ سورت کا آغاز کسی صفحے کی پہلی سطر سے ہو رہا ہو اور یہ اہتمام بھی صرف ایک کاتب کے تحریر شدہ حصے میں نظر آتا ہے۔ حروف پر نقاط کا استعمال بہت کم نظر آتا ہے اور جہاں نقاط استعمال ہوئے ہیں، ان کی بنیاد پر کاتبین کا اس سلسلے میں کوئی مقررہ معیار نظر نہیں آتا، لیکن "ج" اور "ق" پر کہیں بھی کوئی بھی کاتب نقاط استعمال نہیں کرتا اور نہ ہی "شد"، "ہمزہ" یا "جزم" کا استعمال کہیں نظر آتا ہے۔ اس نسخے کا رسم بھی فی زمانہ رائج رسم سے کچھ مختلف ہے، بالخصوص ان پانچ الفاظ کی صورت میں: "آیات"، "شی"، "عباد"، "عذاب" اور "قال"؛ اس کے علاوہ پانچوں کاتبین کے درمیان بھی رسم کے اختلافات نظر آتے ہیں۔[۲۲]

امری منصوبے کی مطبوعات کے "قلمی نسخوں" والے سلسلے کی دوسری جلد کا پہلا حصہ ۲۰۰۱ء میں Manuscrits de style higaze.2 tome1 یعنی "مخطوطاتِ خطِ حجازی-۲ حصہ اول" کے عنوان سے شائع ہوا جس میں برطانیہ کے قومی کتب خانے میں محفوظ شدہ مخطوطہ نمبر Or.2165(f.1-61) کی عکسی نقول شامل تھیں۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ مذکورہ مخطوطے بھی "خطِ مائل" میں لکھا گیا ہے اور اس کا عہد پہلی یا دوسری صدی ہجری گمان کیا جا رہا ہے۔ مخطوطہ نمبر Or.2165 کے کل ۱۲۱ اوراق ہیں جن میں سے مذکورہ جلد میں پہلے ۶۱ اوراق شامل کیے گئے ہیں۔[۲۳] امری منصوبے پر پیش رفت ۳۱/ جنوری ۲۰۰۸ء کو اس وقت تعطل کا شکار ہو گئی، جب اس منصوبے کے روحِ رواں سر جیو نو سیڈا سڑک حادثے میں لقمۂ اجل بن گئے۔ بعد ازاں اس منصوبے کے

21– Ibid.

22– Le Codex Parisino-Petro Politanus: English Summary by Francois Deroche, Brill, 2009, PP.171-179.

23– Shaker, "Noseda", www.quranmss.com , accessed on 12 August 2023

تحت دست یاب تمام مواد اور معلومات جرمنی اور فرانس کے اشتراک سے جاری منصوبے Corpus Coranicum کو منتقل کر دیے گئے۔ دونوں جلدوں کی کچھ عکسی نقول نمونے کے طور پر لف ہیں:



Fig. 2.1 BnF328(a)

فرانس کے قومی کتب خانے میں شناختی نمبر BnF328(a) کے تحت محفوظ شدہ مخطوطے کے
صفحہ نمبر ۲ کے بائیں رخ کا عکس۔
یہ صفحہ سورۂ آلِ عمران کی آیات نمبر ۱۳ تا ۲۳ پر مشتمل ہے۔



Fig. 2.2 or.2165 (folio 1r)

برطانیہ کے قومی کتب خانے میں شناختی نمبرor.2165کے تحت محفوظ شدہ مخطوطے کے صفحہ نمبر ا کے داہنے رخ کا عکس۔ یہ صفحہ سورۃ الاعراف کی آیات نمبر ۴۰ تا ۵۳ پر مشتمل ہے۔

۲.۲- قرآنیکا منصوبہ (Coranica)

Coranicaہسپانوی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب ہے "قرآن سے متعلق"۔ اس منصوبے کا آغاز ۲۰۱۱ء میں اور اختتام ۲۰۱۴ء میں ہوا۔ اس منصوبے کی انتظامی و مالی سرپرستی: BBAW جرمنی اور AIBL(فرانس) نے کی۔ اس منصوبے کے منتظمین BBAWسے مائیکل مارکس اور اینجلیکا نیورتھ (Angelika Neuwirth) AIBLسے کرسچین رابن اور فرانسوا ڈیووش شریک رہے۔ اس منصوبے کے محققین میں سے کرسچین رابن اور فرانسوا ڈیووش اَمری منصوبے کے ساتھ بھی منسلک رہے تھے اور ان کا تعارف

اَمری کے ضمن میں پیش کیا جا چکا ہے۔ باقی دو محققین مائیکل جوزف مارکس (Michael Joseph Marx)[۲۴] اور اینجلیکا نیوورتھ[۲۵] (Angelika Neuwirth) تھے۔

۲.۲.۱– Coranica منصوبے کے اغراض ومقاصد

اس کے منتظمین نے منصوبے کے لیے "سیاقِ متن" (Context for the text) کا تعارفی جملہ استعمال کیا ہے۔ اس منصوبے کی ویب سائٹ پر منصوبے کے جو اغراض و مقاصد درج کیے گئے ہیں وہ حسب ذیل ہیں:

- اس منصوبے کا پہلا مقصد یہ تھا کہ متنِ قرآنی کی تاریخ سے آگاہی کے لیے قرآن کے قدیم مخطوطات جو

۲۴– مائیکل جوزف مارکس کا تعلق جرمنی سے ہے۔ انھوں نے برلن، بون، تہران اور پیرس سے تعلیم حاصل کی۔ ان کا تخصص مشرقی اور سامی زبانیں نیز ادبیات ولسانیات ہے۔ وہ ۲۰۰۷ء سے برلن برانڈنبرگ اکیڈمی آف سائنسز کے شعبہ "کارپس قرآنیکم" کے ناظم کے طور پر کام کر رہے ہیں۔ "کارپس قرآنیکم" دراصل ایک تحقیقی منصوبہ ہے جو مائیکل نے اینجلیکا نیورتھ اور نکولائی سینائی (Nicolai Sinai) کے ساتھ مل کر ۲۰۰۵ء میں شروع کیا۔ مائیکل نے برانڈنبرگ اکیڈمی کے شعبے "ٹیلوٹا" (The Electronic Life of the Academy) کے تعاون سے "کارپس قرآنیکم" نامی آن لائن اشاعتی نظام بھی تشکیل دیا ہے اور ان دنوں وہ قدیم قرآنی مخطوطات کی آن لائن فہرست کے مدیر اعلیٰ بھی ہیں۔ قرآنیکا اور کارپس قرآنیکم کے علاوہ وہ ایک اور تحقیقی منصوبے "پیلیو قرآن" کے ساتھ بھی منسلک رہے ہیں۔

"The Academy: Employees: Michael Joseph Marx: To Person", BBAW, accessed June 26, 2021,

۲۵– اینجلیکا کا تعلق بھی جرمنی سے ہے۔ اس نے برلن، تہران، میونخ اور یروشلم کی جامعات سے تعلیم حاصل کی اور جرمنی کے دارالحکومت برلن میں واقع فری یونیورسٹی (Freie University) میں علوم القرآن کی پروفیسر ہے۔ قرآن سے متعلق متعدد کتب و مقالہ جات تحریر کر چکی ہے۔ اس کا شمار نسبتاً معتدل اور متوازن فکر کے حامل مستشرقین میں ہوتا ہے۔ "قرآنیکا" کے علاوہ "کارپس قرآنیکم" منصوبے کے ساتھ بھی منسلک ہے۔

"Angelika Neuwihttps://www.munzinger.de/search/portrait/Angelika+Neuwirth/0/29834.html , Retrieved 1 December 2020.

(25) "Documenta Coranica" Coranica, accessed June 29, 2021, www.coranica.de/documenta-coranica-en

25– "Glossarium Coranicum", Coranica, accessed June 29, 2021, www.coranica.de/glossarium-coranicum-en

(25) Coranica, accessed June 30, 2021, http://www.coranica.de/front-page-en rth". *Munzinger Biographie* (in German). https://www.munzinger.de/search/portrait/Angelika+Neuwirth/0/29834.html , Retrieved 1 December 2020.

عموماً مختلف جسامت کے پارچہ جات کی شکل میں ملتے ہیں، ان کو ایک فہرست بنا کر منظم طریقے سے ترتیب دیا جائے اور پھر ان کا تجزیہ کیا جائے۔ ان مادی شواہد کے مطالعے سے متنِ قرآنی کو نص قرار دینے کے تاریخی عمل کے ارتقائی مراحل کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔ (۲۶)

- اس منصوبے کا دوسرا مقصد یہ تھا کہ حضرت محمد ﷺ کے عہد میں عرب میں متداول مذاہب اور لکھی یا بولی جانے والی زبانوں کو دستاویزی شکل دی جائے اور ان کے لُغتِ قرآن پر ممکنہ اثرات کا تجزیہ کیا جائے۔ (۲۷)

۲.۲.۲- منہج تحقیق (۲۸)

اس منصوبے کی ویب سائٹ پر دست یاب مواد کا مطالعہ کرنے سے اس طریقے سے آگاہی ہو جاتی ہے جو منصوبے میں شریک محققین نے اپنایا۔ اس طریقے کے خدوخال کو اس طرح بیان کیا جا سکتا ہے:

- قرآنیکا منصوبے کے منتظمین کا دعوی ہے کہ عربی اور اسلامی روایت پر تکیہ کرنے کے بجائے مشاہدے اور تجربے کو بروئے کار لاتے ہوئے مادی شواہد بلحاظ ترتیبِ زمانی کی بنیاد پر متنِ قرآنی کی تاریخ بیان کرنے میں اپنا حصہ ڈالا جائے۔
- اپنے اس مشاہداتی اور تجرباتی طریقۂ کار کے ایک جزو کے طور پر قرآنیکا نے تازہ ترین دریافتوں پر توجہ دیتے ہوئے قدیم قرآنی نسخوں پر تحقیق کو مزید وسعت دی۔
- قرآنیکا منصوبے کا ایک جزو Computatio Radicarbonica کے نام سے تشکیل دیا گیا، جس کے تحت قرآن پاک کے قدیم ترین مخطوطات کے عہد کا تعین کرنے کے لیے علمِ تحاریرِ قدیمہ (Paleography) کے علاوہ سائنسی طریقوں مثلاً Radiocarbon Dating سے بھی مدد لی گئی۔ اس طریقۂ کار کے تحت مختلف تجربہ گاہوں کے نتائج کا موازنہ کرنے کے بعد ان کے تعین کردہ ظنی عہد اور مشرقِ وسطیٰ کے علاقائی تناظر کا لحاظ رکھتے ہوئے ان نتائج میں تطبیق قائم کی گئی۔
- چوں کہ تمام قدیم قرآنی مخطوطات چمڑے پر لکھے گئے تھے، لہٰذا ان قرآنی مخطوطات کا اسی عہد اور اسی

26– "Documenta Coranica" Coranica, accessed June 29, 2021, www.coranica.de/documenta-coranica-en

27– "Glossarium Coranicum", Coranica, accessed June 29, 2021, www.coranica.de/glossarium-coranicum-en

28– Coranica, accessed June 30, 2021, http://www.coranica.de/front-page-en

خطے کے غیر قرآنی متون جو کہ زیادہ تر سریانی اور یونانی زبانوں میں ہیں، کے ساتھ موازنہ کیا گیا۔ ایسی دستاویزات کا انتخاب ۵۵۰ء سے ۷۵۰ء کے توسیعی عرصے میں سے کیا گیا جس کا فائدہ یہ ہوا کہ طریقۂ کار میں موجود خامیوں کا بھی ادراک ہوتا گیا۔

- مخطوطات کا انتخاب اس طرح سے کیا گیا کہ خطِ حجازی میں لکھے گئے ان معروف مخطوطات کا ایک نمائندہ نمونہ تیار ہو جائے، جنھیں قرآن کی قدیم ترین تحریری شہادتیں سمجھا جاتا ہے اور ان کی حضرت محمد ﷺ سے زمانی قربت آج بھی زیرِ بحث ہے۔
- قبل ازیں یہ ہوتا آیا تھا کہ صرف چند واقعات ہی میں ایسے مخطوطات کا سائنسی تجزیہ کیا جاتا تھا، لہٰذا ایسے تجزیے کا دائرۂ اثر محدود تھا۔ اس نئے تجزیاتی انتظام کی ساخت اور کثیر تعداد میں مخطوطات کے تجزیے کے سبب ایک ایسا ذخیرۂ حقائق (Database) وجود میں آگیا جو آئندہ تحقیقات کے لیے درست بنیاد فراہم کرے گا۔

۲.۲.۳– Glossarium Coranicum یعنی قرآن کے غیر عربی الفاظ کی فہرست

قرآنیکا منصوبے کا پہلا حصہ تو تاریخِ قرآن کے تعین کے لیے مادی شواہد یعنی قدیم مخطوطات کی سائنسی طریقے سے جانچ پڑتال سے متعلق ہے، لیکن اس کا دوسرا حصہ، جسے Glossarium Coranicum کا نام دیا گیا تھا اور اس کا اردو میں مطلب ہے: "قرآن کے غیر عربی یا عجمی الفاظ کی فہرست"، اس کے تحت نزولِ قرآن کے لسانی اور تہذیبی ماحول کے ساتھ قرآن کے اس تعلق پر توجہ مرکوز کی گئی جو اس کے متن اور لغت سے ظاہر ہوتا ہے۔ Glossarium لاطینی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب ہے ایسے وضاحت طلب الفاظ کی فہرست جو متروک ہوں، قدیم ہوں یا کسی دوسری زبان سے ماخوذ ہوں۔[۲۹] قرآنیکا کے اس جزو کی جو تفصیل منصوبے کی ویب سائٹ پر دست یاب ہے، اس کے مطابق منصوبے کے محققین کی روایتی مشاہدے کی بنا پر یہ رائے ہے کہ قرآن نے اواخرِ عہدِ عتیق کے مشرقِ وسطیٰ کی مختلف زبانوں سے الفاظ مستعار لیے، جن میں عبرانی، سریانی، فارسی، یونانی، لاطینی اور سامی شامل ہیں۔ اس لسانیاتی جان کاری کی بنیاد آرتھر جیفری کی تصنیف "The Foreign Vocabulary of the Quran" یعنی (قرآن کی بدیسی فرہنگ) نے رکھی۔ اگر جیفری کی مرتب کردہ مستعار ترکیبات کی فہرست بشمول لسانی مصادر کی شناخت مجموعی طور پر درست قرار پاتی ہے، تو اس استعارے کے عہد اور اسلوب کو طے

29– "Glossarium", Wordsense, accessed June 30, 2021, https://www.wordsense.eu/glossarium/

کرنے میں نمایاں پیش رفت ہو سکتی ہے۔[۳۰] اسی سلسلے میں منصوبے کے محققین کا یہ بھی کہنا ہے کہ حِمیَری اور اقسومی کتبات کے ضمن میں گذشتہ نصف صدی کے دوران میں اہم دریافتیں ہوئی ہیں اور ان کی وجہ سے کچھ مستعار الفاظ کی ترتیبِ زمانی یکسر تبدیل ہو گئی ہے۔ اب ہم جانتے ہیں کہ "صلاۃ" اور "زکاۃ" جیسی اہم اصطلاحات طلوعِ اسلام سے دو سو سال سے بھی زیادہ عرصہ قبل کے حِمیرائی کتبوں میں استعمال ہو رہی تھیں۔ عمومی طور پر یہ کہا جا سکتا ہے کہ متن سے متعلق نئی شہادتیں سامنے آنے اور مخطوطات کا نئے انداز سے تجزیہ کرنے کی صلاحیت حاصل ہونے کے بعد یہ ضروری ہو گیا ہے کہ کسی اصطلاح کو مستعار قرار دینے کا جو معیار جیفری نے طے کیا تھا اس پر نظر ثانی کی جائے۔ اس نظر ثانی کا نتیجہ یہ ہو گا کہ جیفری کی مذکورہ تصنیف کی از سر نو اشاعت کا اہتمام کیا جائے۔[۳۱]

منصوبے کے محققین کی رائے ہے کہ لسانی تبادلے کا تجزیہ کرنے کے لیے یہ ضروری ہوتا ہے کہ ایسی زبانوں پر توجہ دی جائے جن کے درمیان کوئی رابطہ رہا ہو۔ یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ تحقیق کاروں نے قدیم عربی زبان کی ابتدا کے متعلق اپنی دل چسپی کا مرکز صرف ان معلومات کو بنائے رکھا جو عربی اور اسلامی روایات میں دست یاب تھیں۔ قرآنیکا اس بات کی کھوج لگائے گا کہ طلوعِ اسلام کے زمانی ماحول کے جزیرہ نمائے عرب کے کتبے اور کندہ کاریاں اس وقت کی لسانی صورتِ حال کے متعلق ہمیں کیا آگاہی دیتی ہیں۔ قدیم دنیا کے زیادہ علاقوں کی طرح خطۂ عرب میں بھی لسانی یکسانیت ناپید تھی۔ اس جزیرہ نما کے جنوب میں کچھ بولیاں ایسی تھیں جو اگرچہ سامی الاصل تھیں، لیکن ان کا عربی کے ساتھ دور کا بھی تعلق نہیں تھا۔ دوسری طرف ایسا محسوس ہوتا ہے کہ اس خطے کے مشرقی اور شمالی کناروں پر کچھ قطعات میں ارمانی بولی جاتی تھی۔ Glossarium Coranicum کا مقصد یہ ہے کہ قبل از اسلام کے خطۂ عرب کا ایک لسانی نقشہ تیار کیا جائے۔ مزید برآں یہ منصوبہ حِمیری اور شمال مغربی عرب کے کتبوں کی مدد سے اس بات کا تخمینہ لگائے گا کہ خطۂ عرب کے جنوبی اور مغربی علاقوں میں لسانی ہم آہنگی کس درجے پر تھی۔[۳۲]

قرآنیکا منصوبے کے محققین اپنے تئیں ایک اہم سوال اٹھاتے ہیں کہ آیا ۳۵۰ء اور ۵۶۰ء کے درمیان صحرائے عرب کے زیادہ تر حصے پر حکومت کرنے والی حِمیری قوم اور عربوں کے درمیان کوئی باہمی مفاہمت ممکن تھی اور شاعری، مباحثوں اور الہامی پیش گوئیوں کے لیے کسی مشترک زبان کی موجودگی کے کیا امکانات تھے؟

30– " Glossarium Coranicum", Coranica. accessed June 30, 2021, https://www.wordsense.eu/glossarium/

31– Ibid.

32– Ibid.

بنیادی بات یہ ہے کہ وہ اہم مذاہب جنھوں نے اپنی عبادات اور تعلیمات کے ذریعے نئی اصطلاحات اور تصورات متعارف کروائے، ان کے علاقائی پھیلاؤ کا علم بھی ضروری ہے۔ اس کے متعلق نتائج کو بھی ایک نقشے کی صورت میں پیش کیا جائے۔ (۳۳)

۲.۲.۴ –قرآنیکا دستاویزات

جیسا کہ اس منصوبے کے اغراض و مقاصد کے ذیل میں ذکر کیا تھا کہ قرآنیکا منصوبے کا اولین مقصد قرآنِ حکیم کے قدیم مخطوطات کی فہرست بنا کر انھیں منظم انداز سے ترتیب دینا تھا۔ اسی ضمن میں منصوبے کے منتظمین نے اپنی دریافتوں کو دستاویزی شکل دینے کے لیے اس منصوبے کے ایک جزو کو Documenta Coranicaیعنی "قرآن کے متعلق دستاویزات" کا نام دیا تھا، جس کے تحت ہالینڈ کے اشاعتی ادارے Brill کے ذریعے قدیم مخطوطاتِ قرآنی کی عکسی نقول، مع انتقالِ حرفی پر مبنی متن اور مخطوطات و تحاریرِ قدیمہ کے متعلق علم پر مبنی معلومات شائع کرنی تھیں۔ اس مقصد کے لیے صرف ان مخطوطات کو قابلِ توجہ سمجھا گیا، جو اموی عہد تک اور خطِ حجازی میں لکھے گئے تھے۔ اس انتظام کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ ۱۹۲۴ء میں قاہرہ سے شائع شدہ مصحف جو کہ گیارھویں اور بارھویں صدی عیسوی کے اندلسی خط میں لکھا گیا تھا اس کو معیار بنا کر متن اور املا میں وارد ہونے والے متغیرات کی نشان دہی کی جاسکے۔ (۳۴)

مذکورہ دستاویزی انتظام میں خصوصی توجہ اس امر پر رہی کہ علم المخطوطات اور علمِ تحاریرِ قدیمہ کے تمام وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے قرآن کے ان قدیم مخطوطات کے نہ صرف عہد کا تعین کیا جائے بلکہ جہاں مناسب ہو اس فن یعنی کتابتِ قرآن کی تاریخ کو بھی بیان کیا جائے۔ مخطوطات کے عہد کا تعین کرنے کے لیے جدید سائنسی طریقہ ریڈیو کاربن ڈیٹنگ کو بھی استعمال کرنا مقصود تھا اور اسی طریقے کے تحت صنعا کے تین قدیم ترین مخطوطات بہ شمول "طرس" (لکھائی کی ایسی تختی جس پر ایک تحریر مٹا کر دوسری لکھی جاسکے) کے عہد کا تعین کیا جاچکا ہے۔ اس مشق سے جو نتائج مطلوب تھے ان میں متنِ قرآنی، رسم الخط، وضع قطع، تقسیمِ متن اور لکھائی کے مواد کی تاریخ کا ایک عمومی خاکہ بنانا شامل تھے۔ اس کام کو مزید بہتر شکل دینے کے لیے یہ انتظام بھی کیا گیا تھا کہ معلوم عہد کے ایسے قدیم ترین مآخذ بشمول بردی اوراق، حجری کندہ کاریاں، سکے، آرائشی اشیا اور کپڑا وغیرہ، جن پر قرآنی عبارت درج تھیں ان کی ایک منظم فہرست بھی مہیا کی جائے اور اس انتظام کا مقصد یہ تھا کہ متنِ قرآنی کا ایک

33– Ibid.

34– "Documenta Coranica", Coranica. accessed June 30, 2021, https://www.wordsense.eu/glossarium/

تنقیدی نسخہ (Critical Edition) تیار کرنے کے لیے ضروری مواد فراہم کیا جائے۔[۳۵]

۲.۲.۵– تحقیقی مطالعہ مطبوعاتِ قرآنیکا(Documenta Coranica)

مطبوعاتِ قرآنیکا (Documenta Coranica) کے تحت Brill نے ابھی تک دو جلدیں شائع کی ہیں، جن کے مختصر احوال آئندہ سطور میں بیان کیے جارہے ہیں۔

۲.۲.۵.۱– جلداول: Codex Amrensis-1

مذکورہ بالا عنوان لاطینی زبان میں ہے جس کا مطلب ہے "مصحفِ عمرو رضی اللہ عنہ (بن العاص)، حصۂ اول" اور Documenta Coranica سلسلے کی یہ پہلی جلد اس مصحف کے پچھتر اوراق کی عکسی نقول پر مشتمل ہے جو کبھی مصر کے شہر الفسطاط کی مسجد عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ میں رکھا ہوا تھا اور اب اس کے اجزا روس کے قومی کتب خانے، فرانس کے قومی کتب خانے، دوحہ کے فنِ اسلامی کے عجائب گھر اور ناصر خلیلی کے ذخیرۂ فنِ اسلامی کی زینت ہیں۔ اس جلد میں اصلی مصحف کی عکسی نقول، تفصیلی تعارف اور مکمل متن مع حاشیہ شامل ہیں۔ اس مخطوطے کے متعلق اندازہ لگایا گیا ہے کہ یہ آٹھویں صدی عیسوی کے نصف اول یعنی پہلی صدی ہجری کے نصف آخر میں لکھا گیا تھا۔ یہ مصحف خطِ حجازی میں لکھا گیا ہے اور اس میں تقریباً ۲۰٪ حروف پر نقاط ہیں، جب کہ حرکات مفقود ہیں۔ اس کے ہجا اور آیات کے نمبر آج کل کے قرآنی نسخوں سے مختلف ہیں۔[۳۶]



Fig. 2.2.5.1a

Codex Amrensis-I کی مدیرہ ڈاکٹر ایلیونور سیلارڈ (Dr. Eleonore Cellard)

کی جانب سے جاری کردہ اس مصحف کا اشتہاری پرچہ

35– " Documenta Coranica", Coranica. accessed June 30, 2021

36– "Codex Amrensis", Brill, accessed July 03, 2021, www.brill.com/view/title/36027



Fig. 2.2.5.1b

Codex Amrensis-I کے صفحہ نمبر 36R (ورق نمبر ۳۶ کا داہنا رخ) کی عکسی نقل جس پر سورۂ ابراہیم کی آیات نمبر ۴۸ تا ۵۲ اور سورہ الحجر کی آیات نمبر ۱ تا ۱۰ ارقم ہیں۔

اصلی صفحہ اس مصحف کے ۶ اوراق پر مشتمل اس جزو میں شامل ہے جو شناختی نمبر 326A کے تحت فرانس کے قومی کتب خانہ پیرس (Bibliotheque Nationale de France, Paris) میں محفوظ ہے۔

۲.۲.۵.۲– جلد دوم بعنوان

"Quran Qmotations Preserved on Papyrus documents, 7th – 10th centuries and the Problem of carbon dating early Qurans". (37)

یعنی "ساتویں سے دسویں صدی عیسوی (پہلی سے چوتھی صدی ہجری) کے دوران میں بردی اوراق پر لکھی دستاویزات میں محفوظ شدہ قرآنی اقتباسات اور اولین قرآنی مخطوطات کے عہد کا بذریعہ کاربن ڈیٹنگ تعین کرنے میں پیش آمدہ مشکلات۔" اس جلد کی تدوین اینڈریاس کیپلونی اور مائیکل مارکس نے کی ہے۔ ۲۰۱۹ء میں شائع شدہ ۲۶۳ صفحات پر مشتمل ہے اور اس میں مذکورہ بالا عنوان کے دونوں حصوں کی مناسبت سے مختلف مصنفین کے پانچ مضامین شامل کیے گئے ہیں۔

37– Quran Quotations Preserved on Papyrus Documents, 7th-10th Centuries and the problem of carbon dating early Quran, Brill, Leiden, 2019

عنوان	مؤلف	صفحہ
تعارف	از مائیکل جوزف مارکس	ا
قرآن کا تناظر و تفاعل: منہج پر ابتدائی کلمات	اینڈر یاس کیپلونی	VII
ساتویں سے دسویں صدی عیسوی کے دوران بردی اوراق پر لکھے گئے عربی مکتوبات میں قرآنی اقتباسات	ڈینئل پوٹھیسٹ (Daniel Potthast) [۳۸]	۴۲
بردی اوراق پر لکھی گئی قانونی دستاویزات میں قرآنی اقتباسات	**لیونوراسونیگو**(Leonora Sonego) [۳۹]	۸۶
عربی میں لکھے بردی تعویذوں میں قرآنی اقتباسات	ارسلا بسیس(Ursula Basees) [۴۰]	۱۱۲
اولین اسلامی دستاویزات کے عہد کا تعین بذریعہ ریڈیو کاربن ڈیٹنگ: پس منظر اور امکانات	ایوا مائرہ یوسف گروب	۱۳۹
قرآنی مخطوطات کی ریڈیو کاربن ڈیٹنگ	مائیکل، ٹوبیاس جوکم	۱۸۸

۲.۲.۵.۳– باب–ا: تعارف از مائیکل مارکس

اپنے اس افتتاحی مضمون میں قرآنیکا(Coranica) اور کارپس قرآنیکم(Corpus Coranicum) منصوبوں کے ناظم مائیکل جوزف مارکس نے زیرِ نظر تالیف میں شامل تمام مضامین، قرآنیکا منصوبے کے منہجِ تحقیق وپس منظر اور اس منصوبے کی قابلِ ذکر دریافتوں کو مختصراً بیان کیا ہے جس سے قاری کو اس منصوبے، بالخصوص اس کے دستاویزی مواد کو سمجھنے کے لیے قابلِ قدر بنیاد فراہم ہو جاتی ہے۔ اپنے اس تعارفی مضمون کو مائیکل نے، مادی

۳۸– ڈینئیل نے ۲۰۱۱ء میں Dr. Phil کی ڈگری حاصل کی اور اس وقت لڈوگ میکسی میلن یونیورسٹی میونخ (Ludwig Maximillans Universitat) کے شعبۂ عربی وعلوم اسلامیہ میں تحقیق وتدریس میں مصروف ہے۔ قرونِ وسطیٰ میں مسلمانوں اور عیسائیوں کے درمیان روابط، دسویں سے بارھویں صدی عیسوی کے دوران میں اندلسی عیسائیوں کے مذہبی ادب اور مغربی بحیرۂ روم کے ممالک کے درمیان مکتوبات کے تبادلے پر متعدد مقالہ جات تحریر کر چکا ہے۔ ان دنوں چودھویں صدی عیسوی میں مسلم اور لاطینی بادشاہتوں کے درمیان سفارتی تبادلوں پر تحقیق میں مصروف ہے۔Ibid, P.XVI

۳۹– لڈوگ میکسیملن یونی ورسٹی(Ludwig Maximillans Universitat) میونخ کے شعبۂ عربی وعلوم اسلامیہ میں معاون تحقیق کار کی حیثیت سے کام کر رہی ہے اور ۲۰۱۰ء سے عربی بردی مخطوطات کے ذخیرۂ حقائق (Database) کے ساتھ منسلک ہے۔ اس کی دل چسپی کا خاص موضوع قانونی دستاویزات کی ساخت اور اثر انگیزی ہے۔Ibid, P.XVI

۴۰– ارسلا نے ۲۰۱۵ء میں Dr. Phil کی ڈگری حاصل کی اور ان دنوں یونی ورسٹی آف کیمبرج لندن کے وولفسن کالج میں جزوقتی معاون تحقیق کار کی حیثیت سے کام کر رہی ہے۔ وہ علم حدیث کے ابتدائی عہد اور بردی اوراق پر رقم متون کی ترسیل پر تحقیق کر رہی ہے جس کے لیے آسٹریا کے سائنس فنڈ نے مالی معاونت فراہم کی ہے۔ اس کی دل چسپی کے موضوعات میں عربی بردی متون، قرونِ وسطیٰ کے عربی مخطوطات اور عالمِ عرب میں سحر واعتقادِ شائع شامل ہیں۔Ibid, P.XV

شواہد کی کھوج،[۴۱] اولیں قرآنی مخطوطات کی تدوین،[۴۲] چرمی مخطوطات، یمن کی چوبی چھڑیوں اور بردی اوراق

۴۱۔ موجودہ جلد "قرآنیکا" منصوبہ کا ایک ثمر ہے۔ اس منصوبے کے ذمے یہ کام تھا کہ قرآن کی اولین تاریخ سے متعلق مادی شواہد کو تلاش کیا جائے۔ قبل ازیں اس کتاب کی تاریخ کا علم بنیادی طور پر اسلامی روایت کے بیانیے پر مبنی تھا۔ مادی شہادت اس قابل ہے کہ روایتی بیانیے کو متوازن بنانے کی خاطر قرآن اور ابتدائی اسلام کے متعلق ایک نیا تناظر قائم کرنے میں مدد کر سکے۔ قرآن کے متن اور اس کو نص قرار دینے کی تاریخ سے آگاہی وہ مقصد تھا جسے Manuscripta et Testimonia Coranica کے عنوان سے قرآنیکا منصوبہ کا پہلا جزو بنایا گیا Glossarium Coranica کے نام سے دوسرے جزو نے قرونِ اولیٰ کے خطۂ عرب کی زبانوں اور قرآنی لغت پر ان کے اثرات جاننے پر توجہ مرکوز کی۔ یہ منصوبہ مادی شواہد پر مبنی طریقۂ کار کو استعمال کرتا ہے۔ اس تجربی اسلوب کے ایک جزو کے طور پر طریقۂ کار سے متعلقہ پیش رفت، تکنیکی جدتوں اور آثارِ قدیمہ کی تازہ ترین دریافتوں پر توجہ دینا بھی اس منصوبے کا ہدف ہے۔ قرآنی متن کی قدیم ترین تحریری شہادت پر تحقیق بھی اسی زمرے میں آتی ہے اور یہ ایک ایسا تحقیقی پہلو ہے جو ۱۹۸۰ء کی دھائی میں اس وقت طویل عرصۂ تعطل سے باہر نکلا، جب صنعا، سینٹ پیٹرز برگ (St.Petersburg) اور استنبول سے دریافت شدہ مخطوطات نے اس شعبے میں تحقیق کو مہمیز دی۔ یمن کے شہر صنعا کی مرکزی مسجد سے ۱۹۷۲ء میں قدیم مخطوطات دریافت ہوئے جن کی شناخت ۱۹۸۱ء میں قرآن کے قدیم ترین دست یاب مخطوطات کے طور پر ہوئی جب جدید سائنسی طریقے ریڈیو کاربن ڈیٹنگ نے ان مخطوطات میں استعمال شدہ چرمی اوراق کا عہد ۵۷۸ء سے ۶۶۹ء (۴۴ سال قبل ہجرہ سے ۴۹ھ) متعین کیا۔ مزید تفصیل کے لیے دیکھیے: Quranic Quotations Preserved on Papyrus Documents, 2-3

۴۲۔ قرآنیکا منصوبے کا پہلا مقصد قرآن کے قدیم ترین مخطوطات کو منظم انداز میں ترتیب دے کر یک جا کرتے ہوئے متنِ قرآنی کی تاریخ میں معاونت کرنا ہے۔ اس کام کو سرانجام دینے کے لیے قرآنیکا کا جزو Documenta Coranica قائم کیا گیا تا کہ قدیم مصاحف کے ٹکڑوں کے ساتھ ساتھ ان کا تفصیلی انتقالِ حرفی متن بھی شائع کیا جائے۔ اس سلسلے میں Codex Amrensis-I یعنی "مصحفِ عمرو (بن العاص رضی اللہ عنہ) - حصہ اول" کے نام سے پہلی جلد ۲۰۱۸ء میں شائع ہوئی جس میں ماضی میں مصر کے شہر الفسطاط کی جامع عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کے کتب خانے میں رکھے آٹھویں صدی عیسوی (دوسری صدی ہجری) کے مصحف کے چار متفرق اجزا شامل ہیں۔ صنعا کی مسجد سے برآمد شدہ مصاحف کے تین اجزا پر مشتمل جلدیں بھی مطبوعات کے مذکورہ سلسلے کے تحت شائع کرنے کا منصوبہ ہے اور ان اجزا میں سے ایک طرس (ایسا مواد جس پر لکھی ایک تحریر مٹا کر اس پر دوسری تحریر لکھی جا سکے) کی شکل میں ہے اور اس کے متعلق خیال ہے کہ یہ اس وقت دست یاب قدیم ترین قرآنی مخطوطہ ہے۔ قدیم قرآنی مخطوطات کو شائع کرنے کا کام ۱۹۹۰ء کی دہائی میں سرجیو نوہانوسیڈا اور فرانسوا ڈیروش نے اَمری منصوبہ کے تحت اپنے ذمے لیا تھا۔ دو جلدیں شائع کی گئی تھیں جن میں عکسی نقول کے ساتھ ساتھ عربی متن کو بیان کرنے کے لیے منقوط متن پر مبنی انتقالِ حرفی متن بھی تھا۔ قدیم قرآنی مخطوطات کو قابلِ رسائی بنانے کا یہ تصور Documenta Coranica بھی اپنا رہا ہے، لیکن ترمیم شدہ انداز میں۔ اپنی ضروریات اور ترجیحات کے مطابق ڈھالتے ہوئے تا کہ قابلِ اشاعت متن کو زیادہ درست انداز سے پیش کیا جا سکے۔ اَمری منصوبے کی اگلی لیکن منہجی اعتبار سے

برتر کڑی کے طور پر Documenta Coranica سلسلہ کسی بھی مخطوطے کی تمام تر نقول کا انتقالِ حرفی متن مہیا کرنے کا اہتمام کر رہا ہے۔ یہ انتقالِ حرفی یا عربی متن آٹھ رنگوں پر مشتمل ایک ایسے انتظام کا سہارا لے گا جس کے ذریعے نشان دہی ہو سکے گی کہ (ا) متن کس حد تک قابلِ مطالعہ ہے (ب) قاہرہ سے ۱۹۲۴ء میں شائع شدہ نسخے کے ساتھ قدیم مخطوطات کے متن کے کیا اختلافات ہیں (ج) طرس کی مٹائی گئی زیریں لکھائی میں کیا تبدیلیاں کی گئیں۔ مزید تفصیل کے لیے دیکھیں: Quranic Quotations Preserved on Papyrus Documents, 3-6

۴۳۔ ابتدائی چار صدیوں کے قرآنی نسخہ جات میں عموماً کاتب، مقامِ اشاعت اور تاریخ اشاعت کا کوئی ذکر نہیں ہوتا۔ اس سلسلے میں اگر کوئی مستثنیات ہیں تو وہ "قرآن الماجور" کے نام سے معروف نسخہ جات ہیں جن کے ساتھ ۲۶۲ھ (۸۷۶ء) میں لکھی گئی "وقف" کی دستاویز ہے۔ قرآن کی تاریخ کو سمجھنے کے لیے یہ امر مرکزی اہمیت کا حامل ہے کہ مخطوطاتی شواہد کے عہد کا تعین کیا جائے، لیکن تعینِ عہد ایک پیچیدہ مسئلہ ہے؛ کیوں کہ برطانوی کتب خانے میں رکھا نسخہ، جسے انیسویں صدی عیسوی کے نصف آخر میں قدیم ترین دست یاب نسخہ سمجھا جاتا تھا، اس کے عہد کے بارے میں مختلف آرا پائی جاتی ہیں۔ کسی مصحف کا یہ جزو جسے British Library or.۲۱۶۵ کا نام دیا گیا ہے، ۱۲۱ چرمی اوراق پر مشتمل ہے جنھیں بہت اچھی حالت میں محفوظ کیا گیا ہے اور اس کا متن مکمل قرآن کا تقریباً ساٹھ فی صد بنتا ہے۔ (۴۳) مطالعاتِ مخطوطات کا ایسا شعبہ، جس میں کسی بھی اولیں مخطوطے پر تاریخ اشاعت درج نہیں اور علمِ تحریرِ قدیمہ بھی عہد کا تعین مطلقاً نہیں بلکہ زیادہ تر اضافی حوالے سے کرتا ہے، وہاں ریڈیو کاربن تجزیے کے ذریعے منظم انداز میں تعینِ عہد ایک پرکشش عمل دکھائی دیتا ہے۔ اس مقصد کے لیے قرآنیکا منصوبے کی مہم کو برلن، ڈبلن، ہائیڈل برگ، لائیڈن، میونخ، اوسلو، صنعا، تبلیسی اور توبنجن کے ذخیرۂ مخطوطات کے ساتھ ساتھ سٹٹگارٹ کے ایک نجی ذخیرے کا بھی تعاون حاصل رہا۔ عربی، قبطی، جارجیائی اور سریانی مخطوطات، عربی میں لکھے بردی اوراق اور یمن سے برآمد شدہ چوبی چھڑیاں جن پر قدیم جنوبی عرب کی زبان میں تحریر موجود ہے، اس تمام مواد کی پیمائشیں زیورخ (سوئیٹزرلینڈ کا دارالحکومت) کی لیبارٹری (Ion Beam Physics of ETH Zurich) کے تعاون سے کی گئیں۔ چوں کہ تمام اولین قرآنی مخطوطات چرمی اوراق پر لکھے گئے تھے، لہٰذا موازنے کی غرض سے اسی خطے اور اسی عہد سے متعلق غیر قرآنی متون کے حامل ایسے چرمی مخطوطات جو عربی، قبطی، جارجیائی، یونانی اور عبرانی زبانوں میں لکھے ہوئے تھے اور جن پر تاریخ تحریر بھی درج تھی ان کا بھی معائنہ کیا گیا۔ اولین قرآنی مخطوطات کا ریڈیو کاربن کے ذریعے طے کیا گیا عہد متقابل شواہد کی روشنی میں زیادہ درست انداز میں سمجھا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ جارجیائی اور سریانی مخطوطات کے ضمن میں ثابت ہو چکا ہے۔

۴۴۔ تاحال بردی اوراق کے مندرجہ ذیل سات مجموعے معلوم ہو سکے ہیں جن پر صرف قرآنی متن تحریر ہے:

(ا) پارۂ مورِز (Moritz Fragment): بردی اوراق کا یہ مجموعہ مصر کے قومی کتب خانے قاہرہ میں محفوظ ہے

جو قرآنیکا منصوبے اور اس کی دستاویزات بشمول زیرِ نظر جلد کی تمام چار جہتوں کا احاطہ کرتے ہیں۔

۲.۲.۶– قرآنی مخطوطات کازمانی تعین بذریعہ ریڈیو کاربن طریقۂ کار

گذشتہ برسوں کے دوران میں قرآنیکا منصوبے کے زیرِ اہتمام متعدد قرآنی مخطوطات اور اواخر عہدِ عتیق کے دیگر نوشتوں کے عہد کا تعین ریڈیو کاربن طریقۂ کار کے ذریعے کیا گیا۔ اس ضمن میں مندرجہ ذیل مخطوطات کے نتائج میں ذرائع ابلاغ میں بہت زیادہ دل چسپی دیکھنے کو ملی۔

اور اس کی ایک تصویر جرمن مستشرق برنارڈ مورز(Bernhard Moritz) کی ۱۹۰۵ء میں شائع شدہ کتاب "عربی تحاریرِ قدیمہ" میں جدول نمبر ۴۳ کے ذیل میں شامل ہے۔

(ب) جار جس میکلیڈیس (Georges Michaelides) کے ذخیرے میں سے ایک جزو جو کہ اب گم ہو چکا ہے۔

(ج) میکلیڈیس کے ذخیرے میں سے ایک مزید پارہ (لیکن اس تک رسائی بھی اب ممکن نہیں ہے۔)

(د) ہالینڈ کے شہر لائیڈن میں رکھا بردی ورق جس کا نمبر ہے: P.Leiden inv.or.8264

(ر) فرانس کے شہر سٹراسبورگ میں محفوظ بردی ورق نمبر: P. Stras.inv.Ar.142

(س) امریکی راک فیلر کے ذخیرے میں محفوظ بردی پارہ نمبر: P.Rockefellar.inv.MildA31.a1 جو کہ اب یروشلم کے اسرائیل عجائب گھر میں محفوظ ہے۔

(ص) جرمنی کے شہر برلن کے نیوس عجائب گھر (Neues Museum) کے ذخیرۂ بردی اوراق میں محفوظ پارہ جس کا نمبر ہے: P.Berlinv.24017

بردی اوراق پر اولین قرآنی مخطوطات کے شواہد آئندہ سالوں میں یقیناً بڑھتے جائیں گے؛ کیوں کہ مزید ذخائر تک انٹرنیٹ کے ذریعے رسائی ممکن ہو رہی ہے اور تحقیق میں سہولت مہیا کرنے کے لیے کمپیوٹر میں مزید ذخائرِ حقائق (Databases) تشکیل دیے جا رہے ہیں۔ موجودہ جلد کی توجہ مصحف کے علاوہ دیگر دستاویزات میں قرآنی متن کے استعمال پر ہے، لہٰذا اس کے ذریعے یہ پہلو اجاگر ہوتا ہے کہ متنِ قرآنی کو معاشرے میں کس طرح استعمال کیا جاتا تھا اور قرآنی عبارات کو کس طرح سمجھا جاتا تھا۔ قرآن کی اولیں تاریخ کے لیے بردی اوراق کے شواہد خواہ محدود تعداد ہی میں کیوں نہ ہوں، لیکن ان کے ذریعے اولین زمانے کا ایسا مواد میسر آ گیا ہے جس کا کثیر حصہ تفسیری ادب سے قدیم تر ہے۔ یہ بردی شواہد اولین مسلم معاشروں میں متنِ قرآنی کے کردار کے متعلق ہمارے فہم کو بھی وسعت عطا کرتے ہیں۔

Quranic Quotations Preserved on Papyrus Documents, .13.



Fig 2.2.6 A[۴۵]

یہ عکسی نقل جرمنی کی توبنجن یونی ورسٹی کے کتب خانے میں محفوظ مخطوطہ نمبر ۱۶۵ MA VI کے صفحہ نمبر 1r (ورق نمبر ۱ کا دایاں رخ) کی ہے۔اس مخطوطے کے ریڈیو کاربن تجزیے کے نتائج کے مطابق اس کا عہد ۶۴۹ء تا ۶۷۵ء (۲۳ھ تا ۵۰ھ) متعین کیا گیا ہے اور اس تخمینے کی درستی کا امکان ۹۵.۴٪ ظاہر کیا گیا ہے۔

45– " MA VI 165", Islamic Awareness, last updated Aug 20, 2020, https://www.islamic-awareness.org/quran/text/mss/tubingen.html

Fig 2.2.6 b [46]

یہ عکسی نقل ہالینڈ کی لائیڈن یونی ورسٹی کے کتب خانے میں محفوظ مخطوطہ نمبر Cod.or.14.545b کے صفحہ نمبر 1v (ورق نمبر ا کا بایاں رخ) کی ہے۔اس مخطوطے کے ریڈیو کاربن تجزیے سے اس کا عہد ۶۵۱ء تا ۶۹۴ء(۲۵ھ تا ۷۰ھ) متعین کیا گیا ہے اور اس تخمینے کی درستی کا امکان ۸۹.۳٪ ہے۔

46– " or.14.545b", Islamic Manuscripts, accessed July 20, 2021, http://www.islamicmanuscripts.info/courses/arabic_manuscripts/or14545b-c.pdf



Fig 2.2.6 c [47]

یہ عکسی نقل جرمنی کے شہر برلن کے کتب خانے میں محفوظ مخطوطہ نمبر ms.or.fol.4313 کے صفحہ نمبر ۲r (ورق نمبر ۲ کا دایاں رخ) کی ہے۔ اس مخطوطے کے ریڈیو کاربن تجزیے کے ذریعے اس کا عہد ۶۰۶ء تا ۶۵۲ء (۸ قبل از نبوت تا ۲۶ھ) متعین کیا گیا ہے اور اس تخمینے کی درستی کا امکان ۹۵٪ ہے۔

لائیڈن اور توبنجن کی انتظامیہ کی طرف سے جو اعلامیے اخبارات کو جاری کیے گئے ان کے ردِ عمل کے طور پر متعلقہ علاقائی حتیٰ کہ قومی سطح کے ٹیلی وژن چینلوں نے اس خبر کو نشر کیا اور پھر حالاتِ حاضرہ کے پروگراموں میں بھی اس موضوع پر بات کی گئی۔ اس کے علاوہ عربی، فارسی، روسی اور ترکی زبان کے اخبارات اور ٹی وی پر بھی اس واقعے کو بہت پذیرائی ملی۔ مذکورہ سائنسی تجزیے کے مطابق ان تمام مخطوطات کا عہد اس سے قدیم تر

47– " ms.or.fol.4313", Corpus Coranicum, accessed July 20, 2021, https://digilib.bbaw.de/digitallibrary/servlet/Scaler?fn=/silo10/Koran/ms-stabi-4313/2a.jpg&dw=800

تھاجو قبل ازیں علمِ تحاریرِ قدیمہ کے ماہرین نے طے کیا تھا۔ اس کے علاوہ قرآنیکا منصوبے کے منتظمین نے برطانیہ کی برمنگھم یونی ورسٹی سے بھی ۲۰۱۳ء میں درخواست کی تھی کہ اس کے کتب خانے میں موجود قدیم مخطوطے کے ٹکڑے کی ریڈیو کاربن کے ذریعے پیمائش کی اجازت دی جائے۔ بالآخر اس ٹکڑے کے نمونے برطانیہ ہی کی آکسفرڈ یونی ورسٹی سے ریڈیو کاربن کے ذریعے تجزیہ کیے گئے اور اس تجزیے کے مطابق یہ ٹکڑا ۵۶۸ا ء سے ۶۴۵ء کے درمیان کے زمانے کا تھا۔ اس طرح سے برمنگھم یونی ورسٹی میں محفوظ یہ مخطوطہ M1572a اب تک کے دریافت شدہ مخطوطات میں سے قدیم ترین ثابت ہوا، اگرچہ ریڈیو کاربن کے ذریعے حتمی طور پر اس کا درست سال طے کرنا ممکن نہیں۔ برمنگھم یونی ورسٹی نے اس نتیجے کے متعلق اخباری اعلامیہ انتہائی پیشہ ورانہ انداز میں جاری کیا جس کے بعد "برمنگھم قرآن" کی دریافت کی صدائے بازگشت عالمی ذرائع ابلاغ میں بھی سنائی دی۔

جرمنی کے شہر فرینکفرٹ کے "ادارہ برائے اسلامی علم الکلام" کے زیرِ اہتمام ستمبر ۲۰۱۴ء میں منعقدہ ایک کانفرنس میں اس مضمون کے مصنفین (مائیکل مارکس اور ٹوبیس جوکم) نے قرآن کی متنی تاریخ طے کرنے کے لیے مادی شواہد کی اہمیت کے موضوع پر ایک مقالہ پیش کیا۔ اس پر بحث کے دوران میں نمایاں اہمیت ااس امر کو حاصل رہی کہ مادی ثبوت یعنی ریڈیو کاربن پیمائش کے ذریعے ظہورِ قرآن کے متعلق وانسبرو اور اس کے ہم نواؤں کی طرف سے پیش کردہ متبادل اور جوابی نظریہ (کہ قرآن آٹھویں صدی عیسوی یا دوسری صدی ہجری میں وجود میں آیا) مکمل طور پر رد ہو چکا تھا۔ جوش وولولہ، جذبانیت اور رومانویت کے ہاتھوں کسی بھی شخص کو اس غلط فہمی کا شکار نہیں ہونا چاہیے کہ مذکورہ پیمائش نے قرآن کی متنی تاریخ کے متعلق ہر قسم کی بحث کا خاتمہ کر دیا ہے، اگرچہ ان پیمائشوں نے اس نظریے کی بنیادیں ہلا دی ہیں کہ اسلام کا ظہور آٹھویں صدی، عیسوی میں ہوا تھا۔ غالباً یہ امر زیادہ اہم ہے کہ مذکورہ پیمائشیں قرآن کی متنی تاریخ پر تحقیق کے لیے نئی دریافتیں مہیا کریں گی اگرچہ ^{14}C پیمائشوں کے ذریعے زمانی تعین کے محدودات بھی ہمیشہ ذہن نشین رہنے چاہییں۔ (۴۸)

مخطوطات کی زمانی درجہ بندی کے حوالے سے قرآنیکا منصوبے نے اپنے طریقۂ کار کی بنیاد اس نظام پر رکھی ہے، جو فرانسوا اڈیوش نے فرانسیسی کتب خانے میں محفوظ شدہ ٹکڑوں کی درجہ بندی کے لیے تشکیل دیا تھا۔ اولین قرآنی مخطوطات کا نام نہاد "حجازی" رسم الخط ہمیں کافی بھدا دکھائی دیتا ہے جو ساتویں صدی عیسوی کی تاریخ زدہ بردی دستاویزات میں بھی پہچانا جاسکتا ہے۔ اس رسم میں کچھ حروف نبطی حروف سے مشابہ ہیں اور درحقیقت

48– Ibid, PP.189-190.

عربی حروفِ تہجی نبطی حروف ہی کی ترقی یافتہ شکل ہیں۔ "الف" (ا) کا دائیں طرف جُھکا ہوا بالائی حصہ، "ی" کی گولائی کو کبھی کبھار ادھورا چھوڑا جانا اور "ص" کی طرح کا دکھائی دیتا ہوا "ق" یہ سب "حجازی" رسم کی مخصوص پہچان ہیں۔ "حجازی" کی اصطلاح اطالوی مستشرق میکیلے اَمری نے متعارف کروائی تھی جو فرانسیسی ماہر لسانیات انٹوئن آئزک سلویسٹر ڈی سیی (Antoine Issac Silvestes De) کی عربی رسم کی ابتداوار تقاپر تحقیق کو آگے بڑھا رہا تھا۔ فرانسوا ڈیروش نے فرانسیسی کتب خانہ میں محفوظ شدہ مخطوطات میں سے قدیم ترین رسم الخط کو "حجازی" رسم کا نام دیا اور اس رسم کی چار اقسام شناخت کیں[۴۹] جن کے نمائندہ صفحات کی نقول یہاں پیش کی جارہی ہیں:



Fig. 2.2.6 d [50] **خطِ حجازی قسم اول**

یہ عکسی نقل خطِ حجازی میں لکھے مخطوطہ کی ہے جو فرانس کے قومی کتب خانہ میں شناختی نمبر Arabe 328a کے تحت محفوظ ہے۔ اس کی رسم کو ڈیروش نے خطِ حجازی کی قسم اول (Type-I) کا نام دیا ہے۔

49– Ibid, 192-194

50– Ibid,194.



Fig. 2.2.6 e خطِ حجازی قسم دوم [۵۱]

یہ عکسی نقل خطِ حجازی میں لکھے مخطوطہ کی ہے جو فرانس کے قومی کتب خانہ میں شناختی نمبر Arabe 328e کے تحت محفوظ ہے۔ اس کی رسم کو ڈیروش نے خطِ حجازی کی قسم دوم (Type-II) کا نام دیا ہے۔

51– Ibid, 195.



خطِ حجازی قسم سوم Fig. 2.2.6 f [52]

یہ عکسی نقل فرانس کے قومی کتب خانہ میں شناختی نمبر Arabe 330a کے تحت محفوظ شدہ مخطوطے کی ہے۔اس کی رسم کو ڈیووش نے خطِ حجازی کی قسم سوم (Type-III) کا نام دیا ہے۔

خطِ حجازی قسم چہارم Fig. 2.2.6 g [53]

یہ عکسی نقل فرانس کے قومی کتب خانہ میں شناختی نمبر Arabe 334c کے تحت محفوظ شدہ مخطوطے کی ہے۔اس کی رسم کو ڈیووش نے خطِ حجازی کی قسم چہارم (Type-IV) کا نام دیا ہے۔

52– Ibid, 196.

53– Ibid, 197.

اگر چہ ہائیڈل برگ اور لائیڈن میں بردی دستاویزات کی ریڈیو کاربن طریقۂ کار کے ذریعے زمانی پیمائش نے یہ ثابت کیا ہے کہ اس طریقۂ کار سے حاصل شدہ نتائج قابلِ اعتبار ہیں، لیکن صنعا کے دارالمخطوطات میں محفوظ شدہ مخطوطہ نمبر DAM01-27.1 کے تجزیے سے حاصل شدہ نتائج بے جوڑ سے تھے۔ تاہم یہ بات ذہن نشین رہنی چاہیے کہ ریڈیو کاربن جیسا سائنسی طریقہ صرف اس مواد کے عہد کا تعین کر سکتا ہے جس پر تحریر لکھی ہو گی، نہ کہ تحریر لکھنے کا زمانہ بتائے گا۔ اس بات کا امکان ہے کہ مذکورہ بالا تینوں قدیم ترین مخطوطات لکھنے کے لیے چرمی اوراق کا انتظام بہت پہلے کر لیا گیا، لیکن ان پر قرآنی عبارات کچھ وقت گزرنے کے بعد لکھی گئیں۔ بایں ہمہ اس طرح کا امکان احمقانہ معلوم ہوتا ہے کہ کوئی اتنا طویل انتظار کرے گا۔ معاشی وجوہات کی بنا پر بھی چرمی اوراق کی خریداری اور ان پر لکھائی کے دوران عشروں پر پھیلا طویل وقفہ نا قابلِ فہم دکھائی دیتا ہے۔ مذکورہ مخطوطہ جات پر اوپر تلے دوہری لکھائی کے بھی کوئی آثار نہیں جس سے پتا چلتا ہے کہ یہ طرس بھی نہیں ہیں۔ (۵۴)

چوں کہ قدیم قرآنی مخطوطات کے عہد کا کامل درستی سے تعین کرنا نہ تو علمِ تحاریرِ قدیمہ کے ذریعے ممکن ہے اور نہ ہی ریڈیو کاربن کے ذریعے؛ لہٰذا کچھ اضافی پہلوؤں پر توجہ دینے کی بھی ضرورت ہے، مثلاً املا اور ہجے، خطاطی اور آرائشی علامات وغیرہ۔ کسی مخطوطے کی املا سے اس کے عہد کا اندازہ ہو جاتا ہے۔ مذکورہ بالا تینوں قدیم مخطوطات کی فرسودہ اور قدیم املا ان مخطوطات کی قدامت کی ایک نشانی ہے۔ ذیل میں دیے گئے عکسی جدول سے قدیم مخطوطات میں فرسودہ املا کے استعمال پر بہ خوبی روشنی پڑتی ہے۔ (۵۵)

Fig. 2.2.6 h

54– Ibid, 206.

55– Ibid, 207-208.

اس جدول میں چار مختلف مخطوطات میں مختلف الفاظ کے ہجوں میں فرق دکھایا گیا ہے۔ ان میں سے قدیم ترین مخطوطہ Ms.or.fol.4313 ہے جس کے عہد کا تخمینہ ریڈیو کاربن طریقۂ کار کے ذریعے ۶۰۶ء تا ۶۵۲ء (س۸ قبل از نبوت تا ۲۶ھ) لگایا گیا ہے۔ اس سے جدید تر مخطوطہ Ma VI 165 ہے جس کے عہد کا تخمینہ ۶۴۹ء تا ۶۷۵ء (۲۳ھ تا ۵۰ھ) لگایا گیا ہے۔ پھر مخطوطات Cod.or.۱۴۵۴۵ b/c ہیں جن کا عہد ۶۵۲ء تا ۷۶۳ء (۲۶ھ تا ۱۳۹ھ) متعین ہوا ہے اور جدید ترین مخطوطہ We.II 1913 ہے جس کے عہد کا تخمینہ ۶۶۲ء تا ۷۸۵ء (۷۳ھ تا ۱۴۱ھ) لگایا گیا ہے۔ اس جدول سے ظاہر ہوتا ہے کہ قدیم ترین مخطوطات اور نسبتاً جدید تر مخطوطات میں مندرجہ ذیل چھ الفاظ کے ہجوں میں نمایاں فرق ہے۔

"قَالَ" : یہ لفظ قدیم مخطوطہ میں "ا" کے بغیر لکھا ہوا ہے یعنی "قل"۔

جنّٰت : یہ لفظ قدیم مخطوطہ میں "ا" کے ساتھ لکھا گیا ہے یعنی "جنات"۔

داوٗد : یہ لفظ قدیم مخطوطہ میں "دواد" لکھا ہوا ہے۔

شے : یہ لفظ قدیم مخطوطہ میں "شای" ہے۔

قرآن : یہ لفظ قدیم مخطوطہ میں "ا" کے بغیر لکھا ہوا ہے یعنی "قرن"۔

ذو : یہ لفظ قدیم مخطوطات میں کبھی "ذو" کی شکل میں نظر آتا ہے اور کبھی "ذا"۔[۵۶]

مجموعی طور پر ریڈیو کاربن طریقۂ کار نے ان مخطوطات بالخصوص خطِ حجازی میں لکھے گئے مخطوطات کے عہد کی تصدیق کی جو اس سے قبل علمِ تحاریرِ قدیمہ کے ذریعے متعین کیا گیا تھا۔ چاروں قدیم ترین مخطوطات کے متعلق مشاہدات کا خلاصہ ذیل میں درج کیا جا رہا ہے:

(ا) توبنجن مخطوطہ نمبر MaVI 165 خطِ کُوفی میں لکھا گیا ہے ریڈیو کاربن طریقۂ کار کے ذریعے اس کا عہد ساتویں صدی عیسوی طے ہوا اگرچہ علمِ تحاریرِ قدیمہ نے اس کا عہد آٹھویں صدی عیسوی گمان کیا تھا۔ روشنائی کی نچلی تہ پر اسی سے ملتی جلتی روشنائی سے کیے گئے اضافے اور ترمیمات واضح طور پر دیکھے جا سکتے ہیں (لفظ "قرآن" ابتداءً "قرن" لکھا ہوا تھا، جس میں بعد میں "ا" کا اضافہ کیا گیا)۔ مزید برآں اس مخطوطے میں فرسودہ ہجے اور قراءت کے اختلافات نظر آ رہے ہیں جو بعد کے تفسیری ادب میں نہیں ملتے۔

(ب) برلن مخطوطہ نمبر Ms.or.fol.4313 کا عہد علمِ تحاریرِ قدیمہ کے ذریعے متعین کرنا مشکل تھا۔ اس میں خطِ حجازی

56– Ibid, 208.

سے مشابہت نظر آتی ہے۔ اس کی املا اور ریڈیو کاربن طریقۂ کار نے اس مخطوطے کو محفوظ شدہ قدیم ترین متنی شواہد میں سے ایک قرار دیا۔

(ج) لائیڈن مخطوطہ نمبر Cod.or.14.545 b/c کے ٹکڑے، جنھیں تحاریرِ قدیمہ کے ماہرین نے خطِ کوفی کی قسم Bla میں شمار کیا، ان کا عہد ریڈیو کاربن کے ذریعے ساتویں صدی عیسوی قرار پایا؛ اگرچہ اس کی املا میں چند ایک ہی فرسودہ ہجے نظر آتے ہیں۔ ان ٹکڑوں کے معاملے میں ریڈیو کاربن تجزیے کے نتائج اور علمِ تحاریرِ قدیمہ کی رائے میں کوئی مطابقت نہیں ہے؛ کیوں کہ ساتویں صدی عیسوی میں خط کُوفی نہیں خطِ حجازی رائج ہونا چاہیے۔

(د) برلن مخطوطہ نمبر We11 1913 کے ۲۱۰ اوراق ہیں جن پر قرآنی متن کا تقریباً ۸۵٪ حصہ محفوظ ہے، اس طرح سے کثیر ترین متن کے حامل قرآنی مخطوطات میں سے یہ قدیم ترین مخطوطہ ہے۔ اس کی املا میں فرسودہ ہجے پائے جاتے ہیں مثلاً "داؤد" کو "دواد" لکھا گیا ہے۔

یہ ریڈیو کاربن طریقۂ کار ہی ہے جس نے توبنجن اور لائیڈن کے مخطوطات کو ساتویں اور اوائل آٹھویں صدی عیسوی سے متعلق قرار دیا وگرنہ دوسرے ذرائع سے ان کا زمانہ آٹھویں صدی عیسوی ہی قرار پاتا۔ اسی طرح برلن مخطوطہ نمبر ms.or.fol.4313 کا عہد ساتویں صدی عیسوی ریڈیو کاربن کے ذریعے ہی ممکن ہوا وگرنہ اس کی املا اور ہجوں سے یہ نتیجہ برآمد نہ ہوتا۔[۵۷]

سائنسی طریقہ برائے زمانی تعین کی روشنی میں قرآنی مخطوطات ابتدائی ماٰخذ کا ایک وسیع ذخیرہ قرار پاتے ہیں جو اپنی طبعی شکل میں بہ طور مصحف تفسیری ادب سے دو یا تین صدیاں قبل کے زمانے سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے ذریعے متنِ قرآنی کی تاریخی افزائش کا زیادہ درست انداز میں علم ہو سکے گا۔ کافی حد تک متأثر کن تعداد میں متنی شواہد کی وجہ سے قرآن کو ایک تاریخی طور پر دستاویزی متن سمجھا جاتا ہے؛ کیوں کہ نیلامیوں میں فروخت ہوئے صفحات اور صنعا کے تاحال نامعلوم ذخائرِ مخطوطات کے علاوہ بھی یورپی مجموعوں میں مخطوطات کے تقریباً ۲۰۰۰ اوراق یعنی ۴۰۰۰ صفحات موجود ہیں۔ ہمیں معلوم ہے کہ اسلامی علما و فضلا کی اولین نسلیں کتابت کرتی تھیں، لیکن انھوں نے اپنی تحریروں کو شائع نہیں کیا، بلکہ اپنے مسودات کو اپنے شاگردوں کے حوالے کر دیتے تھے۔ آٹھویں صدی عیسوی کے وسط تک علم کی منتقلی بہ ظاہر زبانی ہی ہوتی تھی جو استاد سے شاگرد تک واقع ہوئی۔ اولین قرآنی مخطوطات کی موجودگی اس بات کی غماز ہے کہ متنِ قرآنی کی تحریری شکل نے اہم کردار ادا کیا اور تحریری متن بے شمار مصاحف میں موجود تھا۔[۵۸]

57– Ibid, 211.

58– Ibid, 212.

مادی شواہد کی وسعت سے یہ امکان پیدا ہو گیا ہے کہ قرآن کی متنی تاریخ میں ماضی کے اس حصے تک پہنچا جائے جہاں تک تا حال رسائی ممکن نہ تھی۔ تاہم ریڈیو کاربن تجزیے کے نتائج کی ذرائع ابلاغ میں پُر جوش تشہیر قابلِ فہم ہے؛ کیوں کہ مذہبِ اسلام اور قرآن کو ابھی تک تاریخی طور پر متنازعہ سمجھا جاتا ہے۔ یہ امر کہ قدیم ترین مخطوطات میں سے بعض کی جانچ سے متعدد نئے سوالات پیدا ہوتے ہیں جن میں سے کچھ اس سے متعلق ہیں کہ جدید طبع شدہ نسخہ جات میں املا اور ہجا کے متداول انداز کی تاریخی حقیقت کیا ہے، اس امر سے مزید نئے سوالات کھڑے ہوں گے۔ مثال کے طور پر قدیم مخطوطات کے ذخیرے کی بنیاد پر یہ سوال کیا جا سکتا ہے کہ متعدد جدید قرآنی نسخہ جات ابھی تک قدیم مخطوطات کے اس احوال پر کیوں انحصار کرتے ہیں جو اندلسی عالم الدانی اور اس کے شاگرد ابنِ نجاہ نے بیان کیا تھا۔ کیوں کہ ان دونوں کے بیان کردہ متعدد پہلو آج دست یاب قدیم مخطوطات میں کم ہی پائے جاتے ہیں اور ان مخطوطات کی رسم اور ہجے جن کے متعلق یہ سمجھا جاتا ہے کہ یہ عہد عثمانیؓ سے چلے آ رہے ہیں ان کو دوبارہ پرکھنے کی ضرورت ہے۔ (۵۹)

چودہ قرآنی مخطوطات کے ریڈیو کاربن تجزیے کے نتائج سے مخطوطے کے عہد اور اس کے رسم الخط کے درمیان باہمی تعلق کی نشان دہی ہوتی ہے۔ قدیم ترین مخطوطات میں خط حجازی، اس کے بعد خطِ کُوفی نظر آتا ہے اور درمیان میں ایک ایسا عرصہ ہے جب دونوں اسلوب ملے ہوئے نظر آتے ہیں۔ صنعا کے دارالمخطوطات کا مخطوطہ نمبر DAM01-27 جو کہ طرس کی شکل میں ہے، اس کی نیچے والی تحریر میں آج کے رائج متن سے کافی انحرافات نظر آتے ہیں۔ لائیڈن کے ٹکڑے، جن میں سے دو خطِ کُوفی اور ایک خطِ حجازی میں ہے، ان میں آج کے رائج متن کے مقابلے میں ہجے اور قراءت کے اختلافات کافی کم ہیں۔ خطِ کُوفی میں لکھے مخطوطے 1913 We 11 اور MaVI 165 خط حجازی میں لکھے مخطوطے ms.or.fol.4313 میں زیادہ شاذ اور عجیب ہجے نظر آتے ہیں جس سے ان مخطوطات کی قدامت کا پتا چلتا ہے۔ (۶۰) اگر ہم ریڈیو کاربن تجزیے سے طے شدہ زمانے تسلیم کر لیں تو مختلف ہجے مختلف رفتار سے ترقی کرتے ہوئے نظر آتے ہیں۔ یقیناً ابھی تک ہمارا علم اس بارے میں ناقص ہے کہ مذکورہ مخطوطات کون سے علاقے میں لکھے گئے۔ جن پہلوؤں کی ہم بات کر رہے ہیں وہ تلفظ اور ہجے کے علاقائی اختلافات اور رواج کا نتیجہ ہو سکتے ہیں۔ ذیل کے جدول میں ریڈیو کاربن تجزیہ کیے ہوئے چودہ مخطوطات کے نتائج کا خلاصہ پیش کیا جا رہا ہے۔

59– Ibid, 214.

60– Ibid, 214.

TABLE 6.2 Fourteen carbon-dated manuscripts, listed according to the calculated time span in increasing chronological order

No.	Collection	Manuscript	Radioactive carbon age in BP (= years before 1950)	Time span to which the carbon was dated in CE	Script (Déroche 1983)
1	Birmingham* (Oxford laboratory)	1572a	[1456, 21], fol. 1 or fol. 7	568–645	*ḥiǧāzī* I
2	Sanaa	DAM 01-27.1	1440, 16 (fol. 2), 1404, 16 (fol. 11), 1439, 16 (fol. 13)	606–649	*ḥiǧāzī* I
3	Berlin	ms. or. fol. 4313	1422, 19 (fol. 2) 1424, 19 (fol. 5)	606–652	*ḥiǧāzī* II
4	Sanaa	DAM 01-29.1	1378, 16 (fol. 7/8) 1400, 16 (fol. 13)	633–665	*ḥiǧāzī* I
5	Tübingen	Ma VI 165	1357, 24 (fol. 23), 1388, 24 (fol. 28), 1319, 24 (fol. 37)	649–675	*kūfī* B Ia
6	Leiden	Cod. or. 14.545a	1335, 24 (fol. 4) 1322, 24 (fol. 2/3)	652–763	*kūfī* B Ib
7	Leiden	Cod. or. 14.545b Cod. or. 14.545c	1327, 24 (fol. 1) 1331, 24 (fol. 1)	652–763	*kūfī* B Ia
8	Leiden	Or. 8264 (papyrus)	1324, 24	653–766	close to *kūfī* B II
9	Berlin	We. II 1913	1300, 27 (fol. 21), 1313, 19 (fol. 104), 1305, 19 (fol. 151)	662–765	*kūfī* B Ia
10	Berlin	We. II 1919	1288, 19 (fol. 13)	670–769	*kūfī* C III
11	Leiden	Or. 6814	1247, 24 (fol. 6) 1256, 24 (fol. 28)	680–798	*kūfī* B II
12	Stuttgart	Sig. isl. 18	1233, 21 (fol. 1)	690–877	*kūfī* B Ib
13	Munich	Cod. arab. 2569	1227, 21 (fragment 1) 1211, 24 (fragment 2)	720–880	*kūfī* D IV
14	Munich	Cod. arab. 2817	1210, 21 (fol. 9)	725–886	*kūfī* D IV

Fig 2.2.6 i

اس جدول کے بائیں طرف سے دوسرے کالم میں اس شہر کا نام درج ہے جہاں یہ خاص مخطوطہ محفوظ ہے۔ تیسرے کالم میں مخطوطے کا شناختی نمبر، پانچویں کالم میں ریڈیو کاربن طریقۂ کار کے ذریعے متعین شدہ عہد عیسوی تقویم میں جب کہ آخری کالم میں مخطوطہ کا رسم الخط درج کیا گیا ہے۔ چاروں قدیم ترین مخطوطات کا رسم الخط حجازی جب کہ نسبتاً جدید تر ۱۰ مخطوطات کا رسم الخط کوفی ہے۔

کیوں کہ ہم یہ سمجھنے میں حق بجانب ہیں کہ ہمارے پاس عربی کی قدیم ترین تصور ہوتی کتاب کے متعلق اولین شواہد کا ایک اہم ذخیرہ موجود ہے، لہذا عربی رسم کے ارتقا پر تاریخی تحقیق ایک نئے انداز سے سر انجام پانی

چاہیے۔ یہ امر فیصلہ کن اہمیت کا حامل محسوس ہوتا ہے کہ بعد کے مآخذ کے بیانیے کے اثرات قبول کیے بغیر ایک جداگانہ تناظر اور طریقۂ کار تشکیل دیا جائے۔ جیسا کہ ہم نے ثابت کرنے کی کوشش کی ہے قرآنی ہجوں اور رسم الخط کے معاملے میں ہم اس قابل ہو گئے ہیں کہ متنی مآخذ کو ایک مورخ کی نظر سے دیکھ سکیں۔ تاریخ زدہ بردی دستاویزات میں نظر آنے والے ہجوں کے ساتھ موازنہ کرنے سے اس شعبے کے متعلق ایک تاریخی طریقۂ کار کو بہتر کیا جاسکتا ہے۔

۲.۳–پیلیو قرآن منصوبہ (Paleocoran) [۶۱]

یہ منصوبہ مصر، بالخصوص اس کے شہر فسطاط، کی جامع مسجد عمرؓو بن العاص سے حاصل شدہ قدیم قرآنی مخطوطات کے تجزیے اور ان کو جدید ترین آن لائن قرآنی کتب خانے میں محفوظ کرنے کی غرض سے شروع کیا گیا تھا۔ اس منصوبے کا آغاز ۲۰۱۵ء میں ہوا اور ۲۰۱۹ء میں اختتام پذیر ہو گیا۔ اس منصوبے نے قرآنیکا منصوبے کی دریافتوں کی بنیاد پر اپنا تحقیقی سفر شروع کیا۔ اس ادارے کی مالی سرپرستی جرمنی کے تحقیقی ادارے DFG اور فرانسیسی تحقیقی تنظیم ANR نے مشترکہ طور پر کی۔ جب کہ انتظامی معاملات جرمنی کے ادارے BBAW اور فرانس کے ادارے College de France کے سپرد تھے [۶۲]۔ اس منصوبے کے جو اغراض و مقاصد اس کی ویب سائٹ پر درج کیے گئے ہیں، ان کو اس طرح بیان کیا جاسکتا ہے:

61– Paleocoran, accessed Jully 07, 2021, www.paleocoran.eu

۶۲– منتظمین و جماعتِ محققین

نگرانِ اعلیٰ: مائیکل مارکس (BBAW)

فرانسوا ڈیوش (College de France)

جماعتِ محققین:

علی آغائی	(Ali Aghaei)	BBAW
عدن محمودووچ	(Edin Mahmutovic)	BBAW
آلیور پوہل	(Oliver Pohl)	BBAW
حسن شاہدی	(Hassan Chahidi)	College de France
ایلیونور سیلارڈ	(Eleonore Cellard)	College de France
ٹوبیس جوکم	(Tobias J. Jocham)	College de France

- منصوبے کے اغراض و مقاصد میں مرکزی اہمیت اس نکتے کو حاصل ہے کہ اس منصوبے کے ذریعے اس خلا کو پُر کیا جائے جو قرآن کی تاریخ سے آگاہی کے متعلق تین مختلف جہتوں کے درمیان پایا جاتا ہے، یعنی عرب مآخذ، علمِ تحاریرِ قدیمہ (Paleography) کے حوالے سے قرآنی مخطوطات پر تازہ ترین تحقیق اور قاہرہ کی جامع عمرؓ بن العاص کے قرآنی کتب خانے میں محفوظ ساتویں سے دسویں صدی عیسوی (پہلی سے تیسری صدی ہجری) کے نسخہ جات کے مختلف متنی پہلوؤں کا حقیقی فہم۔
- فسطاط کی جامع عمرو رضی اللہ عنہ سے حاصل شدہ مخطوطات کے دنیا بھر میں مختلف مقامات پر دست یاب تقریباً ۳۶۰۰ ٹکڑوں کو یک جا کر کے ان مخطوطات کو دوبارہ تشکیل دیا جائے۔ کمپیوٹر کے ذریعے اس طرح کی تشکیلِ نو کے لیے Bibliotheca Coranica of Fustat یعنی "فسطاط کا کتب خانۂ قرآن" کے نام سے ایک ویب سائٹ بنائی جائے گی۔
- مذکورہ مخطوطات کی مختلف ادوار میں نقل و حرکت یعنی مصحفِ عثمانی سے سمرقند یا استنبول اور پھر یورپی ذخائرِ علم تک کا کھوج لگانے کے لیے عربی و عثمانی مآخذ، سفری سرگذشتوں اور یورپی ذخائرِ کتب کے قدیم مواد کو دستاویزی شکل دی جائے گی۔
- اس تاریخی عرصے پر توجہ دی جائے گی جس کا تعلق متنِ قرآنی کی تاریخ کے اہم واقعات سے تھا، یعنی حرکات، نقاط اور عربی ہجوں کی تعیین، اختلافِ قراءت کا ارتقا اور بالآخر بغداد میں ابنِ مجاہد کی اصلاحاتِ قراءت، جن کے ساتھ ہی قرآنی نص قائم کرنے کا عمل مکمل ہو گیا۔
- فسطاط کے مخطوطات پر مذکورہ بالا حوادث کے اثرات کو جانچنے کی کوشش کی جائے گی۔ اس کے بعد ہی یہ ممکن ہو گا کہ اختلافِ قراءت اور نصِ قرآنی کی قبولیت کے مقامی نفوذ کو جانچا جا سکے۔ اس عرصے کے دوران میں قرآن کی طبعی ہیئت میں رونما ہونے والی متعدد تبدیلیوں پر بھی تحقیق کی جائے گی۔
- مخطوطات کو مختلف علوم مثلاً علمِ تحقیقِ لسانیات، علمِ دستاویزاتِ کہنہ، علم المخطوطات، تاریخِ فن و ہنر اور طبعی و کیمیائی تجزیے کو ملا کر پرکھا جائے گا۔ مؤخر الذکر کے ذریعے شاید قرآنی کتب خانے کے مختلف مصاحف کے ماخذ کا تعین کرنے میں آسانی ہو۔ معاصر پڑوسی مخطوطات کے ساتھ ان نسخوں کا تقابل بھی کیا جائے گا تاکہ باہم مرتب اثرات کو طے کیا جا سکے۔(۶۳)

اگرچہ یہ منصوبہ اختتام پذیر ہو چکا ہے، لیکن تا حال نہ تو اس کی دریافتوں کا کوئی ذکر ملتا ہے اور نہ ہی

63– Paleocoran.eu.

"فسطاط کا کتب خانۂ قرآن" نامی اس ویب سائٹ کا کوئی وجود ہے جس کا قیام اس منصوبے کے اغراض و مقاصد میں شامل تھا۔

۴ .۲– ایران قرآن منصوبہ (Irankoran)

اگرچہ یہ منصوبہ بھی اب اختتام پذیر ہو چکا ہے، لہٰذا اصولی طور پر اب اس کے اغراض و مقاصد کے بجائے دریافتوں پر بات ہونی چاہیے، لیکن تاحال اس منصوبے کی کوئی بھی مطبوعہ دستاویز نہ تو کتابی شکل میں سامنے آئی ہے اور نہ ہی منصوبے کی ویب سائٹ پر۔ آئندہ سطور میں اس منصوبے کی ویب سائٹ پر درج اغراض و مقاصد اور منہج کا ذکر کیا جائے گا تاکہ اس منصوبے کی حقیقی نوعیت اور اس کے ممکنہ اثرات کا اندازہ ہو سکے۔ یہ منصوبہ ۲۰۱۷ء میں شروع ہوا اور ۲۰۲۰ء میں پایۂ تکمیل کو پہنچ گیا۔ یہ منصوبہ دراصل کارپس قرآنیکم نامی منصوبے ہی کا ایک ذیلی منصوبہ تھا، لہٰذا اس کی انتظامی سرپرستی کارپس قرآنیکم اور جرمنی کے ادارے BBAW کے پاس تھی۔ یہ منصوبہ ڈاکٹر علی آغائی کی سربراہی میں کام کرتا رہا۔

۴.۱ .۲– اغراض و مقاصد [۶۴]

قرآن کی متنی تاریخ کو سمجھنے کے لیے اولین قرآنی مخطوطات کے تجزیے کو کلیدی اہمیت حاصل رہی ہے۔ اس ضمن میں ایران قرآن منصوبے کی کوشش رہی ہے کہ ایرانی علمی ذخائر میں موجود اہم مخطوطات تک رسائی ممکن بنائی جائے۔ ایرانی ماخذ سے حاصل ہونے والا مواد قرآن کی متنی تاریخ کا ایک نیا تناظر پیش کرتا ہے؛ کیوں کہ عالمِ اسلام کے مشرقی حصے سے حاصل ہونے والے مخطوطات کو پہلی دفعہ جانچا جا رہا ہے۔ اس منصوبے کے اغراض و مقاصد کو مختصراً یوں بیان کیا جا سکتا ہے۔

- عالمی سطح پر مقبول انتظام TEI (Text Encoding Initiative) کی ہدایات کی روشنی میں Bibliotheca Coranica Iranica کے نام سے ایک آن لائن فہرست تیار کرنا۔
- ایران میں موجود قدیم مخطوطات کا سائنسی طریقے سے یعنی ریڈیو کاربن کے ذریعے تجزیہ کر کے ان کے عہد کا تعین کرنا۔
- ان امکانی تغیرات کی نشان دہی کرنا جن کی مدد سے دسویں صدی عیسوی میں مسلمہ حیثیت اختیار کرنے والے موجودہ قرآنی متن کو تاریخی طور پر ثابت کیا جا سکے۔

64– "Research:Irankoran", BBAW, accessed July 13, 2021, www.bbaw.de/en/research/irankoran.

- ایرانی کتب خانوں سے حاصل شدہ قرآنی مخطوطات کی تصاویر کو ایک ذخیرۂ حقائق (Database) میں محفوظ کرنا اور ساتھ ہی ایک سرچشمۂ حقائق (Metadata) بھی تشکیل دینا۔
- عربی مخطوطات کی انتقالِ حرفی شکل کو بھی ایک مخصوص ذخیرۂ حقائق میں محفوظ کرنا۔ اس انتقالِ حرفی ذخیرے کے طفیل ان مخطوطات کے قابلِ مطالعہ ہونے، ترمیمات اور آرائش و زیبائش کے مختلف مدارج کی نشان دہی اور ان مخطوطات کے موجودہ معیاری نسخے (قاہرہ سے ۱۹۲۴ء میں شائع شدہ) سے انحراف کی نشان دہی جیسے فوائد حاصل ہوں گے۔

مذکورہ بالا اقدامات سے حاصل ہونے والے حقائق کی بنیاد پر ایک تفصیلی لسانیاتی شرح تشکیل پائے گی جو ایرانی مخطوطات کی روشنی میں قرآن کی متنی تاریخ پیش کرے گی۔

۲.۵- کارپس قرآنیکم

منصوبہ جات میں سے کارپس قرآنیکم (Corpus Coranicum) نامی منصوبہ وسعتِ اہداف اور طوالتِ دورانیے کے اعتبار سے سب سے بڑا منصوبہ ہے۔ اس منصوبے کو کارپس قرآنیکم (Corpus Coranicum) کا نام دیا گیا ہے۔ لفظ "Corpus" لاطینی زبان کا لفظ ہے اور آکسفرڈ ڈکشنری کے مطابق یہ لفظ مندرجہ ذیل معانی میں استعمال ہوتا ہے۔[۶۵]

i. تحریری متون بالخصوص کسی خاص مصنف کی تمام تحاریر کا مجموعہ یا کسی خاص موضوع پر لکھی گئی مختلف مصنفین کی تمام تحاریر کا مجموعہ۔

ii. انسانی جسم کی کسی خاص ساخت کا مرکزی مادی وجود

مندرجہ بالا تعریفات کی روشنی میں ہم کارپس قرآنیکم (Corpus Coranicum) کا اردو ترجمہ "مجموعۂ قرآنیات" کر سکتے ہیں۔

اس منصوبے کے منتظمین نے اس کو کارپس قرآنیکم کا نام اس لیے دیا ہے کہ اس منصوبے کے تحت وہ اپنے تئیں قرآن کے متعلق تمام دست یاب مادی شواہد، تفسیری مواد اور نزولِ قرآن کے زمانی و مکانی ماحول کے دست یاب تحریری مواد کو یک جا کرنا چاہتے ہیں۔ اس منصوبے کے سرپرست ادارے BBAW نے دیگر شعبوں کے متعدد تحقیقی منصوبہ جات کے عنوانات کے لیے بھی کارپس کا سابقہ استعمال کیا ہے۔ مثلاً Corpus

---

65 "Corpus", Lexico, accessed July 18,2021, https://www.lexico.com/definition/corpus.

Inscriptionum Latinarum اور Corpus Medicorum Graecorum وغیرہ۔ یہ منصوبہ ۲۰۰۷ء میں شروع ہوا اور متوقع طور پر ۲۰۲۵ء میں ختم ہو گا اگرچہ اس کی تاریخِ اختتام میں توسیع کے قوی امکانات ہیں۔

اس منصوبے کی مالی اور انتظامی سرپرستی جرمنی کا مشہورِ زمانہ تحقیقی ادارہ برلن برانڈنبرگ اکیڈمی آف سائنسز یعنی BBAW کر رہا ہے۔ یہ منصوبہ جرمنی کی وفاقی حکومت اور متعلقہ ریاستی حکومتوں کی مالی سرپرستی کے تحت قائم شدہ Academy Program کے ایک حصے کے طور پر کام کر رہا ہے۔ اکیڈمی کی ویب سائٹ پر اس منصوبے کا مقصد اس طرح بیان کیا گیا ہے "ہمارے ثقافتی ورثے کی بازیافت اور اس کا مطالعہ ہے، تاکہ اسے قابلِ رسائی بناتے ہوئے اس کا حال کے ساتھ ربط قائم کیا جائے اور مستقبل کے لیے اسے محفوظ کیا جائے۔" (۶۶)

جب کہ یہ منصوبہ مندرجہ ذیل محققین پر مشتمل ہے۔(۶۷)

سربراہِ منصوبہ: مائیکل جوزف مارکس اور ڈاکٹر اینجلیکا نیوورتھ

مذکورہ محققین کا تعارف گزشتہ سطور میں گذر چکا ہے۔ ان دونوں کو مندرجہ ذیل نائبین کی خدمات حاصل ہیں:

ڈاکٹر ایڈریان پرتی (Dr. Adrian Pirtea)

ڈاکٹر ذیشان غفار (Dr. Zeeshan Ghaffar)

ڈرک ہارٹ وگ (Dirk Hartwig)

ڈاکٹر علی آغائی (Dr. Ali Aghaei)

۱.۵.۲– تاریخی پس منظر

کارپس قرآنیکم منصوبہ در حقیقت جرمنی ہی میں ۱۹۳۰ء میں شروع کیے گئے ایک تحقیقی منصوبے Apparatus Criticus For the Koran کا احیا ہے۔ Apparatus Criticus کا مطلب ہے کسی کتاب کے تنقیدی مطالعے کی غرض سے اس کے ساتھ منسلک ثانوی حقائق (۶۸) مثلاً قرآنِ مجید کے ضمن میں اختلافِ قراءت۔ Apparatus Criticus نامی منصوبہ جرمنی کے ادارے Bavarian

---

66– "Research Projects: Corpus Coranicum", BBAW, accessed July 17, 2021, https://www.bbaw.de/en/research/corpus-coranicum.

67– "Research Projects: Corpus Coranicum:Staff", BBAW, accessed July 17, 2021, https://www.bbaw.de/en/research/corpus-coranicum/staff .

68– www.merrian-webster.com/dictionary accessed on 28 Janurary 2024.

Academy of Sciences & Humanities کے قائم کردہ Commission of Semitic Philology یعنی جماعت برائے تحقیق سامی لسانیات کے زیر انتظام شروع ہوا اور اس کا سربراہ میونخ یونی ورسٹی کے شعبۂ عربی کا پروفیسر گوتھیلیف برگستیسر (۱۸۸۶ء تا ۱۹۳۳ء) تھا۔ برگستیسر کے پاس مصر، فرانس، مراکش، ترکی میں محفوظ شدہ قرآنی مخطوطات کی تقریباً ۱۱۰۰ تصاویر تھیں اور اس کا مقصد ان تصاویر کی مدد سے ایک ایسا ذخیرۂ حقائق تشکیل دینا تھا جو آسٹریلوی مستشرق آرتھر جیفری کے اس منصوبے کی معاونت کرتا جو جیفری نے قرآن کے اختلافِ قراءت کے متعلق روایتِ اسلامی میں دست یاب تحریری مواد کو یک جا کرنے کی غرض سے شروع کیا تھا اور جو ضخیم دستاویزی مواد پر مشتمل تھا۔ برگستیسر کی ۱۹۳۳ء میں وفات کے بعد اوٹو پریتزل (۱۸۹۳-۱۹۴۱ء) نے اس منصوبے پر کام جاری رکھا، تاہم جنگ عظیم دوم کی وجہ سے اس منصوبے میں خاطر خواہ پیش رفت نہ ہو سکی۔ برگتیسر کا منصوبہ تھا کہ اختلافِ قراءت کی ایک ایسی منظم فہرست تشکیل دی جائے جو ۱۹۲۴ء میں قاہرہ سے شائع شدہ قرآنی نسخے کے درست ترین متن کے لیے ایک حوالے کی حیثیت اختیار کر جائے۔[۶۹]

اوٹو پریتزل نے قرآنی مخطوطات کا تصویری ذخیرہ برگستیسر کے شاگرد اور اپنے رفیق کار ڈاکٹر انٹن سپائیٹلر، (Anton Spitaler) جس کا عرصۂ حیات ۱۹۱۰ء تا ۲۰۰۳ء تھا، اس کے سپرد کر دیا جس نے عرصۂ دراز تک یہ مشہور کیے رکھا کہ وہ تصویری ذخیرہ جنگِ عظیم کے دوران میں بمباری کے باعث ضائع ہو گیا تھا، لیکن پھر اس نے ۱۹۹۰ء کی دہائی میں یہ ذخیرہ اپنی شاگرد ڈاکٹر اینجلیکا نیورتھ کے حوالے کر دیا[۷۰] جو کہ اس وقت کارپس قرآنیکم کی سربراہ ہے۔

۲.۵.۲- فکری پس منظر

کارپس قرآنیکم کے فکری پسِ منظر اور محرکات کو سمجھنے کی غرض سے اس کے ناظمِ اعلیٰ مائیکل مارکس کے ایک مضمون کا ترجمہ سطورِ ذیل میں پیش کیا جا رہا ہے جو اس نے ۲۰۰۸ء میں لکھا تھا۔

The Lost Archieve, the myth of philology and the study of the Quran [71]

"جدیدیت" کے اس دور کا لازمہ ہے کہ اس افسانے پر یقین رکھا جائے کہ قدیم مخطوطات کو پُراسرار اور

69– Quran quotation preserved on Papyrus documents, op.cit, PP:190-191.

70– "Anton Spitaler", Wikipedia, accessed July 02, 2021, de.wikipedia.org/wiki/Anton-Spitaler

71– https://edoc.bbaw.de/frontdoor/index/index/docId/799, retrieved on July 07, 2021.

اثر انگیز ہونا چاہیے۔ یہ بات ابھی یادداشتوں میں تازہ ہے کہ قرآن کے پارچہ جات پر بحث کے دوران میں اسی طرح کی توقعات کار فرما تھیں اور ابھی حال ہی میں "ڈاونچی کوڈ"، جو کہ بذاتِ خود ایک سطحی سی کہانی ہے، کی فروخت بھی انتہائی زیادہ رہی۔ یہ حقیقت کہ وال سٹریٹ جرنل (امریکہ کا کثیر الاشاعت روزنامہ جس کی زیادہ تر توجہ کاروبار سے متعلق خبروں پر ہوتی ہے) نے ۱۲ جنوری ۲۰۰۸ء کو اپنے صفحۂ اول پر "برگسٹیسر کی فلموں کا گم شدہ خزینہ" کے عنوان سے ایک مضمون شائع کیا۔اس کی وجہ بہ ظاہر دنیا میں برپا "مشنی جنگ" کا افسانہ ہو سکتا ہے۔ آج مشرقِ وسطیٰ اور یورپ میں عیسائیوں، مسلمانوں اور یہودیوں کے درمیان آویزش، جسے تہذیبوں کا تصادم یا مذہب کی جنگ کا نام دیا جارہا ہے، اسے اس کے مخصوص معاشی، سماجی یا سیاسی پسِ منظر سے الگ کر کے دیکھنا قرینِ قیاس معلوم ہوتا ہے۔ ۱۲/ستمبر ۲۰۰۱ء کو میرا ایک دوست قرآن کا ایک نسخہ لے کر میرے پاس اس مقصد کی خاطر آیا کہ وہ یہ سمجھ سکے کہ ہو کیا رہا ہے"۔ درحقیقت پروٹسٹنٹ کے اس نعرے کہ "صرف انجیل کے ذریعے "کی مثل "مسلمانوں کے طرزِ عمل" کو بھی اسلام کی کتابِ مقدس کے ذریعے سمجھنا ایک پرکشش تصور ہے۔ اس کی سطحیت کے باوجود یہ تصور کہ مسلمانوں کے افعال اور قرآنی عبارات کے درمیان براہِ راست علل و معلول کا تعلق ہے اب عام ہوتا ہوا محسوس ہو رہا ہے۔ کوئی بھی مضمون جو اسلام میں ناپید روشن خیالی پر لکھا جاتا ہے وہ اس سے بھی زیادہ ناپید، لیکن فوری طور پر درکار تنقیدی نسخہ قرآن کی طرف اشارہ ضرور کرتا ہے۔ مشرقِ وسطیٰ میں جنگ وجدل اور خودکش دھماکوں کی کوئی خبر اس کوشش سے خالی نہیں ہوتی کہ قرآنی عبارات کو کھنگالا جائے اور نماز پڑھتے اور تلاوتِ قرآن کرتے ہوئے مسلمانوں کی تصاویر سے اسے مزین کیا جائے۔ وہ خطہ یعنی مشرقِ وسطیٰ، جسے یورپی اور امریکی مؤرخین تہذیب کا گہوارہ قرار دیتے ہیں اور یہودیت اور اسلام کی جائے پیدائش ہے، اس کے ثقافتی، سماجی اور مذہبی تنوع کی ماہیت کر کے اسے ایک "تخریب کار" یک رنگی مذہبی عفریت کے طور پر دکھایا جارہا ہے۔ گوتھیلف برگسٹیسر (۱۹۳۳ء-۱۸۸۶ء) اور اس کے رفیق کار اوٹو پریسل (۱۹۴۱ء-۱۸۹۳ء) کی محفوظ کردہ قدیم قرآنی مخطوطات کی تصاویر کی گم شدگی پر مذکورہ مضمون قرآن پر لسانی تحقیق کی اس روایت کی یاد دلاتا ہے جسے دوسری جنگِ عظیم کے بعد فراموش کر دیا گیا تھا۔ یہ جرمن زبان بولنے والے ماہرینِ تحقیقِ لسانیات تھے، جنھوں نے دو صدیاں قبل قرآن پر تنقید کے طریقۂ کار کی بنیاد رکھی۔ ابراہم گائیگر (Abraham Geiger) کی ۱۸۳۳ء میں شائع شدہ کتاب "محمدؐ نے یہودیت سے کیا مستعار لیا؟" جس کا اکثر حوالہ دیا جاتا ہے اور جسے سمجھنے میں بھی اکثر غلطی کی جاتی ہے، اسے ایک سنگِ میل کی حیثیت سے دیکھا جا سکتا ہے، جس نے یہودی علما کے ایک ایسے کارواں کی بنیاد رکھی جنھوں نے تقریباً ایک صدی تک اپنے زیرِ مطالعہ یہودی متون کے مجموعے میں اسلامی متون کو

بھی شامل کیے رکھا۔ گائیگر کی کتاب کا عنوان حقیقت کے برعکس ہے؛ کیوں کہ اس کا مصنف کسی بھی طرح سے پیغمبرؐ اسلام کی شان میں گستاخی نہیں کرتا، بلکہ وہ تو انھیں ایک ایسے عبقری کے طور پر دیکھتا ہے جو اواخر عہدِ عتیق کے ایسے ماحول میں متمکن ہیں جہاں یہودی متون اور روایات کو نئی ابھرتی ہوئی مسلم امہ کے جزوِ لازم کے طور پر دیکھا جاتا ہے۔ یہ ایک خلافِ قیاس حقیقت ہے کہ تحریکِ اصلاحِ یہودیت کے بانی نے پسِ نپولین وسطیٰ یورپ کے معاشروں میں یہودیت کے لیے گنجائش پیدا کرنے کی خاطر یہودی روایات اور قرآن کے درمیان اتصالات کا مطالعہ کر کے یہودی روایت کو مشرقِ وسطیٰ کے ماحول میں واپس جوڑنے کی کوشش کی ایک ایسے معاشرے میں جہاں یہودی تحریک نے اپنی روایت کا سلسلہ مشرقِ وسطیٰ کے ماحول کے ساتھ واپس جوڑنے اور اس خطے سے ابھرنے والے ایک اور مذہب کے ساتھ اپنے تعلق کو ظاہر کر کے ایک یورپی شناخت کا تصور کھڑا کیا۔[۷۲]

انیسویں صدی عیسوی نے اگنز گولڈزیہر (۱۸۵۰-۱۹۲۱) تھیوڈور نولڈیکے (۱۹۳۰-۱۹۳۶) اور گستاف ویل (Gustav Weil) (۱۸۰۸-۱۸۸۹) جیسے جرمن زبان بولنے والے علما بھی دیکھے جنھوں نے مشرقِ وسطیٰ کے عربی، سریانی، عبرانی اور فارسی زبانوں کے ادب کے متعلق قابلِ اعتماد لسانی تحقیق کی بنیاد رکھی۔ ان کی اور ان کے شاگردوں کی محنت کے ثمرات کو اکثر متن پر تنقید کے ضمن میں سنگِ میل کے طور پر دیکھا جاتا ہے اور ان کی تصنیفات اب بھی عالمِ مغرب اور شرقِ اوسط کے کتب خانوں میں پائی جاتی ہیں۔ یہ تھیوڈور نولڈیکے ہی تھا جس نے تاریخِ قرآن پر ایسی کتاب رقم کی جسے مغرب اور مشرق کے علما قرآن پر لسانی تحقیق کا ایک شاہ کار گردانتے ہیں؛ حتیٰ کہ اگر اپنے انیسویں صدی عیسوی کے جذبے کے تحت نولڈیکے نے پیغمبر اسلامؐ کو ایک عبقری قرار دیتے ہوئے قرآن کی تصنیف کا سہرا ان کے سر باندھا، تو بھی اس کی تخلیقات اس کے روایتِ اسلامی کے معقول علم اور اس کے مناہجِ تحقیقِ لسانیات کا ثبوت ہیں جن کی مثال آج ناپید ہے۔ نولڈیکے کے جانشینوں میں برگستیسر اور پرتزل جیسے علما تھے، جنھوں نے قرآن کے لسانی تحقیق کی بنیاد پر تنقیدی مطالعے کے منصوبے کو ترویج دی۔ برگتیسر نے نئے ایجاد ہوئے نقل و حمل کے لائق کیمرے کی مدد سے تصویریں حاصل کرنے کے لیے نہ صرف بحیرۂ روم کے عرب ممالک کا سفر کیا، بلکہ مصر کی شاہی اکیڈمی برائے سائنسی علوم کے اجلاسوں میں شرکت کے لیے باقاعدگی سے قاہرہ بھی جاتا رہا۔ اس کو ایک ایسا عالم کہا جا سکتا ہے جس نے نہ صرف اپنے موضوعِ تحقیق یعنی عربی متون کا مطالعہ کیا، بلکہ جو یہ سمجھتا تھا کہ اپنے مشرقِ وسطیٰ سے تعلق رکھنے والے رفقائے کار کے ساتھ

72– https://edoc.bbaw.de/frontdoor/index/index/docId/799, retrieved on July 07, 2021.

تبادلۂ معلومات کے ذریعے روایتِ اسلامی کے علم کو اپنے منہج دانش میں شامل کیا جانا چاہیے۔ اس نے ۱۹۳۳ء میں اپنی قبل از وقت اور غیر متوقع موت کے بعد ایسا ذخیرہ ترکے میں چھوڑا جو دوسری جنگِ عظیم کے بعد نظروں سے اوجھل ہو گیا۔ اس ذخیرے تک عدم رسائی کے عام ہوئے یقین کو ۱۹۴۴ء میں اس ذخیرے کے مواد کی تباہی کے متعلق افواہوں اور اس کے جانشین اینٹون سپٹلر (۱۹۱۰ء– ۲۰۰۳ء) کی خاموشی نے مزید تقویت دی۔ اگرچہ سب کے سب تو نہیں، لیکن کافی تعداد میں وہ جرمن دانش ور، جو نازیوں کے بر سر اقتدار آنے کے بعد جرمنی ہی میں رہ گئے تھے، ان کی ہم دردیاں نازیوں کے ساتھ تھیں۔ جنگ کے دوران بدیسی زبانوں کے علم نے علما کو جرمنی کی جنگی صنعت میں متخصص ملازمتوں کا اہل بنا دیا، جہاں ان کی زبان دانی کی صلاحیتوں کو اہم سمجھا گیا۔

گوتھیلف برگستیسر نے ”تیسری سلطنت“ (Third Reich) کی شکل میں سیاسی آفت کے صرف آغاز کا ہی تجربہ کیا۔ میونخ یونی ورسٹی میں اس کا رفیقِ کار اور علمِ موسیقی کا ماہر، کرٹ ہیوبر، جس نے برگستیسر کے ساتھ مل کر قاہرہ میں تلاوتِ قرآن پر ایک مضمون شائع کیا تھا، اس نے نازی حکومت کے خلاف سرگرمِ عمل سفید گلاب تحریک میں شمولیت اختیار کر لی۔ اس کا ۱۹۴۳ء میں سر قلم کر دیا گیا۔ چوں کہ جرمنی اور یورپ میں یہودی علما کو قتل کر دیا گیا تھا، یا وہ ملک چھوڑ کر جا چکے تھے، لہٰذا جنگ کے بعد جرمنی نہ صرف اپنی دانش ور اشرافیہ سے ہاتھ دھو بیٹھا، بلکہ جرمن زبان بین الاقوامی سطح پر تعلیم و تحقیق کی زبان کے طور پر زوال کا شکار ہو گئی۔ دوسری جنگِ عظیم کے بعد قرآن پر تحقیق نے گولڈ زیہر، نولڈیکے اور برگستیسر کی قائم کی ہوئی روایت کی پیروی کرنا ترک کر دی۔ ۱۹۷۰ء کی دہائی میں جان وانسبرو (۲۰۰۲ء–۱۹۲۸ء) اور پیٹریشیا کرون کی تصنیفات نے قرآن کا ایک نیا تناظر تجویز کیا جس کے مطابق یہ کتاب یا تو پیغمبرؐ اسلام کے ایک یا دو صدیوں بعد ظہور میں آئی ہو گی یا پھر فلسطینی مذہبی تحاریک کے نتیجے میں وجود میں آئی (اس نظریے نے مکہ و مدینہ کو مسلم امہ کے اجتماعی مائل بہ ماضی تخیل تک محدود کر دیا)۔ ان دونوں میں سے کوئی بھی نظریہ پچھلی دو دہائیوں کی تحقیق کے نتائج سے مطابقت نہیں رکھتا۔ مذکورہ دونوں مصنفین میں سے کوئی ایک بھی شاید آج اپنی کتاب پہلے والے نفسِ مضمون کے ساتھ نہیں لکھے گا۔ پھر بھی قرآنی تحقیق کے شعبے میں مذکورہ دونوں تصنیفات کو مسلم قارئین نے دانشِ مغرب کے حقیقی عزائم کو بے نقاب کرنے والی کتب کے طور پر ہی دیکھا، لہٰذا کسی حد تک یہ کہا جا سکتا ہے کہ ان تصانیف نے باہمی اعتماد کا خاتمہ کر دیا۔ مشرقِ وسطیٰ میں آج بھی یورپی علما پر ترمیم پسند مکتبۂ فکر سے تعلق رکھنے کا شک کیا جاتا ہے، جو کہ علما کے

درمیان علمی تبادلے میں ایک رکاوٹ ہے۔[۷۳]

قرآنی تحقیق کا شعبہ جسے بائبل پر دو صدیوں کی تحقیق کے لحاظ سے ایک کم تحقیق شدہ شعبہ کہا جا سکتا ہے، اس میں تحقیق کے نقطۂ نظر سے کافی "خالی جگہیں" ہیں۔ قدیم ترین مخطوطات اور مسلمانوں کی زبانی روایات کے تقابلی مطالعے کی قلت یہ تقاضا کرتی ہے کہ بہت زیادہ چیزوں کو دستاویزی شکل دی جائے اور وسیع پیمانے پر تجزیاتی کام کیا جائے۔ برگستیسر کا تصویری ذخیرہ یورپ اور مشرقِ وسطیٰ کے کتب خانوں میں موجود اہم قدیم مخطوطات کا ایک عمومی جائزہ اچھے انداز میں پیش کرتا ہے تاہم یہ جادو کی چھڑی ثابت نہیں ہو سکتا۔ ابھی تک جو مواد ذخیرۂ حقائق (Database) میں ڈالا جا چکا ہے، اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ ایسی تمام توقعات بلاجواز ہیں کہ برگستیسر کے تصویری مجموعے میں شامل قدیم خطِ حجازی میں لکھے ہوئے اولین قرآنی مخطوطات کا متن مختلف ہو گا۔ یہ امر باعث دل چسپی ہو گا کہ آٹھویں صدی عیسویں کے اوائل کے قرآنی مخطوطات میں املا کے جو متغیرات سامنے آئے ہیں وہ ہجے سے متعلق ہیں اور یہ اختلافات آج بھی موجود ہیں اگر پاکستان، مصر، سعودی عرب، مراکش اور نائیجریا سے چھپے ہوئے قرآنی نسخہ جات کا موازنہ کیا جائے۔

روایتِ اسلامی دراصل ایک ہی متن کا ذکر کرتی ہے، لیکن اس کے باوجود ایک خاص حد کے اندر رہتے ہوئے مختلف انداز میں قراءت اور لکھائی کی اجازت دیتی ہے۔ اس طرح کے ابہام اور سلسلۂ تغیرات کی اجازت دینے کے اس خلافِ جدت متنی رویے کے متعلق یہ کہا جا سکتا ہے کہ یہ اولین دور ہی سے روایتِ اسلامی کا خاصا رہا ہے۔ مصر اور مراکش میں آج تک قرآن کی تلاوت ایسے انداز میں کی جاتی ہے جس میں متن اور آواز میں ہلکا سا پھیلاؤ پایا جاتا ہے۔ آج اصل ضرورت اس بات کی ہے کہ مخطوطات اور قراءتِ قرآن کے مختلف اسلامی روایات سے حاصل ہونے والے تمام مواد کا منظم طریقے سے جائزہ لیا جائے تاکہ قرآنی متن کا اسی طرح علم سے بہرہ ور ہو کر درست طریقے سے اور احتیاط سے مطالعہ کیا جائے جس طرح عبرانی زبانی میں لکھی توریت اور عہد نامہ جدید کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔[۷۴]

چوں کہ ۱۹۲۰ء کی دہائی میں نولڈیکے، برگستیسر، پریتزل اور جیفری کی طرف سے منظم تحقیق کے لیے تیار کردہ ڈھانچہ مذکورہ محققین کی وفات اور دوسری جنگ عظیم کے باعث تعطل کا شکار ہو گیا تھا، لہٰذا اب جس تناظر میں کام کیا جا سکتا ہے، وہ یہ ہے کہ نولڈیکے اور برگستیسر کے چھوڑے ہوئے کام کو ستر سال بعد پھر سے شروع کیا

73– Ibid.

74– Ibid.

جائے۔ قدیم مخطوطات اور مسلمانوں کی روایتِ قراءت کا جائزہ لینے کے لیے بہت سا وقت اور تحمل درکار ہے۔ "نیا متن" یا "مختلف متن" یا "متنِ قرآن کے آغاز کا ایک بالکل نیا تاریخی پسِ منظر" موجود ہونے کا ہر مفروضہ کم یاب مادی شواہد کی دست یابی کی وجہ سے آج تک حقیقت کا روپ نہیں دھار سکا اور نہ اس کا امکان ہی نظر آتا ہے اور یہ بات لگز نبرگ، اوہلگ، وانسبر و اور قرآن کی دیگر شان دار "نئی مطالعاتی جہتوں" پر بھی صادق آتی ہے۔

یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ علمی اور تحقیقی کام کو کسی بھی قسم کے مذہبی دعاوی سے الگ تھلگ ہونا چاہیے، کیوں کہ موئخر الذکر کا تعلق ایک بالکل مختلف مبحث سے ہے (اس کا ہرگز یہ مطلب نہیں ہے کہ قرآن کے ایک وہبی متن ہونے یا اس کے کسی الہیاتی ماخذ کے متعلق مذہبی عقائد پر ایمان لایا جائے) متن کے ماخذ کے متعلق مابعد الطبیعی سوال کا جواب سائنس اور علمِ تحقیقِ زبان کے ذریعے نہیں دیا جا سکتا۔ ہم صرف اس امر کی تحقیق کر سکتے ہیں کہ صدیوں پر پھیلے ہوئے مخطوطات اور روایتِ اسلامی، متنِ قرآن کے آغاز کے متعلق کیا شواہد مہیا کرتے ہیں۔

برلن منصوبہ جو کہ ۲۰۰۷ء میں "کارپس قرآنیکم" کے نام سے شروع ہوا اس کا مقصد یہ ہے کہ قرآن کے متعلق دستاویزات کو منظم اور شفاف طریقے سے اکٹھا کرنے کی کوشش کی جائے۔ برگستیسر کے تصویری ذخیرے کا قابلِ قدر اور کثیر مواد تاریخی تناظر میں متنِ قرآن کو دستاویزی مشکل دینے کے لیے ایک ٹھوس بنیاد فراہم کرتا ہے۔ دوسری طرف اس سے ایک ایسے عالم کی کام یابیوں کا بھی پتا چلتا ہے جس کا تعلق جرمن زبان بولنے والے علم زبان کے محققین کے گروہ سے ہے اور جس کو اس بات کی اہمیت کا پورا ادراک تھا کہ عربی ماٰخذ کا مطالعہ کیا جائے اور اپنے مشرقِ وسطیٰ میں رہنے والے رفقائے کار کے ساتھ تبادلہ خیالات کیا جائے۔ برلن برانڈ نبرگ اکیڈمی آف سائنسز میں قائم شدہ اس منصوبے کی تشکیل اینجلیکا نیوورتھ، نکولائی سینائی اور راقم الحروف (مائیکل مارکس) کے ہاتھوں انجام پائی۔ اینجلیکا نیوورتھ کے قرآن پر تحقیق کے تیس سالہ تجربے کو ایک ایسا منہج قرار دیا جا سکتا ہے جس کی بنیاد روایتِ اسلامی کے مواد کو جدید تفسیری مواد کے ساتھ ملاتے ہوئے خود متنِ قرآن کے محتاط مطالعے پر رکھی گئی ہے۔ کارپس قرآنیکم کے تحقیقی و تشکیلی ڈھانچے میں یہ ایک ایسا تناظر ہے جو کوئی ایک عالم اپنے تئیں تشکیل نہیں دے سکتا، بلکہ اس کے لیے بلا شبہ متنوع علوم میں تخصص کے حامل محققین کا باہمی تعاون درکار ہے۔ اس منصوبے کے محققین قرآن کو ایک ایسے متن کے طور پر دیکھتے ہیں جس کا تاریخی سرا اواخر عہدِ عتیق سے ملتا ہے۔ قرآن کے مخاطب ماحول کو از سر نو تشکیل دینے کے لیے "قرآن کے ماحول کے متعلق

متون" کے نام سے کمپیوٹر میں ایک ذخیرۂ حقائق قائم کر دیا گیا ہے جس میں ظہورِ قرآن کے معاصر الہیاتی مباحث سے متعلق عبرانی، سریانی، یونانی اور حبشی آخذ کے متون یک جا کر دیے گئے ہیں۔ ہر متن ایک ایسی دنیا میں داخل ہوتا ہے جہاں اس سے قدیم تر متون پہلے سے موجود ہیں۔ (۷۵)

قرآن کے مخاطبین متنوع مذہبی اور ثقافتی پسِ منظر کے حامل تھے۔ اس دریا دلی کے ساتھ قرآن کے مطالعے کا مطلب ہے کہ جس انداز میں اس کے اولین مخاطبین نے اسے سنا اور سمجھا، اس انداز کو دہرانے کی کوشش کی جائے۔ اگر سورۃ الاخلاص کا مطالعہ اہم ترین یہودی عقیدے (شمااسرائیل: ڈیوٹرونومی ۶،۴) اور عیسائیوں کے نیقینیہ عقیدے (۳۸۱ء میں قسطنطنیہ میں منعقد ہوئی پہلی کونسل میں منظور شدہ) کے پسِ منظر کو سامنے رکھ کر کیا جائے، تو ان کے درمیان تعلق کو اس طرح بیان کیا جا سکتا ہے کہ قرآن کے مخاطبین کا ایک مخصوص پسِ منظر تھا۔ (۷۶)

اواخر عہدِ عتیق کی روایات اور متنِ قرآنی کے مشترکات کا جائزہ لینے سے قرآن کا اپنے تناظر میں اصلی ہونا پایۂ ثبوت کو پہنچ جاتا ہے۔ متن کا کسی خاص سیاق میں نمودار ہونا ایک ایسا تصور ہے، جو ادنیٰ اور غیر اہم دکھائی دیتا ہے، لیکن قرآن کے معاملے میں ایسے کسی تصور کی جانچ پڑتال کے لیے ضروری ہے کہ اس گم گشتہ روایت، جو زیادہ تر جرمن زبان بولنے والوں پر مشتمل تھی، کے کارناموں کو سامنے لایا جائے۔ انیسویں صدی عیسویں میں ابراہم گائیگیر کی بنائی ہوئی تحریکِ اصلاحِ یہودیت نے قرآن اور اس کے سیاق پر کافی تحقیقی مواد شائع کیا تھا۔ یہ عملی کارنامے آج تقریباً فراموش ہو چکے ہیں اور دوسری جنگ عظیم کے بعد بہت ہی چھوٹے پیمانے پر جاری رہ سکے۔ اس شعبے میں علمی کام کو نظر انداز کرنے کے المیے ہی نے دراصل قرآنی تحقیق و تعلیم کی موجودہ قابلِ افسوس صورتِ حال کو جنم دیا ہے۔

زمانۂ قبل از نزولِ قرآن کی جانچ سے پہلے یہ ضروری ہے کہ عیسائیت اور یہودیت کی شرقِ اوسط والی تاریخ کے وسیع تر تناظر میں تاریخِ اسلام کو بھی شامل کیا جائے۔ اس کے ذریعے ایک یہودی اور عیسائی شناخت کے امتیازی تصور پر بھی سوال اٹھانا ہو گا۔ اگر یہودیت اور عیسائیت کو یورپ یا امریکہ میں پذیرائی مل سکتی ہے تو پھر اسی خطے سے نمودار ہوئے قرآن اور تاریخِ اسلام کو اچھوت کیوں بنایا جائے؟ اس حقیقت کو ظاہر کرنے اور دستاویزی شکل دینے سے کہ قرآن اس ماحول سے مخاطب ہوتا تھا جس میں عیسائیت اور یہودیت کی پہچان تھی۔ دراصل

75– Ibid

76– Ibid.

قرآن اور مسلم امہ کی تاریخ کو ان کی موجودہ اجنبی (غیر یورپی) والی پہچان سے چھٹکارا دلایا جاسکتا ہے۔ یہودی اور مسلم قانونی روایات و اعتقادات کے درمیان موازنہ کرنے سے نہ صرف مماثلتیں ظاہر ہوتی ہیں، بلکہ یہ بھی نظر آتا ہے کہ پہلے سے موجود مباحث (عیسائیت اور یہودیت کے درمیان) کے مقابلے میں ایک نیا مباحثہ بھی سامنے آچکا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ بات بھی ذہن نشین رہے کہ قرآن میں بیان ہوئے اعتقادی مباحث اس حقیقت کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ یہ کتاب ایک ایسے خطے سے تعلق رکھتی ہے، جہاں عیسائیت کی چھ سو سالہ تاریخ نے یگانگی کو فروغ دیا۔[۷۷]

کارپس قرآنیکم کے مدیر کے تاثرات کچھ یوں ہیں کہ قرآن کے متعلق یہ منصوبہ اس حقیقت سے آگاہ ہے کہ تبادلہ اور مباحثہ ضروری ہے۔ کارپس قرآنیکم منصوبے کے مناہج پر مسلم علما کے درمیان بحث چل رہی ہے۔ مراکش، ایران اور ترکی میں دیے گئے دروس (لیکچرز) اور مباحثوں کے بعد سامنے آتی یہ رائے کہ قرآن پر ایک ''تنقیدی منصوبے'' کا سیدھا مطلب ہے ''خودکش منصوبہ'' ؛ میرے ذاتی تجربے (خواہ وہ کتنا ہی محدود کیوں نہ ہو) سے میل نہیں کھاتی۔ اس کے برخلاف یہ ہوا کہ قم شہر میں مخطوطات کے مطالعے نیز، تھامس کی غیر شرعی حیثیت کی حامل انجیلِ شیر خوارگی اور قرآن کی سورت نمبر ۳ کی بعض عبارات کے درمیان تعلق پر جو مباحثہ ہوا، اس میں متعدد شیعہ علما کی شمولیت کے بعد اس نے ایسا رنگ اختیار کیا جیسا کہ قرآن کے خطاب کا ہو سکتا ہے۔ راقم الحروف کو اس بات کا ہرگز احساس نہیں ہوا کہ کسی نے اس امکان کا لحاظ رکھا ہو کہ مقررین میں سے کوئی غیر مسلم بھی ہو سکتا ہے۔ ظاہر ہے کہ سریانی یا عبرانی زبان کے اواخر عہدِ عتیق کے مآخذ کا آج کی اسلامی دنیا میں کم ہی مطالعہ کیا جاتا ہے لہٰذا اس طرح کے مواد پر بحث میں رکاوٹ پیش آتی ہے۔ اس کے ساتھ یہ بھی حقیقت ہے کہ الہیات، یہودی علوم، تاریخِ عیسائیت اور سریانی وغیرہ کے متعدد مغربی ماہرین بھی فہمِ قرآن کے لیے اپنے متعلقہ شعبوں کی اہمیت پر بات کرنے سے ہچکچاتے ہیں۔ آخری بات یہ کہ اس امر کی ضرورت بھی ہے اور خواہش بھی کہ متنِ قرآن کو اس کے قابلِ اہمیت زمان و مکان میں رکھنے پر بحث کی جائے۔ بہت سے علما قرآن کو اس کا جائز تاریخی مقام دینے سے انکار کر چکے ہیں، لیکن کارپس قرآنیکم منصوبے نے اس کے برعکس منہج اپنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ منصوبہ محققین کے ایک مخلوط گروہ پر مشتمل ہے اور اس کا مقصد یورپی علمی حلقوں کے قارئین پر توجہ مرکوز کرنا ہے خواہ وہ عیسائی ہوں، مسلمان ہوں، یہودی ہوں یا کوئی اور۔ مطالعۂ قرآن کا ایک منظم طریقۂ کار طے کرنے کے لیے جو

77– Ibid.

بنیادی کام کیا گیا ہے اس کے ذریعے مجوزہ تحقیقی منہج ایک ایسا تصورِ تاریخ قائم کرنے میں اپنا حصہ ڈالنا چاہتا ہے جس کے تحت عیسائی، یہودی اور مسلم روایات مشرقِ وسطیٰ کے مشترک ورثے کے ساتھ نسبت جوڑیں۔ یورپی تناظر میں عہدِ عتیق کی حد تک تو مشرقِ اوسط کو ہمیشہ سے ایک نقطۂ آغاز کے طور پر قبول کیا جاتا رہا ہے، پھر کیا وجہ ہے کہ اواخر عہدِ عتیق کو مختلف طریقے سے دیکھا جائے۔ ایسے دور میں جب کہ مقدس متون کے متعلق یہ یقین عام ہو چکا ہے کہ وہ افراد کے رویوں کی وضاحت کر سکتے ہیں وہاں کسی متن کے سیاق اور ماحول پر تحقیق سے ایک متنِ مقدس کا ہمہ جہت تناظر تحلیل کرنے میں مدد مل سکتی ہے اور یہ ایسا امر ہے جس پر عوامی بحث اور تحقیقی سرگرمیوں میں کم ہی سوال اٹھایا جاتا ہے۔[۷۸]

۲.۵.۴– کارپس قرآنیکم کے اغراض و مقاصد

اس منصوبے کی ویب سائٹ پر جو اغراض و مقاصد درج کیے گئے ہیں، انھیں مختصراً یوں بیان کیا جا سکتا ہے:

- قرآن کے اولین مخطوطات تک متن اور تصاویر کے ذریعے رسائی ممکن بنانا۔
- قرآن کے تحریری متن کے پہلو بہ پہلو فنِ قراءت کے متعلق مواد کو منظم شکل میں پیش کرنا۔
- "ماحولِ قرآن کے متون" نامی ذخیرۂ حقائق کے ذریعے ایک تاریخ وار ادبی اور سائنسی شرح تشکیل دینا جس کی بنیاد متنِ قرآنی کی تاریخ کے تاریخی و تنقیدی ارتقا پر ہو گی۔
- اس منصوبے کے ذریعے پہلی دفعہ اولین اسلامی معاشرے کے ارتقا کو رسول اکرم ﷺ اور آپؐ کے اولین مخاطبینِ حجاز کے درمیان تعامل کی شکل میں از سرِ نو تشکیل دینا۔[۷۹]

۲.۵.۵– موضوعِ تحقیق

کارپس قرآنیکم قدیم ترین قرآنی مخطوطات کو منظم طریقے سے پرکھنے کے سلسلے میں طویل عرصے سے برتی جانے والی کوتاہی کا ازالہ کرنے کی ایک کوشش ہے اور اس منظم تجزیے کو ادبیاتِ اسلامی میں دست یاب قراءتِ قرآن کے مواد سے بھی لیس کیا جا رہا ہے۔ یہ پہلی دفعہ ہو رہا ہے کہ خود قرآن سے بھی قدیم تر روایات کی جو صدائے بازگشت قرآن میں سنائی دیتی ہے اس پر منظم طریقے سے تحقیق کی جائے اور اس مقصد کے لیے نزولِ

78– Ibid.

79– "About the Project", Corpus Coranicum, accessed June 22, 2021, https://corpuscoranicum.de/about/index .

قرآن کے ماحول سے متعلق الہیات، شاعری اور نقاشی کے شواہد کو ان کی اصلی زبانوں میں "ماحولِ قرآن کے متون" (Texts from the environment of the Quran)نامی ذخیرۂ حقائق میں قابلِ رسائی بنایا جارہا ہے۔ بائبل کی طرز پر تیار کی جارہی شرح نزولِ قرآن کے ثقافتی ماحول میں متداول زیادہ تر یہودی، عیسائی، قدیم عربی اور دیگر روایات کو شامل کرنے کی ایک کوشش ہے۔ قرآن کا متعدد ماحولیاتی متون سے قریبی تعلق، بلکہ اس سے بھی بڑھ کر قرآن کا ان متون سے آشکار اسلوبِ استدلال کو استعمال کرنا یہ ظاہر کرتا ہے کہ اگر قرآن کو اس کے مبدأ کے تناظر میں دیکھا جائے تو یہ اواخر عہدِ عتیق ہی کی کتاب گردانی جائے گی۔(٨٠)

٢.٥.٦۔ منہجِ تحقیق(٨١)

چوں کہ متنِ قرآن پر تاریخی تحقیق کے لیے درکار کارگر آلات مثلاً معائنہ، مخطوطہ اور زمانی تعین کے رہ نما اصول یا اس طرح کے دیگر وسائل ناپید ہیں، لہذا اس منصوبے کے تحت پہلے متنِ قرآنی سے متعلق تاریخی مواد کو دستاویزی شکل دی گئی۔

- گو تھیلف برگستیسر سے موصولہ ١٢٠٠٠ مخطوطات کی تصاویر کا جائزہ لینے کے لیے کمپیوٹر میں Manuscripta Coranicaکے نام سے ایک ذخیرۂ حقائق (Database) تشکیل دیا گیا جس میں مخطوطات سے متعلق حقائق اور ان کی انتقال حرفی صورتوں کو محفوظ کیا گیا۔
- مخطوطات کے متن کو تمام حروف، اعداد اور رموزِ اوقاف سمیت مذکورہ ذخیرۂ حقائق میں محفوظ کرنے کے لیے ایک خصوصی انتقالِ حرفی انتظام تشکیل دیا گیا اور کمپیوٹر کے حروف پر مشتمل ایک خصوصی نظام "قرآنیکا" کے نام سے تشکیل دیا گیا۔
- اس منصوبے کے تحت پہلی دفعہ قرآنی مخطوطات کی منظم اور باضابطہ فہرست تشکیل دی گئی۔
- قرآنی مخطوطات کے عہد کا بہتر انداز میں تعین کرنے کے لیے اس منصوبے کے تحت برلن، لائیڈن، صنعا، میونخ، تبلیسی، توبنجن اور دیگر مقامات پر محفوظ مخطوطات کی ١٠٠ سے زائد ریڈیو کاربن پیمائشیں کی گئیں۔
- سائنسی طریقۂ کار کو روشنائی کے تجزیے کے لیے بھی استعمال کیا گیا۔

80 " Research: What is being researched", Corpus Coranicum, accessed June 29, 2021, https://corpuscoranicum.de/about/forschung.

81– " Research: How do we research", Corpus Coranicum, accessed June 29, 2021, https://corpuscoranicum.de/about/forschung .

- قراءت کے شعبے میں اس منصوبے کے تحت تاریخی مواد کو یک جا کر کے دستاویزی شکل دی گئی جس کو کمپیوٹر میں اس طرح محفوظ کیا گیا کہ ابتدائی اسلامی ادب میں موجود اختلافاتِ قراءت کو تلاش کرنا ممکن ہے۔
- "ماحولِ قرآن" سے متعلق مختلف زبانوں مثلاً عبرانی، سریانی، جنوبی عرب کی قدیم زبان اور قدیم حبشی زبان کو کمپیوٹر میں دکھانے کے لیے قرآنیکا کے نام سے ایک خصوصی رسم الخط (Font) تشکیل دیا گیا۔ عربی رسم کے لیے "قرآنیکا" خط ایک نئی اور انوکھی چیز ہے، کیوں کہ یہ نہ صرف قاہرہ سے شائع شدہ معیاری نسخۂ قرآن کے تمام حروف اور رموزِ اوقاف کا احاطہ کرتا ہے، بلکہ شمالی افریقہ میں شائع شدہ قرآنی نسخہ جات کے حروف اور رموزِ اوقاف کا بھی احاطہ کرتا ہے۔ مزید برآں "قرآنیکا" خط سے قدیم ترین قرآنی مخطوطات کی درست انتقالِ حرفی شکل تیار کرنا بھی ممکن ہو گیا ہے۔
- شرحِ قرآن کو تین مختلف تنقیدی مناہج کی بنیاد پر مرتب کیا گیا ہے یعنی ادبی، ہیئتی اور ادارتی تنقید۔ ادبی تنقید میں دیکھا جاتا ہے کہ کوئی خاص سورۃ یکسانیت لیے ہوئے ہے یا اس کا نفسِ مضمون تدریجاً تشکیل پا رہا ہے۔ ہیئتی تنقید میں کسی خاص سورہ کے مکرر انشائی عناصر کا جائزہ لیا جاتا ہے۔ جب کہ ادارتی تنقید میں کسی خاص سورۃ کی ترکیب کو دیکھا جاتا ہے۔ [٨٢]

٢.٥.٧۔ تحقیقِ تاریخِ متن

علمِ تحاریرِ قدیمہ اور ریڈیو کاربن کے ذریعے زمانی تعین کی بنیاد پر کارپس قرآنیکم تاریخِ قرآن کے اولیں شواہد کا تجزیہ کرتا ہے۔ قاہرہ، دمشق اور صنعا سے ملنے والے قدیم ترین قرآنی مخطوطات کے عربی متن کو منصوبے کے آن لائن ذخیرۂ حقائق میں انتقالِ حرفی صورت میں محفوظ کیا جاتا ہے اور اس متن میں قاہرہ سے ١٩٢٤ء میں شائع شدہ قرآن کے متن سے اختلافات کی نشان دہی کی جاتی ہے۔ قدیم ترین مخطوطات کے پہلی دفعہ کیے گئے منظم تجزیے سے متنِ قرآنی میں واقع ہونے والی تبدیلیوں کو اجاگر کیا گیا ہے۔ تاحال تجزیہ شدہ مخطوطات میں معانی کے اعتبار سے آج کے رائج متن سے کوئی خاص فرق نہیں ہے، تاہم ہیئت کے معمولی اختلافات نظر آتے ہیں۔ قدیم مخطوطات میں رموزِ اوقاف کی عدم موجودگی یا کمی کے باعث جس حد تک پڑتال کرنا ممکن ہے اس سے ان مخطوطات کا موجودہ رائج متن سے لفظی اختلاف نظر آتا ہے۔ مخطوطات اور عربی علمی روایت میں موجود اختلافِ

82– "How do we research", see Corpus Coranicum website.

قراءت کے مختلف نظائر سے تحریری اور زبانی دونوں روایات میں متنِ قرآنی کے تاریخی ارتقا کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ (۸۳)

۲.۵.۸– ذخیرہ حقائق (Database)

کارپس قرآنیکم منصوبے کے زیرِ اہتمام ایک ذخیرۂ حقائق تشکیل دیا جارہا ہے جو در حقیقت اس منصوبے کے حتمی ہدف یعنی تنقیدی نسخۂ قرآن کی برقی شکل (Soft Form) ہے۔ یہ ذخیرۂ حقائق تاحال مندرجہ ذیل عناصرِ ترکیبی پر مشتمل ہے:

- The World of the Quran یعنی "عالَمِ قرآن" یا "ماحولِ قرآن کے متون"
- Commentary یعنی شرح
- Variant Readings یعنی اختلافِ قراءت
- Manuscripts یعنی مخطوطات

۳– مسلم محققینِ قرآنیات کے لیے معاصر مغربی قرآنی منصوبہ جات کی اہمیت

اہلِ مغرب، بالخصوص مستشرقین اور عالمِ اسلام کے مابین اعتماد کے فقدان کی تاریخ اتنی ہی قدیم ہے جتنا کہ فریقین کا تعلق اوراس عدمِ اعتماد کے اسباب میں سرِ فہرست، اسلام اور اس کے متعلقات کے بارے میں چند متعصب مستشرقین کی وہ تحاریر ہیں جن میں غیر علمی انداز میں مسلم دانش کے لیے مسائل پیدا کیے جس کی وجہ سے خالص علمی تنقیدات بھی اسی تناظر میں دیکھی جانے لگیں۔ باہمی تعلق کی اس کیفیت کی طرف کارپس قرآنیکم منصوبے کے مدیر مائیکل مارکس نے بھی اپنے اس مضمون میں اشارہ کیا ہے۔ اگرچہ عدل اور منطق کا تقاضا ہے کہ کسی بھی انفرادی فعل کو گروہی اور طبقاتی شناخت نہ بنایا جائے، تاہم مستشرقین کی کسی بھی علمی و تحقیقی مہم جوئی کو مذکورہ پس منظر سے جدا کر کے دیکھنا ایک امر محال ہے کیوں کہ تاریخ کی شاہ راہ پر استشراقی فکر من حیث المجموع چند مخصوص طے شدہ تصورات کے زیرِ سایہ ہی اپنا سفر جاری رکھے نظر آتی ہے، جن میں مہلک ترین اور سرِ فہرست پیغمبرِ اسلام کی بعثت اور قرآن کے کلام اللہ ہونے کا انکار ہیں۔ ہمارے زیرِ مطالعہ منصوبہ جات کو جب اس مخصوص تاریخی و فکری پسِ منظر میں دیکھا جائے تو اسلام کے حوالے سے کسی نیک نیتی اور خیر خواہی کی امید کوشش کے

83– " Research: Textual History research", Corpus Coranicum, accessed June 29, 2021, https://corpuscoranicum.de/about/forschung.

باوجود قائم ہوتی نظر نہیں آتی اور ان منصوبہ جات کے متعلق خدشات کو اس امر سے بھی تقویت ملتی ہے کہ مذکورہ منصوبہ جات کے مناہج اور تاحال علمی دریافتیں اسی ورثے کی چھاپ لیے ہوئے ہیں جس کا ذکر سطورِ بالا میں کیا گیا ہے۔ اگرچہ مرکزی منصوبے، یعنی کارپس قرآنیکم کے منتظمین کا اصرار ہے کہ اس منصوبے کے ذریعے وہ قرآن کی سیکولر اور تنقیدی تحقیق کرنا چاہتے ہیں، جیسا کہ مغرب میں بائبل اور اناجیل پر کی گئی ہے۔ یعنی یہ منصوبہ اہل مغرب کے فکری و علمی استفادے کی غرض سے شروع کیا گیا ہے، لیکن امتِ مسلمہ نہ تو مذکورہ ہدف سے کلی طور پر متفق ہو سکتی ہے اور نہ ان منصوبہ جات سے لاتعلق ہی رہ سکتی ہے۔ اتفاق نہ کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اگرچہ اہلِ اسلام کا ایمان ہے کہ توریت و انجیل الہامی کتب ہیں، لیکن ان کے دست یاب متون تحریف شدہ ہیں، لہٰذا ناقابلِ اعتبار ہیں، جب کہ قرآن ہر قسم کی لفظی و معنوی تحریف سے پاک ہے؛ پس یہ تمام کتب ہم پلہ نہیں ہو سکتیں۔

راقم کے حالیہ دورۂ جرمنی کے دوران میں کارپس قرآنیکم کے محققین بالخصوص مائیکل جوزف مارکس سے اس ضمن میں خصوصی نشستیں رہیں۔ مائیکل نے واضح انداز میں کہا کہ قرآن اپنی قراءت کے اعتبار سے متفق ہو سکتا ہے، لیکن اپنے متن اور رسم کے اعتبار سے تاریخی طور پر مضطرب نظر آتا ہے کیوں کہ اس وقت بھی پوری دنیا میں مختلف رسوم الخط کے مطابق قرآن مجید شائع ہو رہے ہیں جب کہ مسلمانوں کا دعویٰ یہ ہے کہ قرآن مجید حرف بہ حرف اور لفظ بہ لفظ وہی ہے جو زمانۂ نزول میں تھا۔

۱۔۳– وحدت و ثباتِ نصِ قرآنی کی تکذیب و تشکیک کا سائنسی انتظام

مذکورہ نظریات کا زیرِ مطالعہ منصوبہ جات کے مناہج اور دریافتوں سے موازنہ یہ واضح کرتا ہے کہ درحقیقت یہ منصوبہ جات مستشرقین کے مذکورہ نظریات کو سائنسی اور علمی موافقت فراہم کرنے کی کوشش ہی ہیں خواہ شعوری یا لاشعوری۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ ''کارپس قرآنیکم'' منصوبے کو جن مختلف اجزا میں تقسیم کیا گیا ہے، ان میں سے Manuscripts (مخطوطات) اور Variant Readings (اختلافِ قراءات) مذکورہ بالا دونوں نظریات کے متعلق نظائر پیش کرنے کے لیے مخصوص ہیں۔ اول الذکر کے تحت قدیم قرآنی مخطوطات کو یک جا کرنے کے ساتھ ان کے موجودہ رائج متنِ قرآنی سے اختلافات (خواہ ان کی نوعیت کچھ بھی ہو) کی نشان دہی کی گئی ہے، جب کہ مؤخر الذکر کے تحت قراءاتِ سبعہ کے نظائر پیش کیے گئے ہیں۔ یوں ان منصوبہ جات کے ذریعے قارئین بالخصوص اہل مغرب کے لیے متنِ قرآنی کی ''تاریخ'' تک رسائی کو جدید ذرائع ابلاغ یعنی کمپیوٹر اور انٹرنیٹ کے ذریعے ممکن بنایا جا رہا ہے۔ اس ''تاریخ'' کا مطلب ہے وحدت و ثباتِ متنِ قرآنی

میں اضطراب کی موجودگی اور یہی وہ ہدف ہے جس پر گولڈزیہر، نولڈیکے اور جیفری جیسے اکابر مستشرقین کی نگاہیں مرکوز ہیں۔

کارپس قرآنیکم منصوبے کا علانیہ ہدف قرآنِ حکیم کا ایک ناقدانہ نسخہ (Critical Edition) تیار کرنا ہے اور یہ صرف اس منصوبے کے منتظمین کا طے کردہ ہدف ہی نہیں، بلکہ اس کی بازگشت منطقۂ استشراق میں گذشتہ ایک صدی سے سنائی دے رہی ہے۔ اسی ہدف کا ذکر آرتھر جیفری نے اپنی کتاب کے دیباچے کی افتتاحی سطور میں اس طرح کیا ہے:

> The material in the present volume is offered to students of Islam as a contribution to the problem of the history of the Quran text. For many years, the present writer has been collecting materials for a critical text of the Quran and in 1926 agreed with the late Prof. BERGSTRASSER to collaborate in the much bigger task of preparing an archive of materials from which it might be some day possible to write the history of the development of the Quranic text. It is hoped that it will be possible to publish shortly, as one step in that plan, a text of the Quran with apparatus criticus giving the writer's collections of textual variants gathered from the commentaries, Lexicon, Qiraat books and such sources. (84)

(اس کتاب میں موجود مواد طلبۂ اسلام کی خدمت میں قرآنی متن کی تاریخ کے مسئلے میں ایک مددگار کے طور پر پیش کیا جارہا ہے۔ راقم کئی سالوں سے قرآن کے ناقدانہ نسخے کی تیاری کے لیے مواد اکٹھا کررہا ہے اور ۱۹۲۶ء میں آں جہانی پروفیسر برگستیسر کے ساتھ اس بات پر اتفاق ہوا تھا کہ قدیم دستاویزات کے محفوظ ذخیرے (archive) کی تیاری جیسے اعلیٰ کام میں باہمی تعاون کیا جائے تاکہ کسی وقت ہم اس قابل ہو سکیں کہ قرآنی متن کے ارتقا کی تاریخ لکھ سکیں۔ اس منصوبے کی تکمیل میں اولیں قدم کے طور پر قرآنی متن کے ضمنی مواد (مثلاً اختلافِ قراءت کا مواد) سے لیس قرآنی نسخے کی اشاعت جلد متوقع ہے جس میں راقم کی طرف سے تفاسیر، لغات، کتبِ قراءت اور دیگر مصادر سے اکٹھے کیے گئے متغیراتِ متن بھی شامل ہوں گے۔)

مذکورہ پسِ منظر کا ذکر کارپس قرآنیکم منصوبے کے مدیر مائیکل مارکس نے بھی اپنے اس مضمون میں کیا ہے، اس نے "ناقدانہ نسخے" کا اپنے تئیں مثبت پہلو دکھانے کی کوشش کی ہے، یعنی قرآنی متن کے درست مطالعے کے لیے درکار ضروری علمی وسائل کی یک جائی، لیکن جب وہ "ماحولِ قرآن کے متون" کا جواز یہ دیتا ہے کہ قرآن کے اولیں مخاطبین کی قرآن فہمی کے تمثیلی اعادے کی کوشش تو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ وہ حقیقی مقاصد کی تلبیس کی

84– Jeffery, Arthur, Materials for the History of the Text of the Quran, Brill, Leiden, 1937, P.VIII.

کوشش کر رہا ہے، کیوں کہ "ماحولِ قرآن کے متون" سے اولیں مخاطبین کی قرآن فہمی کا تو اندازہ نہیں ہوتا، البتہ یہ ضرور تأثر ملتا ہے کہ قرآن اس زمانے کے دیگر مذہبی متون کے اثرات لیے ہوئے ہے جس کا بالواسطہ مطلب وحیِ الٰہی کا انکار ہے۔ علاوہ ازیں "تاریخِ متنِ قرآنی" جس کا ذکر مستشرقین اور مذکورہ منصوبے کے محققین بار بار کرتے ہیں، اس کا صریح مطلب یہ ہے کہ قرآنی متن میں تاریخ کے مختلف ادوار میں تغیر و تبدل ہوتا رہا ہے اور یہ ایسا گم راہ کن تأثر ہے جس کی اسلامی تناظر میں قطعاً گنجائش نہیں ہے۔

اس تأثر کو مؤثر طریقے سے عام کرنے کی غرض سے مذکورہ منصوبہ جات کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے کیوں کہ متنِ قرآنی کے اضطراب کو ثابت کرنے کے لیے جن "مادی شواہد" کی تلاش میں مستشرقین کی کم از کم تین نسلیں سرگرداں رہیں، وہ تمام شواہد ان منصوبہ جات کے زیر اہتمام نہ صرف یک جا کیے جا رہے ہیں، بلکہ کمپیوٹر اور انٹرنیٹ جیسے جدید اور مؤثر ذرائع ابلاغ کی بدولت ان "شواہد" تک عام رسائی کا بھی اہتمام کیا جا رہا ہے۔ اب یہ شواہد کس حد تک قابل اعتماد ہیں، اس کا احاطہ کرنا عام قاری کے بس کی بات نہیں؛ وہ تو ان منصوبوں کے سرپرست اداروں اور منصوبوں سے منسلک محققین کی ساکھ پر بھروسا کرتے ہوئے ان منصوبوں کے اخذ شدہ نتائج اور علمی دریافتوں کو مستند قرار دے گا اور ان کے قائم کردہ تاثر کو حقیقت سمجھ کر قرآن کو ایک مضطرب اور تحریف شدہ کتاب کے طور پر دیکھے گا، نتیجتاً وہ اس سے کسی بھی قسم کی ہدایت کے حصول کو خارج ازامکان قرار دے گا۔

۲.۳- عہدِ نزولِ قرآن کی تصدیق بذریعہ سائنسی طریقۂ کار

ان منصوبہ جات کے بعض قابل بحث پہلوؤں کے ساتھ ساتھ امتِ مسلمہ کے لیے ایک مثبت پہلو بھی ہے اور وہ یہ کہ ان منصوبہ جات نے ریڈیو کاربن ڈیٹنگ جیسے جدید سائنسی طریقۂ کار کا استعمال کرتے ہوئے قدیم قرآنی مخطوطات کے زمانی تعین کا اہتمام کیا، جس کے ذریعے اب یہ ثابت ہو گیا ہے کہ قدیم ترین مخطوطہ پہلی صدی ہجری کے نصف اول سے متعلق ہے۔ مذکورہ بالا دریافت اس لحاظ سے اہم ہے کہ گذشتہ صدی کے اواخر میں جان وانسبرو کی زیر قیادت ترمیم پسند مستشرقین نے یہ گم راہ کن نظریہ پھیلایا کہ عہدِ نزولِ قرآن سے متعلق امتِ مسلمہ کا دعوی غلط ہے اور قرآن در حقیقت دوسری اور تیسری صدی ہجری میں مسلم فکر و فلسفہ کے نشو و ارتقا کا نتیجہ ہے، اگرچہ اس نظریے کے رد میں مسلم علما اور خود مستشرقین کی ایک جماعت نے نزولِ قرآن کے معاصر غیر مسلم مصادر کے ایسے حوالہ جات پیش کیے جن میں عہدِ نزولِ قرآن کی تصدیق نظر آتی ہے؛ تاہم سائنس سے متأثر تشکیک زدہ جدید مغربی ذہن کی ایسے حوالہ جات سے کامل تشفی شاید ممکن نہ ہوئی، لہٰذا جدید سائنسی طریقۂ کار کے

ذریعے زمانی تعین بلاشبہ ایک برہانِ قاطع ثابت ہو گا، اگرچہ اس میں بھی ایک اعتراض کا احتمال ہے کہ اس طریقۂ کار سے تو حقیقتاً اس چرمی ورق کے عہد کا تعین ہو تا ہے جس پر قرآن لکھا گیا نہ کہ تحریر کے عہد کا، لیکن اس اعتراض کا جواب یہ ہے کہ کسی چرمی ورق کو دو یا تین سو سالوں تک بغیر استعمال کیے محفوظ رکھنا نہ تو معاشی اعتبار سے قابل عمل دکھائی دیتا ہے اور نہ ہی اس عرب معاشرے کے تناظر میں عملی لحاظ؛ سے کیوں کہ اس معاشرے میں لکھنے کا رواج انتہائی کم تھا تو ایسے ماحول میں کون ہو گا جو چرمی اوراق کو صدیوں تک محفوظ رکھتا ہو گا۔ منطقی طور پر قابلِ قبول امکان یہی ہے کہ اوراق اور تحریر کا عہد چند دنوں یا مہینوں کے فرق سے ایک ہی رہا ہو گا۔

حاصلِ مطالعہ

قرآن سے استشراقی تعامل کی تاریخ ماضی قریب تک انفرادی سطح پر تحقیق و تصنیف تک محدود تھی، لیکن پھر بیسویں صدی عیسوی میں استشراقی حلقوں میں قرآن کو ادارہ جاتی تحقیق کا موضوع بنانے کا خیال گردش کرنے لگا جس کے اولیں محرک آسٹریلوی نژاد امریکی مستشرق آرتھر جیفری اور جرمن مستشرق برگستیسر تھے۔ ان دونوں نے باہمی اشتراک سے "متنِ قرآن کی تاریخ" کا احاطہ کرنے کی غرض سے جرمنی کے تحقیقی اداروں میں ایسے جامع تحقیقی منصوبے کے آغاز پر صلاح مشورہ کیا جس کا حتمی ہدف قرآن کے ایک تنقیدی نسخے کی تیاری تھا۔ اس منصوبے کو موئخر الذکر کی وفات کے سبب عملی جامہ نہ پہنایا جا سکا۔ بالآخر موجودہ صدی میں جرمنی اور فرانس کے تحقیقی اداروں کے اشتراک سے متنِ قرآن پر مختلف جہتوں سے تحقیق کے لیے منصوبہ جات کا ایک سلسلہ شروع ہوا جن میں سے زیادہ تر کی باگ ڈور برگستیسر کے تیسری نسل کے شاگردوں کے ہاتھ میں ہے۔ ان منصوبہ جات کی تعداد پانچ ہے جو باہم مربوط ہیں۔ مرکزی منصوبے کا عنوان "کارپس قرانیکم" (Corpus Coranicum) ہے جو باقی چاروں منصوبوں کی دریافتوں کو معلومات کے طور پر استعمال کرتا ہے۔ جملہ منصوبہ جات کے علانیہ اہداف مجموعی طور پر یہ ہیں:

- روایتِ اسلامی کے طے شدہ موقف سے صرفِ نظر کرتے ہوئے مادی شواہد کی بنیاد پر متنِ قرآن کی تاریخ کا کھوج لگانا۔
- مذکورہ بالا ہدف کے حصول کی خاطر دنیا بھر میں متفرق مقامات پر محفوظ شدہ قدیم ترین مخطوطات کو یک جا کرنا۔
- دست یاب قدیم مخطوطات کا ۱۹۲۴ء میں قاہرہ سے شائع شدہ نسخۂ قرآن سے موازنہ کرنا تاکہ متنی

اختلافات کی نشان دہی کی جا سکے۔

- ❖ نصِ قرآنی کے قیام کے زمانی مدارج کی کھوج لگانا۔
- ❖ حتمی ہدف: "تنقیدی نسخۂ قرآن" (Critical Edition of Quran) کی تیاری۔

مذکورہ بالا اہداف کے حصول کی خاطر ان منصوبہ جات کے مناہج کو مجموعی طور پر اس طرح بیان کیا جا سکتا ہے:

- متفرق قدیم مخطوطات کو یک جا کرنے کے لیے ان کی عکسی نقول کا اہتمام کرنا۔
- مادی شواہد کے ضمن میں دست یاب قدیم مخطوطات کے زمانے کا تعیّن کرنا۔ اس کے لیے جہاں ممکن ہو کاربن ڈیٹنگ جیسے جدید ترین سائنسی طریقہ کار کی مدد لینا۔
- متنِ قرآنی کو "تاریخی تنقیدی طریقۂ تحقیق" (Historical Critical Method) یا HCM کے ذریعے پرکھنا۔
- مادی شواہد کے سلسلے ہی میں قدیم عربی شاعری اور نزولِ قرآن کے زمانی و مکانی ماحول کے مذہبی و لسانی ادب کا جائزہ لینا (تاکہ قرآن میں وارد مختلف تصورات وتر کیبات کے مآخذ کی نشان دہی کے ذریعے متنِ قرآنی کا منبع و مصدر ڈھونڈا جا سکے)۔
- ہر آیت میں اختلافِ قراءت کے نظائر کا حوالہ دینا تاکہ نصِ قرآنی کے قیام کے مختلف مراحل کے مادی شواہد کی نشان دہی کی جا سکے۔

نصِ قرآنی کے زمانی ارتقا کو جانچنے کے لیے قرونِ اولیٰ کی مختلف دستاویزات میں قرآنی اقتباسات کا کھوج لگانا تاکہ اولیں اسلامی معاشرے میں قرآن کے اثرات کا جائزہ لیا جا سکے۔ مذکورہ منصوبہ جات کے تفصیلی اور بغور مطالعے کے بعد، ان کے اغراض و مقاصد، مناہج اور دریافتوں کے متعلق جو نتائج اخذ کیے گئے ہیں ان کا خلاصہ سطورِ ذیل میں پیش کیا جا رہا ہے:

- ان منصوبوں کا مثبت پہلو یہ ہے کہ دنیا بھر میں پھیلے ہوئے قدیم قرآنی مخطوطات کو، خواہ عکسی نقول کی شکل ہی میں سہی، یک جا کر کے ایک عام قاری کے لیے قابلِ رسائی بنایا جا رہا ہے۔ ریڈیو کاربن ڈیٹنگ جیسے جدید سائنسی طریقۂ کار کا استعمال بھی ان منصوبہ جات کا طرۂ امتیاز ہے جس کے ذریعے عہدِ قرآن کے متعلق ہر طرح کے شکوک و شبہات کا خاتمہ ہو گیا ہے اور اس بات کا اعلان بلکہ اقرار خود منتظمینِ منصوبہ جات بھی کرتے دکھائی دیتے ہیں۔

- ان منصوبہ جات کے منتظمین اور محققین اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ قرآنِ مجید کے متن کی ایک تاریخ ہے، یعنی متنِ قرآنی تاریخ کے مختلف ادوار میں تبدیل ہوتا رہا ہے خواہ اس تبدیلی کی نوعیت کیسی بھی رہی ہو۔ اس ضمن میں وہ تاحال قدیم قرآنی مخطوطات میں املا اور ہجا کے چند متغیرات کی نشان دہی کرنے میں کام یاب ہو سکے ہیں۔
- متنِ قرآنی کی تاریخ سے آگاہی کے لیے ان منصوبہ جات کے محققین اسلامی ادب پر نہیں، بلکہ صرف مادی شواہد پر انحصار کر رہے ہیں اور اس ضمن میں ان کی توجہ کا مرکز قدیم مخطوطاتِ قرآنی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ زیرِ مطالعہ پانچ منصوبہ جات میں سے تین ("امری"، "پیلیو قرآن" اور "ایران قرآن") صرف قدیم مخطوطات کی ترتیب و تنظیم اور تجزیے کے لیے وقف ہیں جب کہ دیگر دو منصوبوں ("قرآنیکا" اور "کارپس قرآنیکم") کے دائرۂ کار کا معتد بہ حصہ مخطوطات کی جانچ پڑتال اور تجزیے کے لیے مخصوص ہے۔
- مادی شواہد کو اپنے منہج کا محور بنانا دراصل ان منصوبہ جات کے محققین کے اس دعوی کے عین مطابق ہے کہ قرآن کو بھی بائبل کی طرح HCM (تاریخی تنقیدی طریقۂ کار) سے گزارا جائے جس کا تقاضا ہے کہ اسے قبل از تحقیق ایک الہامی کتاب تسلیم کرنے کے بجائے ایک عام کتاب کی طرح اس کے اصلی ماحول کے شواہد کی روشنی میں اسے پرکھا جائے۔
- صرف مادی شواہد پر تکیہ کرنے کا منہج خواہ کتنا ہی معروضی اور منطقی قرار دیا جائے، لیکن متنِ قرآن کے ضمن میں جب تک روایتِ اسلامی میں بیان کردہ غیر مادی حقائق اور شعائر مثلاً احرفِ سبعہ، قراءتِ قرآن کا بحیثیتِ سنتِ نبوی کتابتِ قرآن پر تفوق اور التزامِ رسمِ عثمانی وغیرہ کا لحاظ نہ رکھا جائے تب تک صحت و ثباتِ متن کے متعلق درست رائے قائم نہیں کی جا سکتی۔
- "قرآنیکا" منصوبے کا ایک مقصد متنِ قرآن کے نص کی حیثیت اختیار کرنے کے ارتقائی مراحل کی نشان دہی کرنا ہے اور اس منصوبے کے محققین اس مقصد کے حصول کے لیے جن مادی شواہد کی جانچ پڑتال کر چکے ہیں، ان میں پہلی تین ہجری صدیوں میں لکھے گئے نجی، کاروباری اور سرکاری خطوط، تجارتی معاہدے، نکاح نامے، وثائقِ طلاق، آزادی کے پروانے اور تعویذ شامل ہیں۔ ان دستاویزات میں مختصر قرآنی جملوں کی موجودگی کو محققین قرآن کے بجائے عمومی معاشرتی ماحول کے اثرات کا نتیجہ قرار دیتے ہیں اور اس کے ساتھ قلیل تعداد میں مکمل قرآنی آیات کی موجودگی سے محققین نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے

کہ اولیں اسلامی معاشرے میں قرآن ایک موثر عامل کی حیثیت نہیں رکھتا تھا۔ اس سے وہ یہ تاثر دیتے ہیں کہ اس عہد تک قرآنی نص ابھی قائم نہیں ہوئی تھی، بلکہ ارتقائی مراحل طے کر رہی تھی۔

- محققینِ منصوبے کی مذکورہ رائے اس لحاظ سے حیران کن ہے کہ زیرِ مطالعہ دستاویزات میں مختصر قرآنی جملوں کی بہ کثرت موجودگی کو وہ قرآن کے بجائے عمومی معاشرتی ماحول کا اثر قرار دیتے ہیں۔ سوال یہ ہے کہ ایسی دستاویزات جن کی کثیر تعداد حجاز جیسے قدیمی عرب معاشرے کے بجائے مصر جیسے "نو معرّب" خطے سے تعلق رکھتی ہیں، ان میں کثیر تعداد میں مختصر قرآنی جملوں کو اگر محققینِ منصوبہ معاشرتی اثرات کا نتیجہ قرار دیتے ہیں تو ان معاشرتی اثرات کا محرک قرآن کے علاوہ اور کیا ہو سکتا تھا؟ اس طرح کے جملے اگر اس معاشرے میں عام مستعمل تھے تو اس کا واضح مطلب یہ ہے کہ قرآن اس معاشرے پر اثر انداز ہو چکا تھا۔
- "کارپس قرآنیکم" منصوبے کے منتظمین اس منصوبے کو اپنے ثقافتی ورثے کی بازیافت اور اس کے مطالعے کا ذریعہ قرار دیتے ہیں۔ اگر ان کے الفاظ صداقت پر مبنی ہیں تو وہ قرآن کو اپنا ثقافتی ورثہ تسلیم کر رہے ہیں۔ پھر اس منصوبے کا ناظم مائیکل مارکس اپنے ایک مضمون میں اس خواہش کا اظہار کرتا ہے کہ قرآن کو مغربی معاشرے میں وہی مقام ملنا چاہیے جو انجیل اور بائبل کو حاصل ہے، کیوں کہ ان تمام کتب کا نقطۂ آغاز مشترک ہے، یعنی مشرقِ وسطی۔ یہ صورتِ حال امتِ مسلمہ کے لیے لمحۂ فکریہ ہے کہ اہلِ مغرب میں سے اس طرح کے جذبے کے حاملین کے ساتھ مکالمے کی راہ اختیار کرتے ہوئے ان کے منہج میں موجود خامیوں کی اصلاح کی جانی چاہیے۔

۵۔ مسلم محققین کے لیے سفارشات

گذشتہ سطور میں زیرِ مطالعہ منصوبہ جات کی اہمیت و اثرات پر کی گئی بحث کی روشنی میں یہ بات توبلا خوفِ تردید کہی جا سکتی ہے کہ مسلم محققین ان منصوبوں سے چشم پوشی کی متحمل نہیں ہو سکتے بالخصوص آج کے دور میں جب کہ انتہائی ترقی یافتہ ذرائع ابلاغ کی بدولت معلومات کا بہاؤ دنیا کے کونے کونے میں پہنچ چکا ہے۔ اس صورت حال میں عام اذہان کے گم راہ ہونے کے امکانات بہت بڑھ گئے ہیں، کیوں کہ بہت کم لوگ اس قابل ہوتے یا اتنا تردد کر سکتے ہیں کہ حقیقت تک پہنچنے کے لیے مستند معلومات اور تحریف شدہ معلومات میں امتیاز کر سکیں۔ اس سلسلے میں مندرجہ ذیل اقدامات قابلِ توجہ ہو سکتے ہیں:

۵.۱- علمی و تحقیقی اقدامات

- مجوّزہ تحقیقی نظامِ عمل کا قیام افراد کی سطح پر نہیں بلکہ ایک ادارے کی شکل میں ہونا چاہیے ۔
- ضروری ہے کہ اسلامی ممالک کے تعلیمی اداروں، بالخصوص جامعات پر قرآنک ریسرچ سنٹرز میں ادارہ جاتی تحقیقات کا اہتمام ہو۔
- اسلامی ممالک کی چیدہ جامعات میں قرآن پر تحقیق کا اس طرح سے اہتمام کیا جائے کہ مستشرقین کے اشکالات اور تحقیقات تک رسائی اور ان کے سائنسی تجزیے کے اسباب فراہم کیے جائیں۔
- جامعات کے مجوزہ تحقیقی پروگراموں میں مغربی طلبہ کے داخلے کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے اور اس مقصد کے لیے وظائف کا اہتمام بھی ہونا چاہیے۔
- قرآن پر تحقیق کے پہلو بہ پہلو اسلامی جامعات میں جدید علم الکلام کو بھی بہ طورِ مضمون متعارف کروانا چاہیے تاکہ جدید علوم، بالخصوص سائنسی ترقی کے سبب مذہب کی افادیت پر جو سوالات اٹھائے جارہے ہیں، ان کے تسلی بخش جواب منظم اور مدلل انداز میں دیے جاسکیں۔

List of Sources in Roman Script

- Al-Azami, Muhammad Mustafa. *The History of the Quranic Text*. Al-Qalam Publishing, 2011
- Ali, Muhammad Mohar. *The Quran and the Orientalists*. Ipswich, Suffolk, UK: Jam'iyat Ihyaa' Minhaj al Sunnah, 2004
- Arberry, Arthur, J. *The Koran Interpreted*. London: George Allen & Unwin Ltd.
- Blanks, David R. and Michael Frasseto, eds. *Western views of Islam in Medieval and early Modern Europe*: Perception of Other. N.Y. USA: St. Martin's Press, 1999
- Bucaille, Maurice. *The Bible, The Quran and Science* Translation in English by Pannell, Alaistaire D. and Maurice Bucaille. Third Millennium Press
- Bucaille, Maurice. *Moses and Pharaoh: The Hebrews in Egypt*. Tokyo: NTT Mediascope Inc., 1995
- Curtis, Michael. *Orientalism and Islam*: Thinkers on Muslim Government in the Middle East and India. UK: Cambridge University Press
- Daniel, Norman. *Islam and the West*. Ireland: Edinburgh University Press, 1980
- Donner, Fredrick, *M. Narratives of Islamic Origin: The Beginning of Islamic Historical Writing*. Princeton, 1998
- Goldziher, Ignac. *Muhammedanische Studien*. 1889-90 (English Translation: Muslim Studies, Albany, 1977)
- Goldziher, Ignac, *Mohomedanische Studien*, Vol.II Translated into English by Barber, C.R. and S.M. Stern, under the title: Muslim Studies, Vol.II London, 1971
- Hoyland, Robert G. *Seeing Islam as Others Saw it*. Princeton, New Jersey, USA: The Darwin Press, 1997
- Jeffery, Arthur. *Materials for the History of the Text of the Quran*. Leiden: Brill,1937

- Johnston, James Howard. *Witness to a World Crisis*. London: Oxford University Press, 2010,
- *Le Codex Parisino-Petro Politanus: English Summary* by Francois Deroche, Brill, 2009,
- Margoliouth, David S. *Mohammed and the Rise of Islam*. Cosimo Inc. 1905
- Mingana, Alphonse & A.S. Lewis. *Leaves from three Ancient Qurans*. Cambridge University Press, 1914
- Muir, William, *The Life of Mohammed*, Smith, Elder & Co., 1861
- Nevo, Yehuda D., & Judith Koren, *Crossroads to Islam*. N.Y.: Prometheus Books, 2003
- Newman, N-A, *The Quran: An Introductory Essay* by Theodor Noldeke. Pennsylvania, USA: Interdisciplinary Biblical Research Institute, 1992
- Quran Quotations Preserved on Papyrus Documents, 7th-10th Centuries and the problem of carbon dating early Qur'ans. Leiden: Brill, 2019
- Robert, A. and A. Feniller. *Interpreting the Scriptures* translated by P-W. Skelan, N.Y., 1969
- Said, Edward W. *Orientalism*. London, England: Penguin Books, 1979
- Said, Edward W. *Covering Islam*. New York, USA: Vintage Books, 1997
- Sinai, Nicolai. *The Quran: A Historical-Critical Introduction*, Edinburgh, UK: Edinburgh University Press, 2017
- Taylor, R.E. Radiocarbon Dating: *An Archaeological Perspective*. New York: Academic Press Inc. 1987
- *The Cambridge Paperback Encyclopedia*, Cambridge University Press, 1994
- Wansbrough, J. *Quranic Studies: Sources and Methods of Scriptural Interpretation*. Oxford, 1977; The Sectarian Milieu:

Content and Composition of Islamic Salvation History. Oxford, 1978

- ❖ Watt, William Montgomery. *Muhammad at Mecca*. Oxford University Press, 1953
- ❖ Watt, William Montgomery. *Muhammad's Mecca*. Edinburgh University Press, 1988

Websites:

- ❖ "Christian Robin," Wikipedia, accessed June 26, 2021, fr.wikipedia.org/wiki/Christian_Robin trans. Google
- ❖ "Glossarium," Wordsense, accessed June 30, 2021, https://www.wordsense.eu/glossarium/.
- ❖ " The Academy: Awards", BBAW, accessed June 23, 2021, www.bbaw.de/die-akademie/auszeichnungen
- ❖ "About the Project", Corpus Coranicum, accessed June 22, 2021, https://corpuscoranicum.de/about/index.
- ❖ "Documenta Coranica" Coranica, accessed June 29, 2021, www.coranica.de /documenta-coranica-en
- ❖ "Revisionist School of Islamic Studies", Wikipedia, accessed June 2, 2021 https://en.wikipedia.org/wiki/Revisionist_school_of_Islamic_studies
- ❖ " About us", Leiden University, accessed June 5, 2021, https://www.universiteitleiden.nl/en/about-us.
- ❖ " Academies Programme" Union of the Academies, accessed June 23, 2021, https://www.akademienunion.de/en/research/the-academies-programme.
- ❖ " Codex Amrensis", Brill, accessed July 03, 2021, www.brill.com/view/title/36027
- ❖ " Francois Deroche", Wikipedia, accessed June 26, 2021, en.wikipedia.org/wiki/francois_deroche

- “ Glossarium Coranicum”, Coranica, accessed June 29, 2021, www.coranica.de/glossarium-coranicum-en
- “ Iconoclastic Controversy”, Encyclopedia Britannica, accessed June 09, 2021 https://www.britannica.com/event/Iconoclastic-Controversy
- “ MA VI 165”, Islamic Awareness, last updated Aug 20, 2020,
- “ Members”, AIBL, accessed June 24, 2021, https://www.aibl.fr/members/
- “Ms.or.fol.4313”, Corpus Coranicum, accessed July 20, 2021,
- “Or.14.545b”, Islamic Manuscripts, accessed July 20, 2021,
- “Paleography”, Encyclopedia Britannica, accessed June 26, 2021, https://www.britannica.com/topic/paleography
- “ Research: How do we research”, Corpus Coranicum, accessed June 29, 2021, https://corpuscoranicum.de/about/forschung
- “ Research: Textual History research”, Corpus Coranicum, accessed June 29, 2021, https://corpuscoranicum.de/about/forschung.
- “ Research: What is being researched”, Corpus Coranicum, accessed June 29, 2021, https://corpuscoranicum.de/about/forschung.
- “ Sanaa Manuscript”, Wikipedia, last edited May 24, 2021, en.wikipedia.org/wiki/sanaa_manuscript
- “ Sitz im Leben”, Wikipedia, last edited February 21, 2021, en.wikipedia.org/wiki/sitz_im_Leben
- “ Texts from the Environment of the Koran”, Corpus Coranicum, accessed June 27, 2021, https://corpuscoranicum.de/kontexte/uebersicht.
- “ The Academy”, BBAW, accessed June 23, 2021, www.bbaw.de/die-akademie

- ❖ " The Academy", BBAW, accessed June 23, 2021, www.bbaw.de/die-akademie
- ❖ " The Academy", BBAW, accessed June 23, 2021, www.bbaw.de/en/the-academy
- ❖ " The Academy", BBAW, accessed June 23, 2021, www.bbaw.de/en/the-academy
- ❖ " Willard Libby", Wikipedia, accessed June 24, 2021, en.wikipedia.org/wiki/Willard-Libby
- ❖ "About Main", Brill, accessed June 05, 2021, https://brill.com/page/AboutMain/about
- ❖ "Angelika `Neuwirth", Wikipedia, last edited June 25, 2021, en.wikipedia.org/wiki/angelika-Newirth
- ❖ "Centre of Islamic Studies", SOAS, accessed on June 05, 2021, www.soas.ac.uk/islamicstudies
- ❖ "Codicology", Wikipedia, accessed June 26, 2021, en.wikipedia.org/wiki/codicology
- ❖ "Commentary", Corpus Coranicum, accessed July 14, 2021, https://corpuscoranicum.de/kommentar/einleitung.
- ❖ "LUCIS ", Leiden University, accessed June 5, 2021 https://www.universiteitleiden.nl/en/humanities/centre-for-the-study-of-islam-and-society
- ❖ "Research Topics: Religion: Religions: Islam: Muslim Americans, PEW Research Center, accessed July 31, 2021, https://www.pewresearch.org/fact-tank/2018/01/26/the-share-of-americans-who-leave-islam-is-offset-by-those-who-become-muslim/
- ❖ "Research: Academy Projects" BBAW, accessed June 23, 2021, www.bbaw.de/forschung/akademienvorhaben
- ❖ "Research: Irankoran", BBAW, accessed July 13, 2021, www.bbaw.de/en/research/irankoran
- ❖ "Sergio Noja Noseda", Wikipedia, accessed on June 26, 2021, en.wikipedia.org/wiki/Sergio_Noja_Noseda.

❖ “The Academy: Employees: Michael Joseph Marx: To Person”, BBAW, accessed June 26, 2021,

❖ Ahmed Shaker, “ The life, works and contribution of Sergio Noja Noseda to Quran Manuscript Studies”, Quran Manuscripts, uploaded November 14, 2020, https://quranmss.com/.

❖ bbaw.de/die-akademie/mitarbeiterinnen-mitarbeiter/marx-michael/zur-person

❖ Coranica, accessed June 30, 2021, http://www.coranica.de/front-page-en.

❖ en.wikipedia.or/wiki/Berlin_Brandenburg_Academy_of_Sciences_and_humanities, last edited on February 18, 2021

❖ http://www.islamicmanuscripts.info/courses/arabic_manuscripts/or14545b-c.pdf

❖ https://digilib.bbaw.de/digitallibrary/servlet/Scaler?fn=/silo10/Koran/ms-stabi-4313/2a.jpg&dw=800

❖ https://edoc.bbaw.de/frontdoor/index/index/docId/799,

❖ https://en.wikipedia.org/wiki/Acad%C3%A9mie_des_Inscriptions_et_Belles-Lettres

❖ https://www.islamicawareness.org/quran/text/mss/tubingen.html

❖ http//edoc.bbaw.de/oa/preprints/re95e92DQem2g/PDF/29Ej10bKIM1b.pdf

❖ www.paleocoran.eu

❁ ❁ ❁ ❁ ❁